
Bloody
vampire love

# Boody Vampire Love

## RK Writer

یہ منظر ناروے ملک کا تھا جہاں پر چھے مہینے شام اور چھے مہینے صبح ہوتی تھی اور یہ مہینہ شام کا چل رہا تھا جس میں صرف ایک مہینہ باقی تھا وہاں پر ڈارک نائٹ کلب میں اس وقت میوزک بیٹ میں سب دھن لڑکے لڑکیاں ڈانس کر رہی تھے مگر سٹول پر بیٹھا وہ مسلسل ڈرنک کر رہا تھا اس وائن میں نجانے ایسی بھی کیا چیز تھی جو وہ بار بار اپنے لبوں سے پیتا سکون لے رہا تھا

ہے یو مائکل ادھر کیا کر رہے ہو کمون یار ڈانس کرتے ہے چلو

چارلی نے اسکے پاس آتے کہا مائکل نے کوئی بنا جواب دیے اس کلب کو چھوڑ وہاں سے باہر نکل گیا

چارلی نے نفی میں سر ہلایا مگر تھوڑی دیر بعد وہاں پر بیلا آئی اور وہ دونوں ڈانس کرنے لگ جاتے ہے

مائکل باہر آیا تو ہر طرف دھند ہی دھند نظر آئی یہ وہ لمبے سے کوٹ سیاہ کوٹ بلیک پینٹ اور بلیک ہی شرٹ جسکے اوپر والی چند بٹن کھولے تھے اسکی باڈی کافی متاثر کرتی تھی وہ بلکل

سفید بدام جیسا تھا بال سیاہ تھے وہ ہمیشہ شیونگ میں رہتا تھا اسکی آنکھومیں نجانے ایسی کیا کشش تھی کہ جو بھی دیکھتا دیکھتا ہی رہ جاتا

گاڑی کے پاس آتے وہ اپنی ریڈ کلر کی گاڑی کو چابی سے لاک ان کرتے اندر بیٹھتا ہے

چند منٹ بعد وہ اسکو ہواؤں میں اٹھاتے وہاں سے چلا گیا

oooooooo

پلیزززہیلپ می یوری بڑی ہیلپ می پلیزززز

وہ مسلسل اس سڑک پر بھاگ رہی تھی مگر کوئی بھی اسکی مدد کرنے والا نہیں تھا کپڑوں سے تو کوئی پیزا ڈیلیوری والی لگتی تھی وہ آڈر دینے راستے میں چند لڑکو کو دیکھ کرا گنور کر دیتی ہے مگر زیادہ وقت وہ اگنور کر نا سکی وہ لڑکے اسکے پیچھے لگے اسکو ڈرا رہے تھے اسنے اپنی سکوٹی کو ویکی پر روک سڑک سے رخ اس جنگل میں کیا وہاں پر چند جھاڑیوں کو عبور کرنے کے بعد اسنے ایک شاندار گھر کو دیکھا اور وہی پر چھپنا مناسب سمجھا

نزدیک آنے پر یہ گھر بہت ہی بڑا نظر آیا ویسے تو کسی کا فام ہاؤس معلوم ہوتا تھا اس لیے وہ اسکے اندر چلی گئی جسکا دروازہ بھی کھلا ہوا تھا

وہ رہی لڑکی جلدی سے پکڑو اسکو آج باس کو یہ لڑکی دے کر ہی رہے گے

اسنے ان لڑکو اپنی طرف آتے دیکھا تو فوراً سے دروازہ بند کر دیا

نہیں روک جاؤیہ۔۔اس گھر میں نہیں جانا۔
ایک لڑکے نے کہا تو باقی سبھی بھی دیکھنے لگے
مگر کیوں ہم اسکو پکڑ لے گے
نہیں تمہیں نہیں پتا یہاں پر کوئی نہیں جاتا ایک امیر زادے کا فام ہاؤس ہے اگر اسکو پتا چلا
تو جان سے ماردے گا چلو یہاں سے اگر اپنی زندگی چاہتے ہو
وہ سبھی لڑکے وہاں سے چلے گے
اس لڑکی نے اپنا رخ مڑ کر دیکھا تو پورے ہام میں بس اندھیرا ہی اندھیرا تھا اوپر شیشے کی کھڑکی کی وجہ سے بس تھوڑی سی چاند کی روشنی آرہی تھی وہ آگے بڑھتی ہر چیز کو دیکھتی خیران تھی بے شک وہاں پر سبھی چیزیں بے ش قیمتی تھی
وہ اب ہال کی سیڑھیوں کی طرف رخ کرتی وہاں سے اوپر جاتی ہے
ایک کمرہ نظر آنے پر وہ اسکو کھول اندر داخل ہوئی تو سامنے دیکھ کر اسنے اپنی سانس روکی دیوار کے ساتھ ایک لمبی سے الماری جس میں وائن کی لائنیں ہوئی تھی کیا یہاں پر رہنے والا انسان شرابی تھی اسنے جلدی سے اپنا رخ کمرے سے باہر کیا اور واپس بھاگی
مائکل گاڑی پارک کرتا فام ہاؤس میں داخل ہوتا ہے اسنے نوٹ کیا کہ اندر سے ڈور بند ہے اور

تبھی اچانک ایک لڑکی نے دروازہ کھول دوڑ لگائی اور بے ساختہ وہ مائکل سے ٹکرائی مائکل اس لمحے سے واقف نہیں تھا اس لیے وہ پیچھے کی طرف زمین پر گرا

اس لڑکی نے ایک بار بھی پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا اور وہاں سے بھاگی جبکہ مائکل نے اٹھتے اسکو جاتے دیکھ غصہ کیا

پاگل بلی کیا میں اسکو نظر نہیں آیا اور یہ میرے گھر پر کیا کر رہی تھی کہیں چور تو نہیں تھی یہ لڑکی

مائکل نے خود کو سنبھالا

خیر البتہ مجھے کیا لگے

وہ اپنے کوٹ کو جھاڑتا کہتا ہے مگر اس لڑکی کے ٹکرانے کی وجہ سے اسکی خوشبو اسکے کپڑوں میں سما گئی وہ ساکت سا اسکو اپنے اندر اتار رہا تھا

یہ تو انسان تھی مگر وہ یہاں پر کیا کر رہی تھی اور اسکی خوشبو۔ اسکی خوشبو مجھے پیاسا کیوں کر رہی ہے اس لیے ہی میں انسانوں سے دور رہتا ہوں مگر جو بھی ہو اس میں ایک الگ ہی طلب ہے

اسنے اپنا رخ اندر کیا اور ہال سے گزرتے وہ اپنے کمرے میں گیا

وہاں سے ایک وائن لیتے وہ فام ہاؤس کے ٹیرس پر چلا گیا

میں نے خود کییے تھاکہ کبھی کسی زندہ انسان کا خون نہیں پیو گا مگر اب لگتا ہے کہ وعدہ توڑنا پڑے گا

وہ ہلکے سے مسکراتے وائن کو پتا ہے اس وائن میں بلیو کا خون تھا توڑی دیر بعد اسکو اپنے کانوں میں عجیب سی آواز سنائی دی گئی

ایک کام کرتے ہے کہ اس لڑکی کا پہلے ریپ کرتے ہے پھر باس کو دے دے گے اور ویسے بھی باس کو کونسا خواب آ جانا ہے کہ ہم نے ایسا کیا

مائکل نے ابھی اتنا ہی سنا تھا کہ اپنی آنکھیں غصے سے سرخ کی اور پل بھر میں وہ کسی بجلی کی رفتار میں وہاں سے غائب ہوا

oooooo

پلیززز مجھے جانے دو پلیززز

انکی باتیں سن وہ رونے لگ جاتی ہے

چپ ایک دم چپ بند کر اپنی بکواس

ایک لڑکا اسکے پاس آیا ور اسکے کوٹ کو اتارتا ہے

پلیزز مجھے جانے دو

چٹاخ ۔ ۔ ۔ اسے مسلسل جانے کی رٹ سن اس لڑکے نے اسکو ایک سرد تھپڑ مارا تو اس لڑکی کے لب کنارے سے پھٹے وہ اب دوبارہ نا بولی تھی

وہ اسکے کوٹ کو دور پھینکتا اب آگے کے غلط ارادے رکھتا تھا وہ لڑکی روتے آنکھیں بند کرتی ہے کہ وہی ہر وقت روکا اس لڑکی کے آنسو آنکھوں سے نکل کر زمین پر نہیں گرے تھے وہ ہوا میں ٹھر گئے وہاں پر ایک وجود ایسا بھی تھا جو ان سب سے مختلف تھا وہ حرکت کر سکتا تھا وہ آہستہ سے چلتے اس لڑکی کے پاس آتا ہے

پھر سے وہی خوشبو کی مہک اسکو پاگل کر رہی تھی اسنے خون دیکھ خود پر کنٹرول کرنا چاہا وہ اپنا مائنڈ دوسری طرف کرتا اس لڑکے کے پاس آتے اسکی گردن پر جھکتے اپنے دانت بڑے کرتا خود کو اسکے خون سے سیراب کرتا ہے

واپس پوزیشن میں آنے پر اسنے اس لڑکے کے ہاتھ سے کوٹ تھاما اور لڑکی پر پھینکنے کے انداز میں وہاں سے چلانا چاہا مگر دوبارہ سے خوشبو نے اجازت نا دی

وہ کچھ بھی ارادے رکھتا اسکے پاس آتے ٹکٹکی باندھے دیکھتا ہے جو اپنی آنکھیں بند کر رو رہی تھی اسنے ہوا میں نمی والے آنسو کو اپنے لبوں سے لگایا

اسنے لڑکی کے پاس آتے اپنا جھکاؤ اسکے لب پر کیا

ان دونوں کے لب آمنے سامنے تھے فاصلہ صرف ہوا کا تھا درمیان مائکل نے اسکی بند آنکھوں کی طرف دیکھا

پاگل بلی

وہ اتنا کہتے اپنے انگھوٹھے سے اسکے لب سے خون کو رگڑتے اپنے انگھوٹھے کو اپنے ہونٹوں سے چوم کرپیتا ہے

اسنے اپنی آنکھیں سرخ کرلی تھی وہ پھر سے ویمپائر بن رہا تھا اور وہ جب بھی ایسے بنتا تھا تب ہی وہ کسی کی جان لینے سے قاصر نہیں ہوتا تھا اسنے خودپر کنٹرول کیا

وہ اس لڑکی سے دور ہٹتے اپنی آنکھیں پھر سے سیاہ کرتا ہے

اسنے لڑکی کے پاس آتے اسکی گردن پر اپنی انگلیوں سے نبض دبائی جسکی وجہ سے وہ بیہوش ہوگئی اور پھر اس کو گود میں بھرا اور وہاں سے لے کر چلا گیا جبکہ وہ اب پھر سے سرخ آنکھیں کرتا پل بھر میں غائب ہوگیا

وقت دوبارہ سے چلا اور ہر بار کی طرح آج بھی ایک جان ہاتھ دھو بیٹھی کیونکہ جب بھی مائکل وقت کو روکتا تو کسی نا کسی کی جان ضرور جاتی اور آج بھی ایک لڑکا اس دنیا سے کوچ کرگیا جسکی مائکل کو بلکل بھی پروا نا تھی

دوبارہ سے اس کمرے میں آنے پر مائکل نے اس لڑکی کو بیڈ پر لیٹا یا دوبارہ سے آنکھیں سرخ ہو رہی تھی آج پہلی بار تھا جب اسکے فام ہاؤس پر ایک انسان رات گزرتا وہ جب بھی اسکے پاس جاتا تو فوراً سے آنکھو کا رنگ چینج ہو جاتا وہ ابھی تک اسے دور نہیں ہٹا تھا مائکل نے خود پر کنٹرول کیا

اور وہاں سے باہر چلا گیا کیونکہ وہ خود پر سے کنٹرول نہیں کھونا چاہتا تھا اسنے اب بار بار اس لڑکی کے پاس جانے سے آنکھو کے سرخ نا ہونے کا حل نکالنا تھا

oooooooooooo

چارلی اور بیلا گھر آگے تھے چارلی اپنی کلاس کے سٹوڈنٹس کی کچھ فائلز دیکھ رہا تھا لیپ ٹاپ پر جب بیلا نے اسکو پکارا

,,ہنی جلدی کرو اور کتنا ٹائم لگے گا تمہیں کام ختم کرنے میں پلیز زز ہنی جلدی کرو،،

,,بس یہی کچھ فائلز رہ گئی ہے پھر سارا ٹائم تمہارا ہی ہے میری جان،،

چارلی نے لیپ ٹاپ پر ٹائپ کرتے کہا جبکہ بیلا اسکے پاس آئی اسنے صرف بلیک نائٹی پہن رکھی تھی جس میں وہ بے حد حسین لگ رہی تھی وہ چارلی کے پاس آتی اسکے کندھوں پر ہاتھ رکھتی دباؤ ڈالتی ہے

,,ہنی یونیورسٹی میں ہی اپنا کام ختم کر کے آیا کرو کیونکہ گھر پر صرف تم میرے کام کرنے کے غلام ہو،،

چارلی نے یک طرفہ مسکرا کر لیپ ٹاپ کو بند کیا اور کندھوں پر رکھے بیلا کے ہاتھوں کو کھینچ کرا پنے اوپر جھکایا

,,وائف ہو میری زرا صبر رکھ لیا کرو اور ویسے بھی تم بھی میرے ساتھ ہی یونیورسٹی پڑھانے جاتی ہو وہاں پر تو کبھی اتنا بے چین نہیں ہوئی تم،،

,,مجھے یہ فضول قسم کی باتیں بلکل بھی نہیں کرنی تم میرے ہسبینڈ ہو کبھی خود سے بھی خیال آیا ہے کہ وائف کو خوش ہی کر دو،،

بیلا چارلی سے دور ہٹی تو چارلی یک دم اٹھ کھڑا ہوا

,,میری جان کو اتنے گلے رکھو ابھی دور کرتا ہوں،،

چارلی نے اسکو گود میں اٹھا کر صوفے پر لیٹایا وہ بیلا کے پورے وجود پر آنکھیں چھوٹی کرتا نظر دوڑاتا ہے

,,یہ مت بھولو کہ میں ایک ویمپائر ہوں جان بھی جا سکتی ہے تمہاری اگر اس طرح سے میرے سامنے آؤ گی،،

چارلی نے اپنا گرے لانگ کوٹ اتارا بیلا جلدی سے سیدھا ہوتی ہے

,,مجھے اسے کوئی فرق نہیں پڑتا کیونکہ ہم دونوں ہی ویمپائر ہے اس لیے مجھے جان کی دھمکی مت دو،،

بیلا اٹھی اور چارلی کے کندھوں پر ہاتھ رکھتی وہ اپنے لب اسکی گردن کے قریب لے جاتی ہے مگر تبھی چارلی اسکی گردن میں ہاتھ ڈالتا یک دم اسے اپنے قریب کرتا ہے

,,چارلی۔۔۔۔چارلی۔۔۔۔۔مجھے۔،،

مائکل بغیر ڈور لاک کیے اندر داخل ہوا اور سامنے سب دیکھ غصے سے چہرہ دوسری طرف کرتا کمر دیکھا دی چارلی اور بیلا جلدی سے دور ہوئے

,,چارلی مجھے تم سے بات کرنی ہے باہر آؤ اور ابھی،،

مائکل پر جیسے کوئی اثر ہی نا تھا کمرے سے باہر نکلتے وہ باہر گاڑی میں آکر بیٹھا

چارلی بھی کوٹ واپس ڈالتا کمرے سے باہر نکل کر اسکے پیچھے گیا اور گاڑی میں آکر بیٹھا

,,وہ جو کمرے میں میں نے دیکھا اس کے لیے سوری،،

مائکل نے سخت تاثرات سے کہا

,,ایٹس اوکے یار مگر تو بتا کہ کیا بات کرنی ہے تو نے جس کے لیے تو آدھی رات کو میرے گھر آیا ویسے تو کبھی میرے گھر کا رخ نہیں کیا،،

,,میں کل سے یونیورسٹی جوائن کر رہا ہوں،،

مائکل کی بات سن چارلی نے ایک زوردار قہقہہ لگایا

,,پاگل ہوگیا ہے تو جو یوں ہنس رہا ہے،،

مائکل نے غصے سے کہا تو چارلی نے اپنی ہنسی کنٹرول کی

,,اور نہیں تو کیا کروں میں۔ہا۔ایک ڈریکولا کا بیٹا مجھ سے کلاس لے گا اور وہ بھی میرا سٹوڈنٹ بن کر واہ یار۔ہاہاہا۔ویسے یہ تو بتا کہ روز لیسن یاد کر کے آیا کرے گا نا ہاہاہاہا،،

مائکل کو شدید غصہ آیا اسنے اپنی سیاہ بھوؤں آنکھو کو خون سے تر سرخ کر چارلی کی طرف دیکھا جو ایک پل میں بدل گئی تھی تو چارلی نے اپنی ہنسی کنٹرول کی اور ہاں میں سر ہلایا

ویسے یہ تو بتاؤ کہ تم دو سال بعد یونیورسٹی کیوں جوائن کر رہے ہو ہاں

میں تمہیں بتانا ضروری نہیں سمجتا

اسنے فل اگنور کیا

اچھا ٹھیک ہے یہ بتا دو کہ بلڈ تو نہیں چاہیے ورنہ میں کل ہسپیٹل جا رہا ہوں تمہارے لیے لے آؤ گا

مائکل نے ہلکا سا مسکرایا

نو نیڈ میرے پاس بلڈ ہے تمہیں چاہیے کہ مجھے بس وہ لاکٹ لا دینا کیونکہ مجھے اسکی ضرورت ہے میں نہیں چاہتا کہ واپس یونیورسٹی جوائن کرنے پر باقی سب مجھ سے ڈرے اس لیے وہ لاکٹ لا دینا

مائکل کی بات سن چارلی نے ہاں میں سر ہلایا

مگر مائکل وہ تو تم تب پہنتے تھے جب کوئی تمہیں مجبور کرے اپنی طرف اکڑ ریکٹ کرے اور ایسا کرنے سے خود کو روکنے کے لیے

چارلی نے اصل مدا رکھا تو مائکل نے پیشانی پر بل ڈالے

جیتنا کہتا ہو اتنا ہی کیا کرو

مائکل نے مزید آگے بات نا کرتے اسکو گاڑی سے باہر جانے کا اشارہ کیا اور وہ باہر نکل گیا

مگر پھر کچھ یاد آنے پر اسنے شیشے میں جھک کر مائکل سے کچھ کہا

کیا تم نے وقت کو روکا تھا

چارلی کو جواب چاہیے تھا مگر مائکل نے گاڑی وہاں سے غائب کی

صبح تو ہو گئی تھی مگر سورج کی روشنی اس وقت رات میں چاند کی کرن لگ رہی تھی ناروے ملک میں ایسا ہی ہوتا تھا نجانے وہ دنیا کے اس کونے میں کیو رہتا تھا شاید سورج کے سامنے نہیں جا سکتا تھا

مائکل شاور لے کر باہر نکلا تو وہ ابھی تک بیہوش پڑی تھی مائکل خیران ہوا کہ ابھی تک یہ ہوش میں نہیں آئی اسنے تولیے کی ایک سائڈ سے بالوں کو سہلایا وہ اس ٹائم صرف بلیک جینز میں تھا اسکی باڈی نمایا تھی اور شاور لینے کی وجہ سے تو کچھ زیادہ ہی ہوتی تھی اسنے شانوں پر تولیہ لٹکاتے اس لڑکی کے پاس آیا

کہیں مر ور تو نہیں گئی اگر ایسا ہے تو پھر مجھے خون پی لینا چاہیے کل سے پاگل کر رکھا ہے اس پاگل بلی نے

مائکل نے چہرہ اسکے چہرے کے مقابل کر کہا اور پھر لبوں کا رخ اسکی گردن کی طرف کیا مگر اسکے گیلیے بالوں کی بونڈے اس نے اپنے چہرے پر محسوس کی تو جھٹ سے آنکھیں کھول لی مگر سامنے کسی انجان شخص کو خود پر جھکے دیکھ یہی سمجھا کہ یہ لڑکا وہی ہوگا جسنے میرا ریپ کرنا چاہا اور بے ساختہ اسکو دھکا دیتے وقت ایک سر د تھپڑ اس لڑکی نے مائکل کے چہرے پر مارا مائکل کا چہرہ دوسری طرف جھٹکا تھا اسکا تولیہ نیچے فرش پر جا گرا اسکو شدید ناگوار

محسوس ہوا کہ کسی انسان نے اسکو تھپڑ مارا اسنے پل بھر میں اپنی آنکھیں بدلی تھی اور مٹھی بھینچ لی

تت۔ تمم کون ہو۔ اور میں تو یہاں۔ سے چلی گئی تھی۔ تم مجھے یہاں کیوں لائے ہو۔

کمرے کی دیوار کے ساتھ وہی وائنز کا ڈھیر دیکھ اسنے جگہ پہچان لی

مائکل نے اپنی آنکھوں کو پھر سے سیاہ کیا اور ایک ہی جھٹکے سے اسکو کندھوں سے پکڑ کر بیڈ پر لٹا دیا جبکہ وہ اسکے چہرے پر جھکتا اسکو خوف دے رہا تھا

کل رات اگر میں نا تمہیں ان لڑکو سے سیف کرتا تو وہ تمہارے ریپیسٹ بنے ہوتے

مائکل نے اپنی انگلیاں گاڑی تو اسنے سسکی بھری

ویسے کتنا اچھا ہوتا اگر انکی جگہ میں یہ کام کرتا

مائکل کے چہرے پر ہی نظر تھی مگر اسکی بات سنتے اسکی نظر اسکے بغیر شرٹ میں موجود ہونے پر خود کی جان جاتے محسوس کیا اوع اوپر سے مائکل اسکے ہونٹوں کو فوکس کرتے مزید خوف میں بتلا کر رہا تھا

سوو سوری۔ پلیزز۔ اگین سوری۔مجھے واپس گھر جانا ہے

کپکپاتے ہونٹوں کا سہارا بھی مشکل تھا مائکل ایک ہی جھٹکے سے اسے دور ہوا

نیچے چلو تمہیں گھر چھوڑ آؤ

مائکل نے وہ بات کی تھی جو وہ کہنا بلکل بھی نہیں چاہتا تھا مگر کیوں اسنے کہہ بھی دی تھی

اپپ آپکا۔ بہت شکریہ۔ مگر میں خود چلی جاؤں گی

اسنے بیڈ سے اترتے کہا تو مائکل نے غصہ کیا

دیکھو لڑکی ایک تو تم میرے گھر پر بغیر میری اجازت گھسی تھی اور اوپر سے تم نے مجھے دھکے کے ساتھ تھپڑ بھی مارا جسکا تمہیں ازالہ بھگتنا ہو گا

مائکل سوچ سے پرے کہہ گیا

اور وہ یہ ہے کہ تمہیں گھر چھوڑنے کے بعد تم مجھے اپنی کبھی شکل مت دیکھانا ورنہ میں اپنا بدلہ لینے سے پیچھے نہیں ہٹوں گا کیونکہ تمہارے لیے یہی بہتر ہو گا

وہ کہتے باہر چلا گیا لڑکی کو اپنے کیے عمل پر شرمندگی ہوئی اسنے بغیر سمجھے پوچھے اسکو تھپڑ مارا تھا مگر جو بھی ہو مائکل اس وقت اسکے قریب بھی کچھ زیادہ ہی تھا اور ایک لڑکی کے لیے یہ برداشت کرنا عزت نفس پر حرف ہے

مائکل نے خود کو نجانے کتنی مشکل سے کنڑول کیا ہوا تھا ایک تو اس لڑکی نے پاگل کر رکھا تھا اور اوپر سے تھپڑ مارنا مائکل کو شدید غصہ تھا مگر وہ اس لڑکی کو خود سے دور رکھنا چاہتا تھا اس لیے یہ سب ظبط کر گیا وہ انسانوں سے دور رہنا ہی پسند کرتا تھا

نیچے گاڑی میں بیٹھے وہ اس لڑکی کا ویٹ کر رہا تھا

وہ بلکل خاموشی سے اس ریڈ کلر کی گاڑی میں آ کر بیٹھی جو ریسینگ ٹائپ تھی اسکی فرنٹ پر ہی صرف دو سیٹ تھی

وہ خاموشی سے گاڑی چلاتا وہاں سے چلا گیا

مائکل نے اسکا نام تک نا پوچھا وہ خیران تھی کہ نام تو دور راستہ بھی نہیں پوچھ رہا

آپ نے میری ہیلپ کی اس لیے تھینکس اور میں نے اپکو۔۔۔ تھپڑ۔۔۔ مارا اسکے لیے اگین سوری

اس نے ہاتھ مسلتے کہا تو مائکل نے کوئی ریسپانس نا دیا

کتنا عجیب انسان ہے لگتا ہے منہ میں زبان ہی نہیں

اسنے دل میں کہا تو مائکل جلدی سے گاڑی کا رخ موڑا

گاڑی کے اس طرح رخ بدلنے پر وہ ڈری تھی

تمہارا رستہ یہی تک تھا اب میری گاڑی سے باہر نکلو اور کبھی اپنی شکل مت لانا میرے سامنے

مائکل نے گاڑی کے دونوں سائڈ کے ڈور کو کھولا جو اوپر کی طرف کھولے

اگین آگین آگین تھینکس اینڈ آلویز گوڈ بائے

وہ جلدی سے کہتی گاڑی باہر نکلی اورسائیکل نے بھی گاڑی وہاں سے غائب کی مگر تھوڑی دیر بعد اسنے سڑک کے دوسری طرف رخ کیا تو ایک کیفے نظر آیا جو اسکی مم کا تھا وہ وہی کی طرف چلنے لگی مگر پھریاد آیا کہ اسکو کیسے پتا تھا کہ میرا گھر یہاں پر ہے اسنے جلدی سے اس راستے کی طرف دیکھا جہاں سے وہ گاڑی لے کر چلا گیا تھا

نجانے کیسا انسان ہے عجیب مخلوق ۔ خیر مجھے کیا شکر ہے میری جان تو بچ گئی مگر بیچارے کو فری میں تھپڑ مل گیا چلو خیر ہے مجھے کیا لگے مگر مجھے اب دوبارہ ان لڑکو سے بچ کر رہنا پڑے گا پتا نہیں انکا باس کیوں میرے پیچھے ہاتھ دھو کر پڑ گیا ہے آخر کیا چاہیے اسکو مجھ سے وہ خود سے باتیں کرتی سڑک کے دوسری طرف اس اوپن کیفے میں آئے اور پھر شیشے کا ڈور کھولتے وہ اندر چلی گئی سامنے اسکی مم کاؤنٹر پر بیٹھی آرڈر دے رہی تھی

بریندڑا کہاں تھی تم کل رات

لیزا نے پریشانی سے پوچھا

مم مجھے کچھ نہیں ہوا بس کل ایک فرینڈ مل گئی تھی راستے میں اور ہم وہی اسکے گھر چلی گئی

لیزا نے ایک نظر باہر ڈالی

مگر سکوٹی کدھر ہے ؟

برینڈا خیران ہوئی کہ میں اب کیا جواب دو مگر تھوڑی دیر بعد وہاں پر ایک آدمی آیا اور برینڈا کی سکوٹی کو پارک کرتا وہاں سے چلا گیا یہ دونوں ماں بیٹی خیران تھی برینڈا کو تو اپنی ماں کو کچھ بتاتے بھی ڈر لگا رہا تھا کیونکہ اگر لیزا میڈم کو پتا چل جاتا تو کبھی بھی اسکو آڈر کے لیے نا بھیجتی مگر برینڈا اپنے ماں لیزا کے بہت ہی مشکل سے دن گزار رہی ہے برینڈا نے کل سے یونیورسٹی جوائن کرنی تھی جس کے لیے اس نے رات کو بھی آڈر لینا شروع کر دیا تھا تاکہ پیسے پورے ہو جائے یہ دونوں ماں بیٹی اس کیفے میں ایک چھوٹے سے کواٹر میں رہتی ہے جو اس کیفے کے پیچھے بنا ہوا ہے برینڈا اپنی سٹڈی کو لے کر بہت سیریس رہتی ہے

تھوڑی دیر بعد سین دوسری طرف گیا جہاں مائکل مسکرایا تھا ڈرائیو کرتے ہوئے شاید یہ اسنے کروایا تھا

*********

یہ لیں تیرا الاکٹ اب خوش ہے مگر میری ایک بات یاد رکھنا اگر یہ تم سے دور گیا تو تم دوبارہ ویمپائر بن جاوَ گے اور میں تمہاری زمیداری بلکل بھی نہیں لو گا اس لیے پلیز زز جو دو سال پھلے کر چکے ہو یونیورسٹی میں اب دوبارہ مت کرنا ابھی تو سب خیران ہو گے تیری انٹری پر

چارلی نے بلیک چین میں ایک نام (جس پر مائکل لکھا ہوا تھا تا کہ کسی کو شک نا ہو) لکھا ہوا تھا وہ اسکے سامنے کیا

تمہیں میرے بارے میں اتنا سوچنے کی ضرورت بلکل بھی نہیں کیونکہ یہ تمہارا ایشو نہیں اور پلیز زا گین اس بات کا خیال رکھنا کہ دو سال پہلے گزرے گے لفظ تمہاری زبان پر نا آئے

مائکل نے پھر سے غصہ کرنا چاہا تو چارلی نے موضوع بدلا کیونکہ وہ ماضی کی یادیں بتا کر مائکل کو ہرٹ کر چکا تھا مگر اسکے لیے یہ جاننا ضروری تھا کہ وہ اب دوبارہ ایسا نا کرے جیسا وہ پہلے کر چکا تھا

اچھا چھوڑو یہ بتاؤ کہ بلڈ کی ضرورت تو نہیں میں کل جا رہا ہوں ہسپیٹل تو اگر چاہیے تو بتا دو کل بھی تم نے منع کیا تھا مگر میں پھر بھی پوچھ رہا ہوں

نو نیڈ اینڈ گڈ بائے

مائکل نے چئیر سے اٹھتے کہا تو چارلی نے پھر سے آواز دی

روکو مائکل۔۔۔

مائکل نے بیزاری دیکھائی

جے انکل سے نہیں ملو گے وہ تمہارا پوچھ رہے تھے

مائکل نے طنزیہ انداز میں پیچھے مڑ کر دیکھا

اووواچھا۔ تو یاد آگئی میری۔

کیسی باتیں کرر ہے ہو تمہارے ڈیڈ ہے وہ

مائکل نے اپنی مٹھی پیچ لی

نہیں ہے وہ میرے ڈیڈ اور پلیز زز آج کے بعد کہنا بھی مت ورنہ تم مجھے دیکھنے کو بھی ترسو گے جس طرح میں ان کو ترسا رہا ہوں

مائکل نے اس اندھیرے کمرے سے باہر رخ کیا تو سامنے بیلا نظر آئی جو شاید چارلی سے بات کرنے کے لیے اندر آرہی تھی اس نے بیلا کو اگنور کیا اور وہاں سے چلا گیا

اب یہ کیا کرنے آیا تھا یہاں پر؟

بیلا نے مائکل کی کمر کی طرف اشارہ کرتے کہا

کچھ نہیں بس لاکٹ لینے آیا تھا

چارلی مے نارمل انداز میں کہا

اووواچھا مگر کیوں۔؟

بیلا صوفے پر بیٹھے چارلی کے پاس آکر بیٹھی

یار مجھے کیا پتا کہ کیوں ہاں شاید کہ اب بدل رہا ہے اس لیے

چارلی نے بیلا کے گرد بازوں کائل کیے

تمہارا مطلب کہ کل سے بیلا یونیورسٹی آیا کرے گا چارلی تمہیں اچھے سے پتا ہے نا کہ دو سال پہلے کیا ہوا تھا۔

چارلی کے سینے پر سر رکھتی نیم سرگوشی نما کہتی ہے

ہمیں نہیں لگتا کہ اس بارے میں کبھی بات کرنی چاہیے کیونکہ وہ جانے اور اسکا باپ ہمیں تو بس اپنے سے مطلب ہونا چاہیے

چارلی نے بیلا کو بوسا دیا

نہیں چارلی دھوکا اس لڑکی نے دیا تھا مائکل کو اس لیے سارا بلیم اس لڑکی کو جانا چاہیے تم پلیز زز مائکل کو سمجھاؤ کہ کے انکل کے ساتھ وقت گزرا کرے انکو معاف کر دے

بیلا کو اپنی پناہ میں لے کر بھی وہ بار بار ارد گرد کی باتیں کر رہی تھی جو چارلی کو عجیب لگا

مجھے تو لگا کہ تمہیں مجھ سے آج کچھ ضرورت سے زیادہ ہی گلے شکوے ہو گے کیونکہ میں نے کل وقت نہیں دیا تمہیں مگر تم تو خوش ہو

چارلی نے اسکا چہرہ اوپر کیا

نہیں ایسی بات نہیں بس مائکل کے بارے میں سیریس رہتی ہوں کل یونیورسٹی جوائن کرے گا پتا نہیں اب آگے کیا ہو گا

چارلی نے اٹھتے بیلا کو اپنے باہوں کے حصار میں لیا اور بیڈ پر لا کر اسکو بیٹھا دیا جبکہ وہ خود زمین پر بیٹھ کر اسکی ہائی ہیلز کو اتار رہا تھا

میں چاہتا ہوں کہ ہم دونوں ایک دوسرے کو وقت دے ایک ایسا وقت جو ہمیں اک دوسرے کے قریب کرے میں زیادہ وقت نہیں خود پر کنٹرول رکھ سکتا

چارلی نے سر اٹھا کر کہا تو بیلا مسکرائی چارلی نے آہستہ سے اوپر ہوتے بیلا پر اپنا سایا کیا جبکہ وہ بیڈ کراؤن کے ساتھ ٹیک لگاتی ہے

چارلی نے اپنی جیکٹ کو اتارا اور بیلا کی طرف رخ کیا اسنے ایک ہی پل میں بیلا کو خود میں قید کیا اور وقت وہی پر تھم گیا

**************

,, تو سفر میرا ہے تو ہی میری منزل

تیرے بینا گزارا اے دل ہے مشکل

مجھے آزماتی ہے تیری کمی

میری ہر کمی کو ہے تو لازمی

مائکل جب سے واپس فام ہاؤس میں آیا تھا تب سے اسکو بار بار سینو یاد آرہی تھی اسنے پہلی بار اگر کسی سے پیار کیا تھا تو وہ سینو تھی مگر جب سینو کا کیسی اور لڑکے کے ساتھ ریلیشن

شپ پتا چلا تب سے اسکو سینو سے نفرت ہو گئ تھی مگر انسان کبھی پہلی محبت کو بھول نہیں سکتا پھر چاہے ڈھیروں ڈھیر نفرت کر لو اسنے اپنا گھر اسی وجہ سے چھوڑ دیا تھا کیونکہ ان سب میں کچھ اسکی فیملی کا بھی ہاتھ تھا

یہ روح بھی میری یہ جسم بھی میرا

پر اتنا میرا نہیں جتنا ہوا تیرا

تو نے دیا ہے جو وہ درد ہی صحیح

تجھ سے ملا ہے تو انعام ہے میرا

میرا آسماں ڈھونڈنے تیری زمین

میری ہر کمی کو ہے تو لازمی

اسنے آج فول ڈرنک کی تھی وہ مسلسل ڈرنک کر رہا تھا جیسے اگر یہ نہیں تو کچھ نہیں اسنے ہاتھ میں موجود شیشے کے گلاس کو بے ساختہ توڑ دیا اور اپنا ہاتھ زخمی کر لیا مگر اسکے زخم وقتیں تھے جو چند لمحوں بعد بھر گے

اہہہہ۔ اہہہہہہہہہہہہہہہہ۔ اسنے دل خراش چیخ سے میز پر پڑی وائن کو زمین پر دے مارا

ہاہا۔۔ ہاہاہاہاہاہاہاہاہا۔۔ وہ جو ابھی درد سے چیخ رہا تھا اب پاگلو کی طرح ہنسنے لگ پڑا

آئی ہیٹ یو ڈیڈ، سیم اینڈ سینو آئی ہیٹ یو آلویز

مائکل نے اپنے ہاتھ کی طرف نظر کی جو پل بھر میں ٹھیک ہو گیا تھا

زخم دیتے ہو کہتے ہو سیتے رہو

جان لے کر کہو گے کہ جیتے رہو

مائکل نے ہاتھ کو ہوا میں جھٹکا اور بیڈ پر آ کر لیٹ گیا اسنے آنکھیں بند کی اور گہری نیند سو گیا مگر چند لمحوں بعد اسکے ہاتھ کی رگیں اُبھری اور سیاہ ہو رہی تھی اور وہ بے خبر تھا مگر کل کا دن کسی کو کچھ نہیں اندازہ تھا کہ کیسا گزرے گا

*********

برینڈا یار کل پہلا دن ہے یونی میں میں چاہتی ہوں کہ کل کا دن یادگار رہے۔ بس یہ کام جلدی سے ختم کر لو پھر اپنی تیاری کرتی ہوں

برینڈا کیفے سے صفائی کرتے خود سے باتیں کر رہی تھی

چلو یہ تو ہو گیا اب۔ بس کل کی تیاری رہ گئی ہے

برینڈا نے ہاتھ جھاڑتے کیفے کو بند کرتے باہر کی طرف کلوز بوڈ لگاتی وہ لائٹ کو آف کرتی ہے

جلدی سے اپنے چھوٹے سے کواٹر میں آنے کے بعد وہ اپنی یونیورسٹی کی تیاری کرنے لگ جاتی ہے کیونکہ اسکی ماں سوگئی تھی وہ اس وقت اکیلی جاگی تھی مگر اسکو کہاں اس سب کی پروا تھی وہ بہت خوش تھی۔ مگر نجانے کل کیا کچھ ہونے والا تھا

برینڈا تیار ہوتی یونیورسٹی جانے کے لیے کب سے کھڑی تھی لیزا میڈم نے اپنی بیٹی کو سمجھا بجا کر باتیں بتائی کہ کسی لڑکے کے ساتھ دوستی اور بات بھی نہیں کرنی اور فلاں فلاں۔

برینڈا بھی ہاں میں سر ہلائی جواب دیتی ہے

مم میں اب لیٹ ہو رہی ہوں پلیز ززجانے دے اوکے بائے ہیو آ گڈ ڈے مم

برینڈا کہتی کیفے سے باہر نکل آئی سامنے سڑک پر گاڑیاں ہی گاڑیاں چل رہی تھی اسنے سڑک کے کنارے پر چلنا شروع کیا عام سا لباس کھلی پینٹ بلیو کلر کی شرٹ اوپر لانگ کوٹ سفید جاگر کندھوں پر ٹیڈی بیئر والا بیک وہ بڑے ہی مزے سے چل رہی تھی جبکہ اسنے کانومیں ہیڈ فون لگا لیے تاکہ سفر مزے سے گزرے کیونکہ یونیورسٹی اسکے کیفے کے پاس ہی تھی اس لیے زیادہ وقت نہیں لگتا تھا

لالا۔ لا۔ ہممم۔ یا اھووووو۔

وہ میوزک انجوائے کرتی پاؤں سے پتھر کو ہیٹ کرتی ہے مگر تبھی وہاں پر سے تیز رفتار سے
گاڑی نے اسکو ساکت کیا وہ گاڑی بلکل اسکے مقابل سے گزری تھی اور برینڈا سہم سی گئی
اسنے اپنے دل کے مقام پر ہاتھ رکھا اور اس گاڑی والے کو حسین ترین تبغو سے نوازا
جاہل علو کا پٹھا اندھا ٹیڑھے دماغ والا پھٹیچر آنکھیں ہے اسکی
برینڈا نے چیخ چیخ کر کہا جبکہ وہ کوئی اور نہیں بلکے۔ ائکل تھا اسنے اسکی ساری بد لحاظ باتیں
سنی اور دل چاہا کہ ابھی جا کر اسکو اپنی کار کے نیچے کچل دے اور اسنے کرنا بھی ایسا ہی چاہا اور
ہو اس ہینڈل کو گھماتا گاڑی ہو بیک کرتا ہے جبکہ وہاں پر راہ گزر ایک اولڈ آنٹی برینڈا کو
جذباتی دیکھ کر ہنسی
کیا ہوا بیٹا جو اس گاڑی والے کو اتنا کیوں سنا رہی ہوں
برینڈا نے آنٹی کے پاس آتے اپنا موڈ ٹھیک کیا کیونکہ وہ ایک سٹیک کا سہارا لے کر سڑک
کراس کر رہی تھی
کچھ نہیں آنٹی وہ بس جو بھی تھا بلکل جاہل تھا اگر میری جان کو کچھ ہو جاتا جو میرے اندر بستی
ہے تو پھر میں نے تو بائے بائے کر جانا تھا
برینڈا نے برا منہ بناتے کہا تو یہ عورت نے اپنی ہنسی کنٹرول کی
یور ہارٹ سو سویٹ چلڈ اینڈ گاڈ بلیس یو کیوٹی گرل

برینڈا کافی خوش ہوئی اپنی اتنی تعریف سن کر اسنے ہوا میں سانس خراج کیا اور مسکرائی مگر
پھر برینڈا نے انکو سڑک کراس کروانے کے لیے ارد گرد دیکھا فی الحال تو کوئی گاڑی نظر نا
آئی تھی
مائکل نے گاڑی کو روک کر باہر نکل کر دیکھا تو برینڈا نظر آئی اسنے گاڑی کا ڈور پٹک کر بند
کیا اور اسکی طرف اپنا رخ کیا
ویسے آنٹی آپ نے بتایا نہیں کہ آپ کہاں رہتی ہے
برینڈا نے ارد گرد دیکھتے پوچھا تو اس عورت نے مسکراتے جواب دیا
یہی پر رہتی ہوں وہ اس بالکنی میں جو فرنٹ پر گھر ہے وہ میرا ہے
انہوں نے ہاتھ کے اشارے سے جواب دیا
اوکے پھر میں اپکو وہاں پر ہی چھوڑ دیتی ہوں کیونکہ میں یونیورسٹی سے لیٹ ہو رہی ہوں
وہ انکو وہی انکے گھر کے قریب چھوڑی گڈ بائے کرتی وہاں سے چلی گئی وہ آج بہت خوش
تھی کیونکہ اسکا پہلا دن تھا یونیورسٹی میں اس لیے وہ خوشی سے بڑے بڑے ڈنگ بھرتی
واپس اس سڑک پر آئی مگر
برینڈا نے چند قدم چلے ہی تھے کہ ایک گاڑی نے ان کو ہٹ کرنا چاہا وہ آنکھوں کو بند کرتی
خوف سے ہاتھو کو آگے کرتی اپنی طرف سے گاڑی کو روک رہی تھی مگر مائکل جو اسی کی

طرف آرہا تھا اسکو اسکی زبان میں سمجھانے کے لیے یہ سچویشن دیکھ کر اسنے گلاسز میں چھپی آنکھوں کو بدلتے وقت کو وہی پر روکا آج پھر سے مائکل وقت کو روک چکا تھا جو اسکے لیے اچھا ثابت نہیں ہوتا تھا اسنے کبھی کسی کے لیے وقت کو نہیں روکا تھا مگر برینڈا ہی کیوں تھی جس کے لیے وہ وقت کو روکتا تھا
آس پاس سبھی لوگ جم چکے تھے کوئی بھی حرکت نہیں کر سکتا تھا اور جس کے لیے یہ سب ہوا تھا مائکل اسکے پاس آیا اسنے ایک نظر کار کی طرف کی جس میں ادھیڑ عمر کا آدمی گاڑی ڈرائیو کر رہا تھا اسنے برینڈا کا بازوؤں کھینچا وہ اسکو گاڑی سے دور کر چکا تھا اور وقت دوبارہ سے چلا
گاڑی والا آگے چلا گیا مگر برینڈا کسی سمندر کی لہر کی طرح مائکل کے سینے سے ٹکرائی تھی اور آنکھوں کے مکمل کھول جانے پر اسنے پھر سے اس مائکل کو دیکھا اور پچھلی ملاقات کی طرح وہ آج بھی اسکے قریب کھڑا تھا وہ صرف اسکے سینے تک کا قد رکھتی تھی مائکل نے بڑے ہی غور سے اسکی طرف دیکھا جبکہ برینڈا نے یک دم خود کو اسے دور کیا
کیا تم کوئی ہوائی مخلوق ہو ہاں کیونکہ ابھی تو تم یہاں پر نہیں تھے پھر کہاں سے ٹپک آئے
برینڈا کو غصہ تھا ایک تو کلاس سے لیٹ ہونا اور اوپر سے مائکل کا مل جانا
اگر تم مجھے ان عجیب و غریب ناموں سے نا نوازتی تو میں شاید تمہاری یہ شکل نا دیکھتا۔

مائکل کو بھی غصہ آیا اسنے اپنے ہاتھ کی انگلیوں سے پیشانی کو مسلہ تو برینڈا کی نظر اسکے ہاتھ پر گئی جس پر سفید پٹی تھی مگر اسنے اگنور کیا

اووہیلو مسٹر آج کے دن تو جان چھوڑدو میری۔ پتا نہیں کہاں کہاں سے آجاتے ہے۔ ہو گئی نا میں لیٹ یونی سے صرف تمہاری وجہ سے

برینڈا نے اسکو کمر دیکھائی اور وہاں سے چلی گئی جبکہ چلتے چلتے بھی وہ اسکو وہی ناموسے نواز رہی تھی جو مائکل نے پھر سے سنے اسنے نفی میں سر ہلایا اور واپس گاڑی آکر بیٹھا

اس پاگل بلی نے مجھے سچ میں پاگل کر دینا ہے

مائکل نے گاڑی میں بیٹھتے کہا جبکہ برینڈا ابھی وہی غصہ دیکھاتی خود کو اب ریلکس کر رہی تھی

ooooooooo

وہ ریڈ کلر کی کار کو پارک کرتا باہر نکلا تو سفید ڈھیلی ڈھالی شرٹ جس میں سیاہ رنگ کا لاکٹ چمک رہا تھا مگر اسنے وہ شرٹ کے اندر رکھا تھا تاکہ کوئی ایشو نا بنے بلیک پینٹ پہنی تھی وہ گاڑی کے باہر پاؤں رکھتا باہر نکلا تھا سبھی سٹوڈینٹ دیکھ کر حیران تھے کیونکہ اسکی پرسنیلٹی بہت متاثر کرتی تھی

اسنے باہر نکلتے ایک نظر اس بڑی یو نیورسٹی پر ڈالی جو سیاہ بادلوں میں کسی بڑے ہارر فلم کا سین لگ رہی تھی مگر سٹوڈنٹس کی وجہ سے یہ جگہ زندہ لوگوں کی لگی اسنے اپنا بیک کندھوں پر سمبھالا اور گاڑی کو لاک کرتا وہاں سے گزرنے لگا بغیر روکے وہ چلتا گیا

ارے تم دیکھ رہی ہوں یہ تو مائکل ہے مگر اسنے دو سال پہلے چھوڑ دیا تھا نا پھر اگین سٹارٹ کر لیا ہے

دو لڑکیاں مائکل کے پاس سے گزری تو بڑی ہی خیرانی سے ایک دوسرے سے سوال کرنے لگی

مائکل نے انکو اگنور کیا اور اپنی کلاس ڈھونڈی سٹارٹ کی

ہے یو مائکل کیسے ہوں میرے بڑے بھائی ویسے تمہیں یہاں پر دیکھ کر تمہارا ویلکم بیک کرنا چاہیے

سیم اپنے ساتھ ایک پوری ٹیم بناتے مائکل کے پاس آیا وہ سبھی سیم کے دوست تھے جو مائکل کو بلکل بھی پسند نہیں تھے اب وہ دونوں کلاس کے آمنے سامنے کھڑے تھے ان میں صرف ایک کلاس کا ڈور ہی تھا جوان دونوں کو دور رکھتا تھا

اہم ۔مجھے تو لگا کہ تم کبھی سینو کے بعد اپنا چہرہ نہیں دیکھاؤ گے مگر تم تو پھر واپس آ گے ہو اس یو نیورسٹی میں ویسے یہ جو تم نے لاکٹ ڈالا ہے کہیں پھر سے کوئی ریلیشن والا تو سین نہیں بن گیا

مائکل جو کب سے اگنور کر رہا تھا سیم کی باتوں کو کیونکہ وہ اسکا چھوٹا بھائی تھا اس لیے مگر اب وہ بھی مائکل کو غصہ دیلا رہا تھا مائکل نے بغیر کوئی جواب دینے اپنا رخ کلاس کے اندر کیا

اووو ہو۔ لگتا ہے کہ سینو کے لور کو برا لگ گیا ویسے یار۔ ہے بہت اچھی تھی مگر پھر بھی کیا کر سکتے ہے کیونکہ پیار تو وہ مجھ سے کرتی تھی

مائکل نے اپنی مٹھی بیچتے اپنا غصہ کنڑول کیا جبکہ سیم پھر بھی باز نا آیا وہ کچھ کہتا اسے پہلے وہاں پر برینڈا آئی

ہیلو فرینڈز میں یہاں پر نیو ہوں پلیز آپ مجھے گائڈ کرے گے کہ یہ سیکشن کس جگہ پر ہے

برینڈا نے ہاتھ میں پکڑا سفید صحفہ دیکھتے اپنی کلاس ڈھونڈی چاہے جو اسکو مل نہیں رہی تھی اسنے ان لڑکوں کے ہجوم کو دیکھا تو انسے ہیلپ چاہی

تم ۔۔ تم یہاں پر بھی آ گے ہو۔۔ کیا ہوں تم آخر۔مجھے تو لگتا ہے کہ تمہیں مجھ سے کوئی ذاتی مسئلہ ہے

برینڈا نے مائکل کو دیکھتے کہا تو سیم لگی خیران ہوا باقی سبھی لڑکے خیران ہوئے کہ یہ مائکل کو کیسے جانتی ہے

لگتا ہے کہ آپ دونوں کو ایک ہی کلاس میں پڑھنا پڑے گا

سیم نے ہاتھ کے اشارے سے کلاس بورڈ کی طرف دیکھ کر کہا تو برینڈا نے منہ بنایا

کیا مصیبت ہے اب یہ۔

برینڈا نے دل میں کہا۔ سیم نے اسکے پورے وجود پر نظر دوڑائی۔ مائکل نے اس حرکت کو نوٹ کیا تھا مگر خاموش رہا اسنے ان دونوں سے بحث نا چاہتے ہوئے کلاس جوائن کرنی چاہی وہ مڑ بھی چکا تھا برینڈا بھی اسکے مرجانے کے بعد اپنے بیک سے کچھ ڈھونڈ رہی تھی شاید سیل فون مگر تبھی سیم نے آنکھو کو بدلتے برینڈا کی خوشبو کو محسوس کیا جو مائکل اچھے سے سمجھ گیا تھا

سیم نے اپنا رخ برینڈا کی طرف کیا جو بیگ میں سیل فون ڈھونڈنے میں الجھی تھی مائکل نے سیم کو برینڈا کے پاس جاتے محسوس کر جلدی سے مڑ کر اسکی کلائی کھینچ کر اپنے ساتھ وہاسے گھسٹنے لگا سیم نے جلدی سے آنکھو کا کلر چین گیا جبکہ اب مائکل برینڈا کو لے کر وہاں سے چلا گیا برینڈا خیران تھی کہ اس لڑکے کو میرے ساتھ مسئلہ کیا ہے تبھی اسنے اپنا ہاتھ جھٹکا

کیا تم کوئی پاگل واگل تو نہیں ہو۔

برینڈا نے ابھی اتنا ہی کہا تھا مائکل نے اسکو یک دم کھینچ کر سیڑھیوں کے نیچے کھڑا کیا جو اوپر کی کلاسس کی طرف جاتی تھی

مجھے تو لگ رہا ہے کہ پیچھا تم میرا کر رہی ہوں

مائکل نے قدم بڑھاتے کہا

کیا۔۔پیچھا کرو اور وہ بھی تمہارا

برینڈا نے اکڑ کر کہا

اوکے ایٹس ٹو مچ گڈ۔ اگر اب جان پر بنی تو پلیز میرے سامنے مت آنا اگر مرنا ہوا تو پلیز زرا جلدی کرنا کیونکہ تمہاری یہ شکل مجھے بلکل بھی پسند نہیں

مائکل نے موضوع بدل کر بار کی اور اپنی کمر دیکھائی اور وہاں سے اوپر سیڑھیوں کی طرف چلا گیا

پتا نہیں عجیب و غریب ہے یہ تو لڑکا

مجھے میری ہی جان کی دھمکی دے رہا ہے۔ مانا کہ میری ماشوم شی کی ہیلپ کی اسنے مگر یہ تو کچھ زیادہ ہی پاگل قسم کا انسان ہے

تھوڑی دیر بعد سب سٹوڈنٹس نے کلاس جوائن کی سب سے پہلا لیکچر چارلی کا تھا وہ کلاس میں آیا تو سب نے گڈ مارننگ سر کہا جبکہ مائکل عرف کھڑا ہوا تھا برینڈا فرنٹ سیٹ پر بیٹھی تھی جبکہ مائکل لاسٹ پر اور سیم برینڈا کی رو کے سینٹر پر

آئی ہوپ کہ آپ سب اچھے خاصے ہو گے بائے دی سے میں یہاں پر ہر نئے سٹوڈنٹ کو ویلکم کرتا ہوں

چارلی نے جان بوجھ کر مائکل کی طرف دیکھ کر کہا

تھینکس یو سو مچ سر

برینڈا نے یہ سمجھا کہ شاید مجھے سر نے کہا ہے کیونکہ فرسٹ ڈے تھا اس لیے سب اپنا لیے کی لگ رہا تھا جبکہ سب سٹوڈنٹس ہنسے تھے مگر سب سے پہلے سیم

پلیز زسا ئلنس ۔ یہ ہنسنے والی بات نہیں ہے میں نے سب نیو سٹوڈنٹس ہے کہا ہے اس لیے نو لافنگ

چارلی نے لیکچر سٹارٹ کیا جبکہ مائکل صرف بال پوائنٹ کو صرف ہاتھوں کی انگلیوں سے ہلا رہا تھا

سارا لیکچر سیم برینڈا اور مائکل کے بارے میں سوچتا رہا وہ بار بار برینڈا کی طرف دیکھتا تھا مائکل نے کئی بار نوٹ کیا

سرپلیز زلیسن ٹومی

مائکل نے ساری کلاس کا دھیان اپنی طرف کیا چارلی نے لیکچر کاٹتے مائکل کی طرف دیکھا
کیا میں فرنٹ پر آسکتا ہوں مجھے یہاں سے کلیر دیکھائی نہیں دے رہا

مائکل کو نجانے کونسی جیلسی فیل ہورہی تھی جو وہ یہ کہہ گیا تھا چارلی نے ہاں میں سر ہلایا جبکہ سیم اسکے آگے آنے کا مطلب اچھے سے سمجھ گیا تھا مائکل مے بیگ اٹھایا اور برینڈا کی چئیر کے پیچھے آکر بیٹھا۔ جبکہ برینڈا نے ایک بار بھی پیچھے مڑکر نہیں دیکھا تھا مائکل نے ایک نظر سیم کی طرف دیکھا اور یہ طرفہ مسکرایا جو سیم کو زہر کی طرح لگا

سارے لیکچر اچھے سے گزرے مائکل نے بھی سٹڈی پر فوکس دیا تھا مگر سیم تھا جو صرف مائکل کے لاسٹ سے اٹھ کر یہاں پر آنے کی سوچ کو عجیب سمجھا تھا

کلاس اینڈ ہونے کے بعد برینڈا نے اپنا بیگ اٹھایا اور وہاں سے چلی گئی اسنے مائکل کی طرف دیکھا تک نہیں تھا۔

سیم نے برینڈا کے پیچھے جانے کا سوچا اور اسنے کیا بھی ایسے ہی تھا مائکل کو عجیب لگا سیم کا برینڈا کے پیچھے جانا مگر پھر اگنور کرتے وہ وہاں سے باہر نکلا اور اپنی کار کی طرف آیا

وہ اکیلی لیڈز واش روم میں جاتی ہے یہاں پر فی الحال تو کوئی بھی موجود نہیں تھا اسنے بیس کے پاس آنے پر اپنا فیس اچھے سے صاف کیا

برینڈا۔ کین آئی ہیلپ یو

وہاں پر سیم کا ایک دوست آیا جسکو شاہد سیم نے ہی بیجا تھا جب برینڈا نے اسکو دیکھا تو اسنے برینڈا کو ڈرا کر رکھ دیا تھا۔ وہ سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ یہاں پر لڑکا آئے گا۔ اسنے جلدی سے باہر جانا چاہا

وہ باہر کی طرف لپکی تھی مگر تبھی ڈیم نے اسکو

پکڑکر زمین پر دھکا دے کر گرایا

چلو جلدی سے بتاؤ کہ مائکل کو کب سے جانتی ہو

برینڈا ڈری۔ وہ آہستہ سے پیچھے ہو رہی تھی

پلیززز ہیلپ می۔

وہ چیختی کہتی ہے وہ اپنے بیگ سے فون نکال کر کسی کو کال کرتی کہ تبھی ڈیم نے فون کھینچ کر زمین پر دے مارا اور ڈیم نے برینڈا کی ٹانگ پکڑکر اپنی طرف کھینچی تو تبھی ڈور کھولا

اووو۔ سوری۔ پلیززز کانٹ نیو۔

مائکل نے ڈور کو کھولتے سامنے دیکھ اپنا رخ باہر کیا مگر وہ یہاں پر کر کیا رہا تھا۔ شاید وہ برینڈا کو سبق سکھانے کے لیے یہ کہہ کر مر گیا تھا کہ جب لاسٹ ٹائم اسنے برینڈا کی ہیلپ کی تو فری میں ایک تھپڑ پڑا گیف میں تبھی تو وہ اگنور کر گیا یہ سب

پلیززہیلپ می۔ کیا تم دیکھ نہیں رہے کہ۔۔۔یہ میرے۔۔۔بتمیزی کر رہا ہے۔ پلیززز ہیلپ می

لاسٹ ٹائم تمہاری ہیلپ کی تھی ایک بار تھپڑ کھا چکا ہوں اب بار بار نہیں کھاؤ گا

برینڈا نے رونا شروع کر دیا تھا جو مائکل کو واقع میں واپس آنے پر مجبور کر گیا مائکل نے بے ساختہ ڈیم کو کندھوں سے پکڑ کر واش روم سے باہر نکالا

برینڈا نے جلدی سے اپنا سانس بحال کیا جو خوف کے مارے بگڑ گیا تھا

مائکل پلیززلیسن یار۔ میں صرف اسے یہ پوچھ رہا تھا کہ وہ تمہیں کیسے جانتی ہے۔ پلیززیار مجھے جانے دے مجھے سیم نے کہا تھا ایسے کرنے کے لیے

وہ مسلسل خوف سے کہہ رہا تھا مگر مائکل اسکو یونیورسٹی کے ٹیرس پر لاتا ہے

مجھے بلکل بھی ایسے مزا نہیں آ رہا۔ چلو کچھ نیا کرتے ہے

مائکل نے اسکو کالر سے پکڑ کر شیشے کی کھڑکی جو ٹیرس کے ارد گرد لگی ہوئی تھی اس پر جھکاتے کہا

وہ نیچے زمین کو دیکھ کر ڈرا

پلیززز مائکل میرے ساتھ ایسا مت کرو۔ پلیززز تمہیں سینو کی قسم

مائکل ابھی اپنی گرفت چھوڑنے ہی والا تھا آگے سے ڈیم کی بات سن اسنے پل بھر میں
آنکھیں بدلی اور اسکو واپس چھت پر دھکیلا
جاکر سیم سے کہہ دو اگر بریںڈا کے ساتھ کچھ بھی برا کرنا چاہا تو اسکے ساتھ جو مائکل برا کرے گا
وہ یہ ساری زندگی یاد رکھے گا
مائکل نے اپنا رخ وہاں سے باہر کیا جبکہ وہ اب دوبارہ سے لیڈزواش روم جا رہا تھا مگر
وہاں پر آنے پر اسکو بریںڈا کہیں نظر نا آئی مگر اسنے ایک چیز نوٹ کی کہ اسکا فون ٹوٹ چکا
ہے شاید بریںڈا اسکو اپنے ساتھ لے جانا ہی بھوک گئی تھی اتنے خوف میں مائکل نے اس
ٹوٹے فون کی طرف دیکھا جو اسکو برا لگا فون کے پاس آنے پر آنے فون کو اٹھایا
دیکھا جائے تو سکرین پر ڈھیروں کانچ کی لائن بن گئی تھی پیچھے سے بیٹری بھی نکل پڑی تھی
اسنے بیٹری کو اندر دھکیلتے فون کو اٹھایا اور باہر چلا گیا
oooooo
پلیز ہیلپ می گاڈ۔ پتا نہیں۔ میرے ساتھ ہی ایسے کیوں ہوتا ہے۔ میرا فون۔ ہائے میرا
فون ٹوٹ گیا
وہ تیزی سے سڑک کی سائڈلائن پر بھاگ رہی تھی

پتا نہیں پہلے وہ لڑکے اوراب یہ لڑکا۔مجھے بہت خوف آرہا ہے۔آخر ان کو مجھ سے ہی کوئی
نا کوئی مسئلہ کیوں ہوتا ہے
برینڈا نے آنکھوں سے آنسو گرائے
ہے یو پاگل بلی۔۔۔
مائکل نے پیچھے سے گاڑی روک کر کہا برینڈا نے سن لیا تھا اسنے پیچھے مڑ کر دیکھا مگر وہ مائکل
سے دور رہنے میں ہی بھلائی سمجھ بیٹھی تھی
تم سے ہوں کیا سنائی نہیں دیتا تمہیں روکو
مائکل نے گاڑی سے باہر نکلتے اسکو پیچھے سے بازوں سے کھینچ کر اپنی طرف کیا
کیا مسئلہ ہے تمہارے ساتھ۔آگے ہی تمہاری وجہ سے پوری کلاس مجھ پر ہنسی اور پھر فوج
ٹوٹا پھر میرے ساتھ برس ہونے والا تھا جو تم نے ہونے سے بچا لیا۔پلیز ززز۔مجھ پر احسان
کرو جاؤ یہاں سے
برینڈا نے نجانے ایک ہی پل میں مائکل کو اتنی سنا دی تھی اسنے برینڈا کی کھنی کو اپنے سینے پر
رکھا اور اسکا چہرہ اپنے چہرے کے مقابل کیا غور سے دیکھنے پر پتا چلا کہ مائکل نے لینز
لگائے ہوئے تھے شاید کلرز بدل جانے پر لنز نکل سیاہ تھے

تمہارا فون بلکل ٹھیک ہے نیا اس لیے نہیں دیا کہ مجھے باتیں ہی نا سناتی رہو۔ اس لیے
پورانا والا کی ٹھیک کرواکرلایا ہوں ۔ گاڑی میں رکھا ہے یہاں سے ہلنا مت ابھی لا رہا ہوں
مائکل نے کہتے اسکو خود سے آزاد کیا اور کار سے فون لاکر برینڈا کو دیا
یہ لو۔ تمہارا فون ۔ اب یہ مت کہنا کہ مجھے کیسے بتاؤ میں تمہارے ایک ایک پیسے واپس کردو
گی
مائکل نے طنزیہ کہا تو برینڈا نے کسی بلی کی طرح فوج کو جھپٹ کر پکڑا اور منہ کے زاویے
بناتی وہاں سے چلی گئی مائکل اسکو جاتے دیکھ خود بھی وہاں سے چلا گیا
مگر وہ اب سیم سے ایک ملاقات کرنا چاہتا تھا
رات کے ساڑھے گیارہ کا ٹائم تھا جب ایک گاڑی اس ویران دیکھنے والے گھر کے باہر
آکر روکی وہ گاڑی سے باہر نکلتے بڑی ہی رعب دار شخصیت معلوم ہوتا تھا بلیک جیکٹ بلیو
جینز گلے میں ریڈ کلر کا سٹولر جسکو دیکھ کر شدید سردیوں کا سین لگتا تھا نجانے اسکے چلنے میں
اتنی آنا کیوں تھی یا پھر وہ جب بھی اس گھر میں آتا تھا تب ہی ایسا بن جاتا
,, تو آگیا اپکا مائکل اسکا ویلکم بیک کریں ڈیڈ،،
سیم نے شیشے کی کھڑکی کے سامنے کھڑے ہوتے مائک کو دیکھتے کہا
,, وہ اندر نہیں آئے گا،،

سیم خیران ہواا پنے باپ کا جواب سن جبکہ جے صوفے پر بیٹھا برے ہی آرام سے وائن پی رہا تھا

,,مائکل نے ایک سر سئ نظر ڈالی اور آگے بڑ گیا

مگر چند ہی قدموں بعد اسنے ماضی کی تلخ یادیں کو سوچا اور وہی پر قدم روکے وہ سر اٹھا کر اوپر والے کمرے کی کھڑکی کو دیکھ کر مسکرایا تھا جس میں اسنے سیم کو دیکھا

,,وہ مسکرا کیوں رہا ہے ڈیڈ،،

سیم نے جے کی طرف دیکھتے کہا

,,کیونکہ وہ آنا نہیں چاہتا،،

جے نے اٹھتے کھڑکی کے پاس جانا چاہا

مائکل نے پھر سے اندر جانا چاہا مگر پھر ہمت کھوتے وہ واپس کو مڑا

آپ نے اتنے یقین سے کیسے کہا کہ مائکل نہیں آئے گا

مائکل نے سیم کی آواز سنی اور یک طرفہ دیکھ کر مسکرادیا جبکہ وہ وہاں سے واپس چلا گیا وہ خاموشی سے آیا تھا اور بغیر بات کیے یا پھر ملے وہ واپس بھی چلا گیا تھا

مائکل جب تک اپنے پرومس کو نہیں ختم کرے گا وہ یہاں پر کبھی نہیں آئے گا جب تک اسکو میری ضرورت نا پڑے اور وہ ایک دن ضرور پڑے گی

جے نے واپس صوفے پر آکر بیٹھتے کہا
مائکل نے گاڑی سٹارٹ کی اور وہاں سے چلا گیا
ایک اور دن زندگیوں کا منتظر تھا
oooooooooo

مائکل کی آج صبح سے ہی طبیعت خراب تھی اسکو ایسے فیل ہو رہا تھا جیسے اگر بلڈ نہیں ملا تو جان چلی جائے گی مگر وہ اس ٹائم یونیورسٹی میں تھا اب اسکو یہاں سے کیسے بلڈ ملتا وہ کچھ بھی نا سمجھتے یونیورسٹی کے لاسٹ سیشن میں چلا گیا جبکہ اسکو وہاں پر ایک سفید بلی نظر آئے اسے اچھا مائکل کے لیے اور کیا ہو سکتا تھا کہ ایک بلی دیکھائی دے دی مگر تھوڑی دیر بعد جب وہ اس سیشن سے باہر نکلا تو وہ اپنے لبوں پر سے خون کو صاف کر رہا تھا جبکہ وہاں پر ایک اور نے اسکی حرکت کو نوٹ کر لیا تھا مگر مائکل اسکی موجودگی کو محسوس نا کر سکا
ooooooooo

,, تم کیا ڈھونڈ رہی ہوں ،،
برینڈا یونیورسٹی میں آتے ہی سامنے ایک لڑکی کو پریشان دیکھتی کہتی ہے جو بینچ پر بیٹھی رونے والا منہ بنا چکی تھی
,, ارے یار میری کیٹ نہیں مل رہی پتا نہیں کدھر چلی گئی ہے ،،

اسنے لہجے میں افسوس کیا

,, یہی کہیں ہوگی تم ٹینشن مت لو مل جائے گی،،

برینڈا نے اسکو بڑے ہی پیار سے سمجھایا وہ اسکے کاندھے پر ہاتھ رکھتی اسکو تسلی دیتی ہے

,, میں اسے بہت پیار کرتی ہوں وہ میری کیوٹی ہے مگر پتا نہیں کدھر چلی گئ کیا تم میری مدد کروگی اسکو ڈھونڈنے میں،،

جلدی سے اٹھ کھڑے ہوتے ہوئے اسنے سپاٹ لہجے میں کہا

,, ہاں کیوں نہیں میں تمہاری ہیلپ کروگی اور ویسے بھی میرا پہلا لیکچر فری ہے مگر یار مجھے بلیو سے بہت ڈر لگتا ہے،،

برینڈا نے اٹھتے کہا اور وہ دونوں ایک دوسرے کی طرف دیکھ کر مسکرائی تھی وہ اب بلی کو ڈھونڈنا چاہتی تھی

وہ بہت ہی پیاری بلی ہے تم اسے بلکل بھی مل کر ڈروگی نہیں

,, ویسے وہ دیکھتی کیسی ہے،،

برینڈا نے کافی چلنے کے بعد پوچھا

,, وائٹ کلر کی ہے اسکے گلے میں ایک چین ہے جس پر کیوٹی لکھا ہوا ہے،،

بریندا نے سامنے آتے مائکل کو دیکھا اور فی الحال کے لیے اس بلی اور لڑکی کو بھول گئی وہ ارد گرد نظر و کو کرتا اپنے انگھوٹھے سے لب صاف کرتا چل رہا تھا جبکہ لباس ہمیشہ کی طرح جینز شرٹ اور لانگ کوٹ تھا

وہ بلکل اسکے پاس سے گزرا مگر اسنے بریندا کو اگنور کیا چہرہ دوسری طرف کرتا وہ آج بریندا کو دیکھنا بھی نہیں چاہتا تھا

بریندا نے بھی اچھا خاصا منہ چڑھایا اور اب بلی کی تلاش میں وہ دونوں اسی سیشن میں آئے مگر وہاں پر بھی کچھ نا ملا اور اوپر سے کلاس کا ٹائم ہو رہا تھا

بریندا نے اسکو کلاس لینے کا کہا جبکہ وہ انکار کر گئی یہ کہہ کر کہ میں اپنی کیوٹی کو ڈھونڈوں گی بریندا اسکو زبردستی اپنے ساتھ لے گئی

وہ دونوں جلدی سے کلاس جوائن کرتی ہے سامنے چارلی کھڑا بورڈ پر کچھ لکھ رہا تھا اسنے خاموشی سے اپنی سیٹ پر بیگ رکھا اور وہ دونوں فرنٹ پر ایک ساتھ بیٹھی جبکہ مائکل ابھی تک کلاس میں نہیں آیا تھا

چارلی نے بھی مائکل کو اگنور کرتے لیکچر سٹارٹ کیا مگر وہ اندر ہی اندر سے پریشان تھا کیونکہ مائکل نے دو دفعہ وقت کو روکا تھا جو اسکی صحت کے لیے بہت برا ہو سکتا تھا

اوکے کلاس لیکچر اینڈ ہوا آپ سب میری طرف متوجہ ہوں

چارلی نے کلاس اینڈ کرتے کہا جبکہ اب وہاں پر مائکل آیا وہ بڑے ہی آرام سے چلتا چارلی کو اگنور کرتے کلاس کے لاسٹ پر جا کر بیٹھا۔ برینڈا خیران ہوئی کہ آج سیٹ بھی چینج کر لی مگر وہ ہمیشہ کی طرح اس احساسِ مروت کو رد کر دیتی

مائے ڈیئر سٹوڈنٹس پلیز زلیسن ٹومی

چارلی نے الفاظ دبائے کیونکہ اسکو مائکل کا کلاس میں لیٹ آنا بلکل بھی پسند نہیں آیا تھا مگر وہ کر بھی کیا سکتا تھا آخر مائکل اسکا دوست تھا

اس ویک آپکے پاسینگ ایگزم کے بعد ہم ٹوڈیز کے لیے ٹرپ پر جا رہے ہے مگر اسکا یہ مطلب بلکل بھی نہیں کہ آپ اپنے ایگزیم پر فوکس نہیں دے گے جو سٹوڈنٹ پاس ہوا وہی جائے گا او کے ہے واگڈ ڈے

چارلی نے کلاس اینڈ کرتے اپنا بیگ اٹھایا اور باہر چلا گیا جبکہ مائکل اسکے جانے کے بعد خود بھی جانا چاہتا تھا مگر سیم نے پیچھے سے آواز دے کر روکا

،،میں نے سنا ہے کہ ہماری کلاس کی ایک سٹوڈنٹ کی کیٹ کہیں پر گم ہو گئی ہے ،،

سیم نے اونچی آواز اور سرد لہجے میں مائکل کی طرف دیکھتے کہا جبکہ وہ برینڈا کے ساتھ اٹھتی لپک کر سیم کے پاس آئی

،،کیا تم نے میری کیوٹی کو دیکھا ہے ،،

اسنے سپاٹ لہجے میں کہا

,,ہاں ہاں کیوں نہیں۔ ویسے تم بہت ہی کیوٹ ہو مگر ہائے تمہاری کیوٹی،،

سیم فرنٹ پر بیٹھا تھا اس نے فرنٹ سے چلتے اپنا رخ مائکل کی طرف کیا جو اپنا بیگ اٹھاتا باہر جانا چاہتا تھا مگر سیم نے اسکو روک دیا

,,میرا رستہ چھوڑو ورنہ،،

مائکل نے سخت تاثرات سے کہا

,,بروکول میں تو بس یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ جو تمہارے بیگ میں چین مجھے نظر آ رہی ہے وہ کہیں کیوٹی کی تو نہیں،،

اب تو سبھی مائکل کی طرف آئے۔ بریندا بھی خیران ہوئی

مائکل۔۔ یہ۔۔۔ یہ۔۔۔ میری۔۔

وہ ساکت سی چلتی مائکل کے بیگ سے باہر ہوا میں لٹکتی چین کو دیکھ کر فوراً پہچان گئی اب تو کلاس میں گرما گرمی کا سین بن گیا تھا

تم۔ تم۔۔ نے۔ بتاؤ۔ کہاں پر ہے میری کیوٹی۔۔

وہ مائکل کا کالر پکڑلیتی ہے مائکل نے اسکا ہاتھ ایک ہی جھٹکے سے پرے جھٹکا

میرا جتنا سٹیٹس ہے تمہاری بلیو کی تو میرے نوکروں کو بھی ضرورت نہیں پڑے گی اور تم مجھ مائکل سے بدگمان ہو ہاہاہاہ
مائکل نے ہوا میں ایک قہقہہ لگایا جبکہ بریندڑا کو وہ اس وقت بلکل عجیب سا شخص لگ رہا تھا
کیا اسکو اتنا ہی مان تھا اپنی دولت پر
وہ ساکت سی کھڑی اب ایک لفظ بھی نہیں بولی تھی جبکہ مائکل کلاس سے باہر نکلا مگر جانے سے پہلے وہ بریندڑا کی چیئر کے پاس کھڑا ہوا
،،اور ہاں آج کے بعد یاد رکھنا کہ میں مائکل معافی کسی کسی کو دیتا ہوں،،
مائکل بریندڑا کو تھپڑ یاد کروا گیا بریندڑا نے سر جھکایا جبکہ مائکل کلاس سے باہر نکلا
ooooo
وہ جب سے آیا تھا تب سے ہی اسکی طبیعت زیادہ خراب ہو رہی تھی جس ہاتھ پر پٹی تھی وہ سیاہ ہو رہا تھا وہ اپنے اندھیرے سے کمرے میں اکیلا تھا
مائکل دیوار میں لگی وائن کی لائن کے پاس جا کر ایک سٹول پر بیٹھا
،،بے تحاشا دل نے تجھ کو ہی چاہا ہے
ہر دعا میں میں نے تجھ کو ہی مانگا ہے
تیرا جانا جیسے کوئی بدعا

دور جاؤ گے جو تم مر جائے گے ہم
صنم تیری قسم صنم تیری قسم ،،
آج پھر سے موزیک کی بیٹ تھی وہی ڈرنگ کرنا جو اسکو چین دیتا تھا اسنے سیدھا وائن کو ہی لبوں سے لگاتے پینا شروع کر دیا
وہ پیچھے سٹول پر گرنے کے سے انداز میں ٹیک لگاتا آنکھیں بیچ گیا
شدید نفرت کرتا ہوں تم سے بلکے یہ لفظ بھی تمہارے لیے بہت چھوٹا ہے
وہ لبوں سے پھر وہی وائن پیتے کہتا ہے جبکہ آنکھیں کھولنے سے قاصر تھی وہ اس وقت بلکل ٹوٹا بکھرا نظر آتا تھا جس کو شاید نئ زندگی کی تلاش تھی۔۔
اب تو روز کا کام تھا جی بھر کر ڈرنگ کرنا اور پھر سو جانا اسکو اپنی بلکل بھی فکر نہیں تھی ہاتھ سے سیاہ رگیں اب سینے تک آرہی تھی جسم پر کالے رنگ کے نشان بن رہے تھے مگر اسکو زرا بھی پرواہ نہیں تھی مائکل چیئر سے اٹھتے شرابی چال چلتے بیڈ پر آکر گرا وہ نجانے کب یونہی سو گیا تھا اسکو پتا بھی نہیں چلا
شاید ہم جب ماضی کو یاد کرتے ہے تو وقت کے گزر جانے کا پتا ہی نہیں چلتا

کچھ دیر تک یونہی خاموشی رہی کمرے میں مگر پھر اچانک وہاں پر چارلی آیا اسنے مائکل کی طرف دیکھا جسکا ہاتھ بلکل سیاہ پڑ رہا تھا اسکے گلے میں موجود وہ لاکٹ اب شرٹ سے سرخ رنگ کی روشنی سے چمک رہا تھا وہ اچھے سے سمجھ گیا تھا کہ اسکی حالت ایسی کیوں ہے

میں نے تمہیں منع کیا تھا نا مائکل یہ وقت کو مت روکو مگر نہیں اب دیکھو طبیعت خراب ہو گئی نا

چارلی نے افسوس سے کہا مگر مائکل نے ایک لفظ بھی نہیں سنا تھا کیونکہ وہ اس وقت گہری نیند سو چکا تھا

چارلی اسکے پاس آتا پیشانی پر ہاتھ رکھتا ہے

اسنے محسوس کیا کہ اسکا پورا جسم ٹھنڈا پڑ رہا ہے وہ کسی برف کے فریج سے نکالا وجود لگ رہا تھا

چارلی نے جلدی سے اس کمرے میں موجود انگیٹھی میں آگ جلائی اور اسکے پاس آتے بیٹھا اسنے مائکل پر کمفرڈ اوڑھ دیا

میں نہیں جانتا کہ تم کب ماضی سے نکلو گے مگر اب سینو کبھی واپس نہیں آئے گی مائکل تم وقت کو بدلنے کی بجائے خود کو بدلو

چارلی کہتا اسکے پاس سے اٹھا اور ایک سرسری نظر ڈال کر وہاں سے چلا گیا

oooooooo

آج دو دن ہو گے تھے مائکل یونیورسٹی نہیں آیا تھا برینڈا نے پہلے دن تو اگنور کیا مگر پھر
دوسرے دن وہ رہ نا سکی کیونکہ اسنے برینڈا کی ہیلپ کی تھی آخر اسکو بھی اسکی فکر لاحق تھی
اس لیے چارلی کے کیبن میں جاتی وہ مائکل کا پوچھتی ہے
مے آئی کم ان سر
برینڈا نے پوچھا تو چارلی نے فائل سے سر اٹھا کر دیکھا
یس۔
وہ ایک لفظ میں جواب دیتا واپس مصروف ہو جاتا ہے
سر مجھے آپ سے بات کرنی تھی۔
چارلی نے ابھی بھی سر نا اٹھا
یس بتائے کیا بات کرنی ہے
سر مائکل یونیورسٹی کیوں نہیں آرہا؟!؟
برینڈا کا سوال تھا کہ کیا جو چارلی نے ساختہ سر اٹھا کر اسکی طرف دیکھا
اسکی طبیعت بیٹر نہیں ہے دو دن سے اس لیے لیو پر ہے مگر آپ کیوں پوچھ رہی ہے

چارلی نے جواب دے کر سوال کا اب بریںڈا پر پہاڑ گرایا وہ اپنی ہتھیلیوں کو مسلتی جواب دینا
چاہتی تھی مگر وہ نروس ہو رہی تھی
یس بریںڈا آئی تھنک اپکو جا کر کلاس جوائن کرنی چاہیے
چارلی نے اسکو خود سے ہی جانے کہا وہ فوراً سے باہر بھاگی جبکہ وہاں پر بیلا آئی
چارلی نے بیلا کو دیکھتے فائلز کو بند کر رکھا
ہنی مجھے کچھ کہنا ہے
بیلا چارلی کے پاس آتی کھڑی ہوئی
یس مائے لو پلیز ٹیل می
چارلی نے اٹھ کر اسکو شانو سے پکڑ کر میز پر اپنی چیئر کے سامنے بیٹھایا جبکہ اپنا جھکاؤ اسکے
چھرے پر کیا وہ دونوں ہاتھو کو اسکے گرد میز پر مظبوط کر گیا تھا
آج رات ڈینر پر چلیے
بیلا نے چارلی کے کان میں نیم سرگوشی نما کہا تو چارلی ہلکا سا مسکرایا
ہمم اوکے بٹ ڈریس جو مجھے پسند ہے تم وہی پہننا
چارلی نے پیچھے ہٹتے بیلا کو خود سے آزاد کیا
مگر تبھی بیلا نے چارلی کی شرٹ کو مظبوطی سے تھامے واپس خود پر جھکایا

لیسن

وہ آنکھومیں آنکھیں ڈال کر کہتی ہے چارلی خیران تھا

وہ ایک لفظ بھی نہیں بولا تھا

آئی لو یو چارلی

بیلا نے چارلی کے سینے پر سر رکھ کر کہا تو چارلی نے بھی اسکے گرد اپنے بازوؤں حائل کیے

می ٹو

وہ نظریں بیلا کی طرف کرتا اسکے بالوں میں شدت سے لب رکھتا بوسا دیتا ہے بیلا نے چارلی کی قربت میں سکون محسوس کیا

ooooooooooo

وہ یونیورسٹی سے باہر نکلی تھی تو اسنے مائکل سے ملنا چاہا وہ اب مائکل کو سیریس لے رہی تھی مگر کیوں یہ وہ خود بھی نہیں جانتی تھی اسنے بس ایک حال پوچھنے والی چند منٹوں کی ملاقات کا سوچھا اور کیا بھی ایسے ہی

وہ سفر کو طے کرتی پھر سے ایک بار اسی فام ہاؤس کے باہر کھڑی تھی آج بھی اسکو دیکھ کر بریندا کو ڈر لگا مگر پھر ہمت کرتی وہ آگے بڑھی

اسنے ہال کت اندر قدم رکھا

بلکل خاموشی تھی پہلے جیسی وہ اوپر والے کمرے میں جانے کا سوچتی سیڑھیوں کو عبور کرتی ہے مگر تبھی اسکی نظر وہاں پر پیرل کے پاس ایک سیاہ بلے پر گئی جسکی آنکھوں میں بس سبز لکیر تھی باقی وہ سارے کا سارا کالے رنگ کا تھا برینڈا نے اسکو یہاں پر پہلی بار دیکھا تھا اصل میں وہ اس بلے سے ڈر رہی تھی

میاؤ۔۔۔۔ میاؤ۔۔۔۔ میاؤ۔۔۔۔۔

بلا اپنے دانت بڑے کرتا برینڈا کو ڈرا رہا تھا ایک تو رنگ سیاہ اور اوپر سے اسکی آواز بھی بہت ڈرونی تھی بلا آہستہ آہستہ چلتا برینڈا کے پاس آیا

میاؤ۔۔۔۔۔۔ میاؤ۔۔۔

وہ برینڈا پر جھپٹنے ہی والا تھا کہ برینڈا نے جلدی سے کمرے کا ڈور کھول اندر سے بند کر دیا اسنے کمرے کے دروازے کے ساتھ ٹیک لگائی اور لمبے لمبے سانس بھرنے لگی وہ اب پچھتا رہی تھی اسکو بلیو سے بہت ڈر لگتا تھا اور یہ بلا اسکی زندگی کا سب سے خوف ناک بلا تھا وہ اپنا سانس بحال کرتی کمرے کے ارد گرد دیکھتی ہے مگر وہاں پر کوئی بھی نہیں تھا اسکو ایسے لگا شاید مائنکل یہاں پر نہیں اسنے واپس جانے کا سوچا اور ہلکے سے ڈور کو کھولا مگر یک دم پیچھے سے آتی آواز پر وہ کانپ کر رہ گئی

تم یہاں پر کیا کر رہی ہوں

برینڈا نے بے ساختہ پیچھے مڑ کر دیکھا جبکہ دوڈور کو آدھا کھولا ہی چھوڑ گئی اور وہ سیاہ بلا اندر آتا ہے جسکو دیکھ کر برینڈا نے چیخ ماری

کک۔ کیا آفت ہے۔ مجھے تو لگتا ہے کہ یہاں سب بھوت ہے۔ پہلے یہ بلا نہیں تھا یہاں پر۔ اور اب تم کہاں سے۔۔ آ گے۔ ہو۔۔

وہ دیوار کے پیچھے ہوتی کانپ رہی تھی

میس برینڈا میں اپنے کمرے میں ہی موجود تھا کیا اپکو ایسے نہیں لگتا میری ڈریس سے کہ میں ابھی باتھ یوز کر کے آیا ہوں اور اپکو چاہیے تھا کہ ڈور لاک کر کے اندر آتی

اسکے الفاظ پھر سے برینڈا کو مائکل کے وجود پر نظر ڈالنے پر مجبور کر گے وہ واقعی میں باتھ سے شاور لے کر آیا تھا بال گیلیے تھے سفید ڈھیلی ڈھالی شرٹ بلیک جینز جبکہ شرٹ کے نیچے سے بس چند بٹن بند تھے اسکی باڈی نمایا ہو رہی تھی کچھ پل کے لیے برینڈا کو بہت ہی شرمندگی محسوس ہوئی

مائکل نے نیچے جھکتے بلے کو اپنے ہاتھو میں اٹھایا

لوسیفر ایسے نہیں ڈراتے گھر آئے مہمان کو

مائکل بلے کے سر کے بالوں کو سہلاتے کہتا ہے جبکہ برینڈا لوسیفر نام سنتی برا سا منہ بناتی ہے

یہ نام تو شیطان کا ہے نا پھر تم نے اتنے پیارے ۔ میرا مطلب اسکا نام لوسیفر کیوں رکھا ہے ؟!؟

مائکل نے برینڈا کی طرف دیکھا اور ایک پل کے لیے بھی نظر نا ہٹائی وہ سوال بھی تو ایسا ہی کر گئی تھی

وہ برینڈا کی طرف بڑے ہی غور سے دیکھ رہا تھا برینڈا نے نظریں چراتے ارد گرد دیکھا

ممم ۔ میں ۔ ۔ ۔ وہ پوچھنے آئی تھی ۔ کہ تمہاری طبیعت کیسی ہے سر بتا رہے تھے کہ تم بیمار ہو

برینڈا نے موضوع بدلا

مائکل کے ہاتھ سے بلا نیچے اترا جبکہ وہ کسی ہوا کی سپیڈ سے اترا تھا

مائکل نے آہستہ سے قدم آگے بڑھائے

مجھے تو لگا کہ مجھے کسی نے مس نہیں کیا ہوگا مگر میں شاید غلط تھا

مائکل نے ٹکٹکی باندھے کہا وہ ایک قدم بھی نہیں روکا تھا برینڈا کو اسکا پاس آنا عجیب لگ رہا تھا

وہ جلدی سے دیوار سے ہٹتی ڈور کے پاس جاتی ہے

مجھے لگا کہ تم بہت بیمار ہو گے مگر ۔ تم ۔ ہٹے کٹے ہو۔ اس لیے میں اب جا رہی ہوں

وہ ڈور کو کھولتی باہر جانا چاہتی تھی مگر مائکل نے تیزی سے آگے بڑھ کر ڈور کو ایک ہاتھ سے بند کیا برینڈا جو کمر کر چکی تھی اب آہستہ سے پیچھے مڑتی ہے

برینڈا نے خیرانی سے مائکل کی طرف دیکھا مگر اسکو سر اٹھانا پڑا کیونکہ وہ لمبا قد رکھتا تھا

,,اگر آج کے بعد اس گھر میں آؤ تو اس گھر کے مالک کے لیے وقت نکال کر آنا،،

وہ برینڈا پر جھکتا برینڈا کے گرد دیوار پر ہاتھ رکھتا اسکے بھاگنے کے تمام راستے ختم کر گیا

وہ اپنے ہوش و حواس کھو رہا تھا چہرے پر بال بکھر رہے تھے جیسے نجانے پاگل بن گیا ہو وہ اس قدر چیخ تھا کہ جنگل میں عجیب سا ماحول بنا گیا

کیوں واپس آئی ہو۔۔ وہ خود کلامی کرتا چیخ رہا تھا جب اسنے کسی کی آہٹ محسوس کی فوراً سے اٹھتے اسنے ارد گرد دیکھا تھا

مائکل۔۔۔۔۔۔ مائکل نے اپنا نام سن پیچھے مڑ دیکھا تو سینو نے فوراً اسکا چہرہ اپنے ہاتھوں لیا

سینو سے ملے بغیر چلے گے مجھے بلکل بھی اچھا نہیں لگا تھا

مائکل کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال وہ آہستہ کہہ رہی تھی

ت۔۔۔ تمم۔۔۔۔ چلی جاؤ یہاں سے۔۔ اپنے سیم کے پاس۔۔

مائکل نے اسکا ہاتھ جھٹکتے خود سے دور کیا

وہ سب جھوٹ تھا جو تم نے دیکھا سنا تم کیسے بلیو کر سکتے ہو جبکہ میں نے صرف تم سے پیار کیا۔۔۔۔۔

تھاااا۔۔ مائکل نے آخری لفظ خود سے چیختے کہا

ایسا نہیں ہے مائکل ۔ ۔ سینو کہتی آگے بڑھ رہی تھی وہ اسکے قدموں کی آہٹ تک سننا نہیں چاہتا تھا

تو پھر کیسا تھا ہاں میں تمہارا ویڈنگ ہال میں ویٹ کرتا رہا مگر تم نہیں آئی تم اس وقت سیم کے ساتھ تھی جسکو تم ابھی تک چاہتی ہو اس لیے یاں سے چلی جاؤ مجھے تمہاری شکل تک نہیں دیکھنی

ہلکے سے نشے میں وہ گورانے کی بھرپور کوشش کرتا سینو کو جانے کا کہہ رہا تھا

اچھا ہوتا تم مری رہتی ۔ ۔ ۔ ۔

مائکل کی بات سینو کو ہرٹ کر گئی

کیا تم ایسا چاہتے تھے سینو نے نیم آواز میں پوچھا

ابھی تک اور ہمیشہ ۔ ۔ ۔ مائکل نے وائن کی نئی بوتل دیوار سے اٹھائی

مائکل ۔ ۔ مائکل ۔ سینو نے اسکو آوازیں دی جبکہ وہ کمر دیکھا کر وہاں سے چلا گیا

یہ جھوٹ ہے تم ابھی بھی پہلے جیسے مائکل کو بس مجھ سے نفرت کے دعوے کرتے ہو

کمرے میں خاموشی قابض ہوئی سینو برینڈا کو یاد کرتی اپنی آنکھیں سیاہ سے سرخ کرتی ہے

oooooooooooooooooooooo

آج پھر سے ڈارک نائٹ کلب میں وہ اندھا دھن وائن پی رہا تھا جب پینے سے دل بھر گیا تو
اٹھ کر کاؤنٹر والے سے کچھ کہتے وہ باہر چلا گیا
باہر گاڑی میں آ کر بیٹھتے ہی کچھ دیر بعد ایک ویٹر آیا مائکل نے اس سے سفید پیٹکی سے ڈرگز
لیتے اسکو جانے کا اشارہ کیا
گاڑی تو پہلے ہی اندھیرے میں پارک تھی اور اوپر سے رات کے اب چار بجنے والے تھے
صبح کا مطلب یہاں پر دس بجے سب نے اٹھنا ہوتا تھا اور ابھی چار کا وقت تھا اس لیے
سنان سڑک ہی لگ رہی تھی
وہ ہمت کرتا ایک پیکٹ کو اوپن کرتا ہے
اسنے ابھی سونگنا چاہا تو وہاں پر ایک کار نے اسکے چہرے پر روشنی کی
وہ آہستہ سے آنکھیں چھوٹی کرتا دیکھنا چاہتا تھا مگر کار سے ابھی تک کوئی باہر نا نکلا تھا
اسنے جلدی سے ہاتھ پر پاؤڈر رکھتے ڈرگ لینا چاہا جب چارلی نے کار سے نکل کر مائکل کو آوز
دی
وہ خیران ہوا تھا اسنے ابھی تک ڈرگ نیچے نہیں گرائے تھے
کیا تم پاگل ہو گے ہو باہر نکلو کار سے
چارلی نے دروازہ کھول مائکل کو بازوؤں سے پکڑ کر باہر نکالا

یہ تمہارے کام کی چیز نہیں۔

اسنے مائکل کے ہاتھ سے ڈرگ زمین پر پھینکا

چیخ۔ اتنی زیادہ ڈرنک کر رکھی ہے تم نے۔۔۔

وہ منہ پر ہاتھ رکھتا اس پر غصہ کرتا ہے

تم نہیں آئے تھے۔۔ پارٹی سٹارٹ ہو چکی تھی

میں تمہارا ویٹ کرتا رہا تمہیں پتا ہے وہ کون تھی۔

چارلی نے اسکو مشکل سے سمبھالا تھا وہ اسکو پیٹ سے پکڑتا گھسٹتے کار کے پاس لایا تھا

کیونکہ اس سے تو چلا بھی نہیں جا رہا تھا

ارے وہ سینو تھی۔ یار۔

مائکل کو کار کے پاس لاتے چارلی نے اسکو اندر بیٹھایا

تم چپ کیوں ہو۔

اسنے چارلی سے پوچھا جسنے ایک بھی جواب نا دیا

صبح بتاؤ گا چپ کیوں تھا

چارلی نے گاڑی سٹارٹ کی اور وہاں سے چلا گیا

آدھے گھنٹے کا سفر طے کرنے کے بعد وہ اسکو فام ہاؤس میں لاتے سیدھا اوپر والے کمرے میں لے گیا

مجھے اس کمرے میں نہیں رہنا وہ یہاں پر آئی تھی۔

مائکل کی بات پر چارلی خیران ہوا

کون۔ آرام سے بیڈ پر لیٹاتے چارلی نے پوچھا تھا

سسیی۔۔ ن۔۔ نو۔ مائکل نے مشکل سے یہی الفاظ بولے تھے اور گہری نیند سو گیا

چارلی کو بہت عجیب لگا کہ وہ اب مائکل سے کیوں مل رہی ہے وہ اس لڑکی سے واقف تھا تبھی تو اسکو سینو کا یہاں پر آنا اچھا نا لگا

چارلی مائکل پر کمفرڈ اوڑھتے کمرے سے باہر چلا گیا اسنے برینڈا سے بات کرنا چاہا وہ مائکل کی یہ حالت دوبارہ نہیں دیکھنا چاہتا تھا اس لیے برینڈا سے بات ضروری تھی کیونکہ وہ جانتا تھا کہ مائکل اسکو لے کر کچھ فیل کرتا ہے تبھی تو دل دھڑکا تھا

ooooooooooooooooooooooooo

برینڈا نے آج یونیورسٹی سے چھٹی کی تھی

جسکی وجہ صرف مائکل کو دیکھنا تھا

اسنے آج سارا دن اپنی مدر کے ساتھ گزرا لیزا میڈم کافی خوش تھی سارا دن انجوائے کرنے کے ساتھ وہ کام کرتی رہی دیکھتے ہی دیکھتے ٹائم گزر چکا تھا دن بھر کام کرنے کے بعد انہوں نے بریک لینے کا سوچا وہ آرام سے کیفے میں بیٹھی کافی پی رہی تھی جب اسنے باہر سے مائکل کو دیکھا

یہ۔۔۔۔ یہ۔ یہاں۔۔

برینڈا نے کپ میز پر رکھتے حیرانی سے شیشے سے باہر دیکھا

کیا ہوا ہے برینڈا۔ لیزا میڈم نے اسکے چہرے کے رنگ اڑتے دیکھ پوچھا کیونکہ وہ دونوں ایک ساتھ بیٹھے تھے

مما کچھ۔۔ بھی تو۔ نہیں۔

وہ ابھی اتنا ہی کہتی ہے جب کیفے کا ڈور کھلنے کی آواز پر اسنے پیچھے مڑ دیکھا تو زبان بند ہوئی

ہائے آنٹی اینڈ برینڈاا۔۔ مائکل نے ہاتھ ہلاتے ہائے کیا جبکہ برینڈا کا نام جب کہا تو عجیب سی آواز بنا دی جیسے لمبا کرتے مزا آ رہا ہو

میں نے سنا ہے کہ آنٹی یہاں کی کافی بہت ہی اچھی ہے پلیز ززون کپ

وہ کہتے جلدی سے انکے پاس آیا لیزا میڈم نے مسکراہٹ سے اسکی طرف دیکھا

چلڈ میں نے کبھی تمہیں یہاں پر نہیں دیکھا

اووا اچھا۔ وہ دراصل آنٹی جب سے برینڈا میری فرینڈ بنی ہے تب سے کافی بہت پیتا ہوں

سفید جھوٹ بولتا وہ کافی خوش نظر آرہا تھا

پلیززز آنٹی کچھ نہیں کھایا آپ کافی بنا دیں مجھے آپکے ہاتھ کی کافی پینی ہے اینڈ برینڈا سے کچھ نوٹس بھی ڈسکس کرنے ہے

نہایت احترام سے کہتا وہ لیزا میڈم کو مجبور کر گیا کافی بنانے پر انکے جانے کے بعد برینڈا نے مائکل کو گھورا 😑

کوئی بات ہی کرلو برینڈا مجھے تو لگتا ہے تم نے مجھے اتنا مس کیا کہ تم سب بھول گئی ہو

مائکل نے اسکے سامنے بیٹھتے کہا

ہہہہ ۔۔ برینڈا نے دانت پیسے

واؤ کافی ادھر پڑی ہے تم نے مجھے بتایا نہیں

جلدی سے کافی کا کپ اٹھاتے وہ بولا تھا جو برینڈا نے آدھا چھوڑ دیا تھا مگر تبھی نظر کپ پر چھاپ چھوڑے برینڈا کے لبوں کی لیپ لوز کو وہ نوٹ کرتا مسکرایا تھا

برینڈ کو دیکھتے اسنے وہ سائڈ سیدھی کرتے کافی کو پیا مگر جب واپس کپ میز پر رکھا تو برینڈا کا منہ کھلا ہی رہ گیا

ایسے کیا دیکھ رہی ہو کافی اچھی کافی ہے

جان بوجھ کر بھولا بنتے وہ بولا

پلیز زا اسکو اتارو۔

مائکل کے ہونٹ پر لیپ لوز کا نشان دیکھتی وہ جلدی سے ٹیشو اسکو دیتی ہے

کیا۔ ؟!؟

خیرانی کے تاثرات سے مائکل نے پوچھا

وہ۔۔وہ۔

بریندڑا کی بات پر مائکل نے اپنی ہنسی کنٹرول کی

وہ وہ کیا ہوتا ہے کیا تم کچھ مانگ رہی ہو

اسنے باہر شیشے سے دیکھتے پوچھا

کتنے جاہل ہو تم۔ اپنے ہونٹ صاف کرو مما نے دیکھ لیا تو اچھا نہیں ہوگا ہم دونوں کے لیے

بریندڑا نے ٹیشو والا ہاتھ اسکے آگے کیا

اووو اچھا تم خود صاف کر دو

مائکل نے کرسی سے اٹھتے بریندڑا پر جھکتے کہا وہ آنکھیں بند کرتا اپنے لبوں کو جدا کر سانس لیتا ہے

میں کیوں کرو خود کرو۔

برینڈا نے ہڑبڑا کر کہا وہ نروس ہو رہی تھی اسکی حرکت پر

جلدی کرو ورنہ مما آ جائے گی

مائکل نے ہونٹوں پر اشارہ کرتے کہا

برینڈا نے بھی جلدی سے ٹیشو اسکے کھولے ہونٹوں کی وجہ سے منہ میں دھنس دیا

مائکل نے ٹیشو باہر پھینکا اور برینڈا پر شدید غصہ آیا

اب تو میں بھی نہیں کروگا جو ہوتا ہے دیکھا جائے گا کہہ دوگا کہ یہ آپکی بیٹی نے کیا ہے

جلدی سے اٹھتے وہ کیفے کے کیچن میں جانے کو تیار تھا برینڈا کو اسکی سمجھ آ گئی تھی وہ جلدی سے اسکے پیچھے بھاگی

روک جاؤ۔۔ مائکل۔۔ برینڈا نے اسکا بازوں پکڑ کر روکا

اوکے نہیں جاتا مگر اب صاف تو تم ہی کروگی

دیوار کے ساتھ لگاتے وہ اس پر جھکتے کہتا ہے

پلیز زدور ہٹو یہ تمہارا گھر نہیں۔۔۔

دھکہ دیتی وہ کہتی واپس اپنی سیٹ پر آ کر بیٹھتی ہے

اوکے پھر میں جا رہا ہوں ویسے بھی کافی لیٹ ہو گئی ہے

وہ کتنا ہی ڈھیٹ بنا بار بار اسکو دھمکی دے رہا تھا

اچھا روکو۔۔۔

برینڈا نے جلدی سے اسکو روکا

میں صاف کرتی ہوں

وہ پاس آتی کہتی ہے مائکل نے آنکھیں چھوٹی کر اسکو دیکھا تھا وہ کنفیوز ہو رہی تھی کہ صاف کیسے کرے

یہ لو ٹیشو۔

مائکل نے ٹیشو کا پیس اسکے سامنے کیا برینڈا کو اور بھی زیادہ برا لگا جب اسکے پاس ٹیشو ہے تو وہ برینڈا سے صاف کیوں کروا رہا تھا

جب برینڈا کو خاموش کھڑے دیکھا تو مائکل نے کچھ سوچتے کہا

آنٹ۔۔آنٹی۔۔۔۔جان بوجھ کر پیچھے مڑ کر وہ بولا تھا

مائکل کی آواز سن برینڈا نے جلدی سے اسکا چہرہ اپنے ہاتھوں میں لیتے رخ اپنی جانب کیا

دونوں کی نظریں ٹکرائیں تھی مائکل نے برینڈا کے ہر نقشِ کو دل کی تسکین کے برابر ہو وہ مائکل کے لبوں کو کھولا دیکھتی اپنے لب کاٹتی ہے

ٹیشو سے صاف کرتی وہ جان بوجھل ہوتی محسوس کر رہی تھی جلدی سے وہ پیچھے ہٹی تھی

کل سے آپکا پاسنگ ایگزیم سٹارٹ ہے اس لیے میں آپکے پارٹنر بنا رہا ہو تاکہ سٹڈی میں آپ کو پرابلم نا ہو

چارلی نے ہاتھ میں سفید فام پکڑے ایک نظر کلاس کی طرف دیکھتے کہا

ہر بینچ سے گزرے وہ فام دے رہا تھا سیم اور بریندا فرنٹ پر بیٹھے تھے مگر ڈیٹ آگے پیچھے تھی جبکہ مائکل لاسٹ پر ویسے آج کلاس میں سینو بھی تھی اور وہ مائکل کی ساتھ والی رو میں بیٹھی تھی مائکل نے کئی بار بریندا کو دیکھا تھا جو سینو نوٹ کر چکی تھی جبکہ ایک نظر تک مائکل نے سینو کی طرف نہیں دیکھا

سب کو فام مل جانے پر چارلی نے واپس بوڈ کے پاس آتے کلاس کو متوجہ کیا

کل ایگزیم کے کمپلیٹ ہونے پر ہم کچھ دنوں کے لیے ٹریپ پر جا رہے ہے جیسا کہ پہلے میں بتا چکا ہوں اور جائے گے بھی ہمارے ساتھ صرف وہی جو پاس ہو گے ورنہ دوبارہ ایگزیم دیں اوکے

چارلی نے ہینڈ بیگ اٹھاتے باہر جانا چاہا جب کچھ یاد آنے پر اسنے پیچھے مڑ کر بریندا کی طرف دیکھا

"Brindacometomycabinwhenyouarefreefromthe lecture"

برینڈا نے کھڑے ہوتے ہاں میں سر ہلایا اور چارلی وہاں سے چلا گیا

®®®®®®®

برینڈا لیکچر سے فری ہوتی سیدھا چارلی کی کیبن میں آئی

کم این چارلی سر

یس برینڈا

وہ اندر آتی چارلی کی سامنے والی چیئر پر بیٹھی ہے

دیکھیں برینڈا مجھے آپ سے بات کرنی ہے اور شاید وہ آپ کو اچھی بلکل بھی نا لگے

اپنی فائلز کو بند کرتا وہ برینڈا پر دھیان دیتا ہے جبکہ وہ بلکل خاموشی سی بیٹھی تھی

مائکل میرا اسٹوڈنٹ بعد میں ہے مگر پہلے وہ میرا فرینڈ ہے شاید وہ آپ کو پسند کرتا ہے

برینڈا کی آنکھیں یہ سن کھلی کی کھلی ہی رہ گئی

ریلیکس ڈیئر میرا کچھ بھی غلط خیال نہیں بات کرنے کا بس آپ سے یہ کہنا چاہتا ہو کہ مائکل آپ کو پسند کرتا ہے اور وہ یہ بات خود سے نہیں کہہ سکتا کیونکہ

چارلی نے بات کرتے خود کو روکا تھا مگر اس موڑ پر کہ برینڈا خیران ہوئی

آپ کیا کہنا چاہتے ہے سر

وہ آہستہ سے سوال پوچھ رہی تھی

کیونکہ وہ بیمار رہتا ہے تبھی تو وہ شہر سے دور جنگل میں رہنا پسند کرتا ہے میں آپکا زیادہ وقت نہیں لوگا بٹ آپ اس بارے میں ضرور سوچے کہ یہ بات وہ خود بھی کر سکتا تھا مگر اسنے کیو نہیں کی شاید وہ آپ کو اپنی بیماری نہیں بتا رہا تاکہ آپ اسکو چھوڑ نا دیں

سوری سر بٹ مجھے جانا ہے

وہ کہتی وہاں سے باہر چلی گئی چارلی نے اسکے جانے کے بعد فون پر میسج ٹائپ کیا اور فون کو ٹیبل پر رکھتا وہ نفی میں سر ہلاتے دوبارہ فائلز میں مصروف ہو جاتا ہے

®®®®®®®

چارلی کے کیبن سے باہر آنے پر برینڈا ہاتھ میں فون یوز کرتی اپنے ڈیپارٹمنٹ کی طرف جا رہی تھی جب اسنے کچھ عجیب سی آواز سنی وہ اگنور کرتی ہے مگر پھر دوبارہ سننے پر اسنے پیچھے مڑ کر دیکھا تھا مگر وہاں پر کوئی بھی نہیں تھا

وہ واپس چہرہ کرتی ہی ہے کہ مائکل اسکے سامنے کھڑا اسکو گھور رہا تھا وہ چند لمحوں کے لیے خوف زدہ ہوئی تھی جب اچانک اسکو اپنے سامنے پایا اور وہ دیکھتا بھی ایسے تھا جیسے آنکھو سے ہی جان نکال لے اور پھر لینز اضافہ کر دیتے تھے

فی الحال تو بہت ہی کم سٹوڈنٹس تھے یہاں پر اس لیے شور بلکل بھی نہیں تھا

تت۔۔

وہ کچھ بھی بولتی مائکل نے آگے بڑھ کراس قدر سختی سے اسکی کلائی پکڑی کہ وہ بے بس ہو گئی تھی

مائکل چھوڑواب میں نے کیا کیا جو تم ایسی حرکتیں کر رہے ہو

وہ کہے جا رہی تھی جسکا اثر مائکل پر رتی برابر بھی نہیں تھا وہ اسکو اپنے ساتھ گھسیٹتا یونیورسٹی کے ٹیرس تک لایا تھا جہاں سے بادل اس قدر خوبصورت نظر آتے تھے کہ آنکھیں خیران ہوتی اور اوپر سے سنو فالنگ نے اس میں اضافہ کر دیا

وہ اسکو ٹیرس کے درمیان میں لاتا ہاتھ کو یک دم چھوڑتا ہے نجانے وہ آگے کیا کرنے والا تھا اور برینڈا کو یہاں پر کیوں لایا تھا

برینڈا مجھے کچھ بات کرنی ہے

برینڈا اسکے ہاتھ کو آزادی دینے پر اپنی کلائی کو سہلا رہی تھی اسکی طرف دیکھتی ہے

کیا تم پاگل ہو بات نیچے بھی ہو سکتی تھی یہ کوئی جگہ ہے بات کر۔۔۔نے۔۔کک۔۔۔کی

وہ اسے آگے کچھ بول ہی نا سکی جب مائکل نے اسکا ہاتھ پکڑ کر اپنے دل کے مقام پر رکھا

اسنے پل بھر میں سانس روکا

کچھ محسوس ہو رہا ہے

اسنے ہاٹ بیٹ کو محسوس کیا تو خیران ہوئی بلکل مدہم سی رفتار تھی جیسے ابھی دل دھڑکنے سے بند ہو جائے گا اور سامنے کھڑا شخص مر جائے گا وہ فوراً اپنا ہاتھ پیچھے کھینچتی ہے

یہی ۔۔ یہ ۔ بلکل ۔ آہستہ ۔۔ ہے

اسنے جواب دیا تو مائکل نے قدم آگے بڑھائے وہ مسلسل اسکو تک رہا تھا

مجھے بیماری ہے ڈاکٹر نے بتایا ہے صرف چند ہفتے زندہ ہو مگر مجھے جینا ہے تمہارے ساتھ وہ خود بھی نہیں جانتا تھا کہ وہ کیا کہہ رہا ہے جبکہ اتنا ضرور معلوم تھا کہ وہ بیماری کا جھوٹ بول رہا تھا جبکہ ایسا کچھ بھی نہیں تھا وہ ایسا کیوں کہہ رہا تھا اسکے پیچھے کیا بات ہو سکتی تھی مجھے نہیں پتا پر تم مجھے بہت اچھی لگتی ہو میں نے پہلے کبھی نہیں کسی کو اتنا سوچا جتنا تمہیں سوچتا ہوں

وہ اس لڑکے سے یہ کیسے امید کر سکتی تھی کہ وہ یہ کہہ جائے گا اسنے لبوں کو کھولنے سے پرہیز کیا اور صرف مائکل کو دیکھا جبکہ مائکل نے خاموشی کو سمجھتے مزید قدم بڑھاتے اسکا ہاتھ تھام پر اپنے دل کے مقام پر رکھا ہلکی سی سنو فالنگ نے سین خوبصورت بنا دیا تھا

"Willyoumarryme"

چہرے کے مقابل چہرہ کرتے وہ بھاری آواز میں کہتے اسکے ہاتھ کو جو دل کے مقام پر تھا مزید دباؤ ڈالتا ہے تاکہ وہ کچھ دیر پہلے کہیں بات کو سوچے اور مائکل کی سوچ کے مطابق جواب دیں

"WhyareyousilentʔIneedanswerBrenda"

وہ تو کچھ کہنے کے قابل ہی نہیں رہی تھی جب مائکل نے پیشانی کے پیشانی جوڑی

پلیز۔ مائکل۔۔۔۔

دونوں ہاتھوں سے زور لگاتی وہ مائکل کو دور کرتی ہے وہ مدھوشی سے باہر نکلتا صرف خیران تھا

جواب چاہیے مجھے

مائکل نے قدم آگے بڑھاتے پھر سے پوچھا تو برینڈا نے قدم پیچھے کرتے کچھ کہنا چاہا

جواب تو مجھے چاہیے کہ وہ لڑکی تمہاری کیا لگتی ہے جس کے لیے پارٹی اریبخ کی گئ تھی

مائکل نے سانس بھرتے اپنی آنکھیں چھوٹی کر دیکھا

کچھ بھی نہیں لگتی وہ میری

جھوٹ بول رہے ہو تم

دونوں نے فوراً جواب دیے

کیا تم یہ چند دن میرے ساتھ نہیں گزار سکتی کیا تم سے ہم نہیں ہو سکتے ہم دونوں اسے میرا کوئی تعلق نہیں اور تم مجھ پر کبھی شک بھی نہیں کر سکتی کیونکہ میں دھوکہ دینے والو میں سے نہیں

مائکل نے چہرے کے اس قدر سخت تاثرات کیے تھے جیسے پتا نہیں اگر برینڈا نے ہاں نا کی تو نجانے کیا کرے گا

برینڈا کو کچھ بھی سمجھ نہیں آ رہا تھا وہ بس اسے دور جانا چاہتی تھی اسنے ٹیرس کے دروازے کی طرف رخ کیا تو مائکل نے یک دم کھینچ کر اسکو روکا مگر وہ سیدھا اسکے سینے سے جا لگی تھی

تم ایسے نہیں جا سکتی

چھوڑو مجھے یہ سب جھوٹ ہے

برینڈا کے منہ سے جھوٹ لفظ سن مائکل کا غصہ ہوا ہوا اسنے کچھ بھی سوچتے سمجھتے اپنے دل کی سنی اور برینڈا کی آواز بند کی جبکہ وہ اسکو پیچھے کرنے کی جدوجہد میں دھکا دے رہی تھی اور وہ ٹس سے مس نا ہوا

واپس اپنی پوزیشن میں آنے پر وہ سانس پر سانس اندر کھینچ رہی تھی پتا نہیں کتنی ہی بیدردی سے اسنے یہ عمل کیا تھا کہ برینڈا کا سانس رو کنے لگا

جاہل۔۔۔گوار۔۔۔۔۔گدھے۔۔۔۔۔بتمیز۔۔۔۔پاگل۔۔۔۔

دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھتی

سانس میں سانس ملاتے وہ کہہ رہی تھی جبکہ مائکل اسکی حالت دیکھ اور الفاظ سن مسکرایا تھا

عجیب مخلوق رہ گیا ہے بریندا۔ مائکل نے معصوم ساچہرہ بنایا

تم ہمیشہ کوارے رہوگے کوئی لڑکی تم سے شادی نہیں کرے گی دیکھ لینا

بریندا انگلی سے وارن کرتی وہاں سے چلی گئی جبکہ مائکل اسکو جاتے دیکھ مسکرارہا تھا جیسے بڑا ہی نیک کام کیا ہوا سنے

آج رات لگتا ہے کہ تم سے ملنا پڑے گا پاگل بلی

وہ کہتا اپنے لبوں پر مسکراہٹ دباتے آنکھیں سرخ کرتا ہے

جلدی سے فون نکالتے مائکل نے میسج ٹائپ کیا

آگے سے ریپلائے آنے پر وہ مسکراتے وہاں سے غائب ہوگیا

®®®®®®®®

****†****

سوزین۔۔۔ سوزین۔۔۔

وہ کمرے میں آیا تو سوزین کہیں پر بھی نہیں تھی اسنے باتھ چیک کیا مگر وہ وہاں پر نہیں تھی

سوزین۔ ڈین اسکو اونچی آوازیں دیتا پکار رہا تھا

کیا ہوا ہے آپ کو۔۔

سوزین نے دروازے سے آتے پوچھا وہ اسکو پیچھے مڑ کر دیکھتا حیران ہوا

تم کدھر تھی۔

اسنے بھاگ کر اسکو ہگ کرتے پوچھا

میں۔۔۔میں۔۔۔باہر۔تھی۔۔گارڈن۔۔میں

ہاتھ سے باہر اشارہ کرتی وہ کہتی ہے

کیا کر رہی تھی

ڈین نے خود سے آزاد کرتے پوچھا

کا کام۔

یہ ہاتھ پر کیا ہوا ہے ڈین نے اسکی انگلی کو دیکھتے کہا جہاں پر خون رس رہا تھا

چوٹ۔چوٹ لگی ہے۔

وہ سانس پھلا کر بول رہی تھی

ڈین نے اسکا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیتے انگلی پر جمے خون کو ٹیسٹ کیا سوزین نے جان جاتی محسوس کی

کیا تم مجھ جیسا بننا نہیں چاہتی

ڈین کی بات پر سوزین نے ہاتھ پیچھے دھکیلا

آپ ۔ جیسا ۔

ہاں مجھ جیسا ۔ ڈین نے آرام سے ہاتھ تھاما

مگر ۔ ۔

وہ الجھی تھی

مزاق کر رہا ہوں تم سچ میں ڈر گئی ہو

اسنے دوبارہ سوزین کو ہگ کیا اور اپنی باہیں اسکے ارد گرد پھیلا دی

کیا سچ میں ایسی عجیب مخلوق بھی ہوتی ہے بریںڈا نے بک سے نظر ہٹا کر دیکھا

کیا یہ صرف خون پیتے ہے یا گوشت ۔ ۔ چیخ چیخ

بریںڈا نے منہ پر ہاتھ رکھتے عجیب سی شکل بنائی

پتا نہیں اس بیچاری کا کیا بنے گا

وہ پھر سے پڑھنے میں مصروف ہوتی ہے

ہم دونوں میں فرق ہے اس لیے تم مجھ سے ڈرتی رہتی ہو مگر سوزین میں بھی تو پہلے انسان ہی تھا اس لیے تم مجھے صرف اپنے جیسا سمجھا کرو اگر ایسا نا کیا تو تمہیں اپنے جیسا بنا دو گا

سوزین کو بیڈ پر بیٹھاتے وہ بولا اور خود اسکے ساتھ بیٹھا

اچھا ایک بات بتاؤ اگر میں سچی میں مر گیا تو تم کیا کرو گی

وہ بے دھیانی میں ڈین کی طرف دیکھتی ہے

مگر آپ تو کبھی نہیں مرے گے

ڈین اسکی بات پر مسکرایا تھا

ہمم یا نکہ تمہیں پتا ہے کہ ویمپائر کبھی نہیں مرتا تو پھر اب

ڈین نے دونوں ہاتھ پیچھے گردن میں باندھے بیڈ پر سیدھے لیٹتے کہا جبکہ چہرہ چھت سمت میں تھا

ایک بات پوچھو آپ سے

ڈین نے اسکی جانب چہرہ کیا

یس مائے لو

آپ مجھے مارے گے تو نہیں

وہ اسکی معصومیت پر رقصاں مسکراہٹ اپنے چہرے پر بکھیر دیتا ہے سوزین نے توجہ سے دیکھا تھا

ماردو گا

ڈین نے آنکھیں سرخ کر کہا

ماردو گا اگر اب ایسی بات کی کیونکہ یہ صرف فضول بات تھی اور تم میرے لیے بہت اہم ہو

جلدی سے سوزین کی گود میں سر رکھتے وہ کہتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اہہہ۔مجھے نینو آرہی ہے

برینڈا نے جمائی لیتے کہا کیونکہ ٹائم دس بجے کا تھا اور وہی بس جاگی بک ریڈ کر رہی تھی ورنہ

لیزا میڈم تو سو گئی تھی اسنے بک کو اپنے بیگ میں ڈالتے لائٹ آف کی اور سو گئی

ایک دو گھنٹہ گزر چکا تھا اسکو سوئے ہوئے جب کوئی اسکے کمرے میں داخل ہوا مگر وہ بے

خبر نیند کی وادیوں میں گم تھی

وہ اسکے پاس بیٹھتا سرگوشی نما کچھ کہتا ہے

آہستہ سے وہی آواز سن جو یونیورسٹی میں سنی تھی وہ چہرے پر خوف کے تاثرات لاتی ہے

جبکہ نیند میں ہی تھی وہ

برینڈاااا۔ برینڈاااا۔ آہستہ سے کانو میں آواز آتی سن وہ خوف سے آنکھیں کھولتی چیخنا چاہتی

تھی جبکہ مائکل نے اسکے منہ پر اپنی ہتھیلی رکھ آواز دبا دی

ششش۔ شور مت کرو میں ہاتھ پیچھے ہٹانے لگا ہو

مائکل اسکو اشارے سے سمجھاتے کہتا ہے جبکہ برینڈا کی آنکھیں خوف سے بٹن کی طرح

کھولی ہوئی تھی

آہستہ سے ہاتھ پیچھے محسوس ہوتے برینڈا نے پھر سے چیخنا چاہا تو مائکل نے ہاتھ پھر سے رکھتے اپنا چہرہ اسکے مقابل کیا

اگر اب آواز نکالی تو تمہارا گلہ میں خود دباؤ گا میں تم سے بات کرنے آیا ہوں پاگل بلی اس لیے اب گندی آواز میں چیخنا مت

یہی بیماری کا اثر ہے اسکو جو یک دم ایک دن میں ہو گئ ابھی ہاتھ تو پیچھے ہونے دو پھر بتاتی ہو کہ برینڈا کون ہے

برینڈا دل میں کہتی اسکو آنکھو کے اشارے سے ہاتھ ہٹانے کا کہہ رہی تھی

تم ۔ ۔ وہ انچا بولتی ہے تو مائکل اپنے لبوں پر انگلی رکھتا اسکو خاموش کرواتا ہے

ششش آہستہ ۔ ۔ ۔ بولو

تتت تم میرے کمرے میں کیا کر رہے ہو

اوپر ہوتی وہ بیڈ کراؤن سے ٹیک لگاتی ہے مائکل بھی اسسے دور ہوا

تم نے جواب نہیں دیا تھا

تو تم جواب سننے آئے ہو اس ٹائم

برینڈا نے اسکے مقصد کی بات کی

ہاں ۔ ۔ ۔

اووواچھا تو سن لو

مائکل نے مسکراہٹ سے اسکی طرف دیکھا تھا جو شاید ہی کبھی برینڈا کو نظر آئی ہوتی کیونکہ جو احساس مائکل کی مسکراہٹ میں تھا وہ برینڈا کو بھی خیران کر دیتا اور وہ دیکھتی ہی رہ جاتی

تم کسی اچھے سے ڈاکٹر کے پاس جاؤ اور علاج کرواؤ کیونکہ مجھے بلکل بھی یقین نہیں اس ایک دن کی بیماری پر اور اگر ایسا نہیں ہے تو پلیز زز مائنڈ مت کرنا تمہارے ساتھ میں کبھی بھی ویڈنگ نہیں کروگی کیونکہ مجھے تم بلکل بھی اچھے نہیں لگتے اور اگر تم ٹھیک بھی ہوتے تب بھی میں نا کرتی

بڑے ہی آرام سے کہتی وہ چہرے پر بلکل سکون لاتی ہے زرا بھی احساس نہیں تھا کہ سامنے والے پر کیا گزر رہی ہے

مائکل کے چہرے پر اب صرف سخت تاثرات تھے وہ جتنا سن چکا تھا وہی کافی تھا

سن لیا جواب اب جاؤ یہاں سے مجھے سونا ہے

مائکل کو خاموش دیکھ اسنے اگنور کرتے جانے کا کہا

مائکل کچھ کہنا چاہتا تھا مگر پھر منہ پر ہاتھ رکھتے وہ روکا جب ہاتھ پیچھے ہٹایا تو سفید ہاتھ پر سرخ خون نظر آیا

اسنے ایک نظر برینڈا کی طرف دیکھا تھا اور بس برینڈا کو یقین نہیں تھا کہ وہ سچ میں مائکل کی ہتھیلی پر خون کو دیکھ رہی ہے

وہ خاموش الفاظ لیے وہاں سے اٹھا اور برینڈا دیکھتی رہ گئی

دیکھتے ہی دیکھتے وہ کھڑکی سے باہر چلا گیا جبکہ برینڈا ابھی تک اسی سوچ میں تھی کہ وہ سچ میں بیمار ہے اب تو یہ بھی خیال آنے لگے تھے کہ وہ مجھ سے پیار کرتا ہے ورنہ پہلے تو بس غصہ اور نفرت تھی

کیا وہ سچ میں بیمار ہے

وہ یہی سوچ رہی تھی جب کمرے میں کسی کے آنے کی آواز سنتی وہ فوراً سے کمفرڈ منہ پر اوڑھتی ہے

لیزا اپنی بیٹی کو سوتا دیکھ کمرے کو آہستہ بند کرتی وہاں سے چلی گئی جبکہ برینڈا نے بس خود سے ایک ہی سوال کیا تھا

کیا مائکل مجھ سے سچ میں پیار کرتا ہے

وہ یہی سوچتی مائکل کو اپنے حواسوں پر سوار کر رہی تھی

مجھے ایسا نہیں کہنا چاہیے تھا

فول کمفرڈ میں چھپ کر وہ خود کلامی کرتی ہے

مائکل کے ساتھ ہر لمحہ گزرا ہوا سوچتی وہ سوچکی تھی شاید وہ بھی اب چاہنے لگی تھی اسکو مگر دل میں ایک گلٹ تھا کہ اسنے مائکل کو اتنی باتیں سنا دی تھی مگر تب تک تو بریندڑا مانتی ہی نہیں تھی کہ مائکل بیمار ہے اور جب خود خون دیکھا تو یقین آیا تھا

®®®®®®

بیلا رو کو میں ہیلپ کر دیتا ہوں

بیلا بکس کی دیوار میں بک کو جوڑنے کے لیے سٹول پر کھڑی ترتیب دے رہی تھی جب اسکو دیکھتے ہی چارلی بولا تھا وہ کمرے میں ابھی داخل ہوا تھا

تم کب آئے

وہ سٹول پر کھڑی پیچھے مڑ کر پوچھتی ہے

ایک کام کرو تم نیچے آؤ

چارلی نے سٹول کے پاس جاتے کہا اور اپنے ہاتھ سے اسکو نیچے آنے کا شارہ کیا

اپنا ایک ہاتھ آگے بڑھاتے وہ تھامنے کا اشارہ کر رہا تھا

آرام سے وہ ہاتھ تھام کر نیچے آئی تھی اور ایک پل میں ہی چارلی نے اسکو گود میں اٹھایا

تم مجھ سے اٹھائی نہیں جا رہی کہیں موٹی تو نہیں ہو رہی ہو

چارلی نے جان بوجھ کر ایسی بات کی تھی بیلا نے اپنا ہاتھ اسکی گردن پر باندھے

تو۔۔۔

ایک لفظ میں جواب دیتی وہ خاموش ہو گئی

اچھا میں سوچ رہا ہو کہ ہم دونوں ٹریپ سے ہو جانے کے بعد ہم ایک نائٹ ڈنر کریں گے

اسکا مطلب تو پتا ہو گا ہی نا تمہیں

چلتے چلتے وہ اپکو بیڈ پر بیٹھا دیتا ہے

مجھے سونا ہے تمہیں تو لگتا ہے نیند آتی ہی نہیں

اوو اچھا تو سونا ہے سو جاؤ میں نے کیا کہا ہے تمہیں

جلدی سے بیڈ کی دوسری سائیڈ پر جا کر لیٹتے اسنے بیلا کو کھینچ کر اپنے ساتھ لٹایا

اب سو جاؤ مجھے بھی نیند آئی ہے

اپنے حصار میں لیتے وہ بولا اور بیلا مزاحمت سے پرہیز کر اسکی پناہ میں دور جانا تک نا چاہا

بیلا۔۔۔

محبت سے کہتے وہ اسکے بالوں میں شدت سے لب رکھتا ہے

تمہیں نہیں لگتا کہ ہمیں دو سے تین ہو جانا چاہیے

بیلا اسکے ارادے جان گئی تھی

ہا تم ٹھیک کہہ رہے ہو

شرارت سے کہتی وہ اسکی حمایت میں بولتی ہے تاکہ چارلی کو تنگ کر سکے

کیا تم سچ کہہ رہی ہو

جلدی سے اسکے اوپر ہوتے وہ پوچھتا ہے

ہاں میں سچ کہہ رہی ہوں ہمیں بھی ایک پیاری سی بلی رکھ لینی چاہیے پھر ہم دو سے تین ہو جائے گے

چارلی کا دل تو کیا کہ اسکو اچھے سے بتائے کہ اسنے فضول بات کی ہے

میرا وہ مطلب نہیں اور ویسے بھی بلیا تو زہر لگتی ہے مجھے مگر میری بلی کچھ زیادہ ہی معصوم ہے

اسکے گال کو سہلاتے وہ پیار سے بولا

چارلی وہ دیکھو تمہارے پیچھے

بیلا نے پیچھے دیکھتے کہا تو چارلی نے اسکی بات کا مطلب سمجھا اور پیچھے دیکھنے سے پرہیز کی

میں پیچھے کیوں دیکھو جب آگے پورا جہاں ہے میرا

آرام سے اسکا گال سہلاتا وہ کہتے اسکی پیشانی پر لمس دیتا ہے

مجھے نیند آئی ہے

ایک تو تمہاری نیند مجھے چین سے کچھ کرنے بھی نہیں دیتی جاؤ سو جاؤ

یک دم پیچھے ہوتے وہ اٹھ کر کمرے سے باہر چلا گیا بیلا خیران تھی کہ اسکو یہ دم کیا ہو گیا ہے

چارلی۔۔۔۔ بیلا نے آواز دی تو چارلی دروازہ بند کرتا وہاں سے باہر چلا گیا وہ اب پریشان تھی تبھی جلدی سے اٹھتی اسکے پیچھے جاتی ہے

چارلی پلیز ز

وہ اسکو یک دم پیچھے سے ہگ کر کے روکتی ہے

جاؤ جا کر سو جاؤ ہر بار تمہاری نیند آ گے ہے

اچھا سوری

چارلی کے پیٹ پر ہاتھ باندھتی وہ کہتی ہے

مجھے نہیں چاہیے سوری

اسکا ہاتھ آزاد کرتے وہ کہتا ہے

اچھا کہہ رہی ہو نا سوری اب مان جاؤ آئندہ نہیں کہوگی ایسا بتاؤ کیسے راضی ہو گے تم

چارلی نے یک دم پیچھے مڑ کر اسکو مسکراہٹ سے دیکھا

ہمممم ادھر

ہاتھ کے اشارے سے وہ اپنے گال پر انگلی رکھ اسکو سمجھانے کی کوشش کر رہا تھا

بیلا نے اوپر ہو کر اسکے گال پر لب رکھتے دانت سے کاٹا چارلی کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی ہی رہ گئی اور وہ وہاں سے بھاگ گئی

بیلا۔۔۔ روک جاؤ۔۔ اسکے پیچھے بھاگتے وہ اسکو پکڑنا چاہتا تھا

وہ کمرے میں آتی دروازہ بند کرنا چاہتی تھی جب چارلی نے یک دم انڈر آتے بند نا ہونے دیا اور وہ بھاگنے کی وجہ سے پھولے سانس سے اسے دور ہو رہی تھی

پورے کمرے میں بیلا کے سانس کی آواز تھی وہ لمبے سانس بھرتی چارلی کو بھلا رہی تھی

اسنے اب سانس آہستہ لینا چاہا

دونوں میں خاموشی تھی چارلی آگے بڑھ رہا تھا جبکہ بیلا پیچھے ہٹ رہی تھی

چار۔۔ چارلی۔ ہلکان ہوتے وہ بولی تھی

یس مائے وائف

وہ چلتے اسکے پاس آ پہنچا تھا بیلا نے آنکھیں میچ کر انہیں نہیں کھولی تھی

چارلی اسکی حرکت پر مسکرایا تھا

تم کچھ بھی سوچ لیتی ہو

فوراً اسکو شانوں سے پکڑ کر وہ اپنے سینے سے لگا تا ہے

چارلی نے باہر چاند کو دیکھا تھا جو بادل میں چھپا ہوا تھا اسنے بیلا کہ کمر سہلائی

سب سٹوڈنٹس نے ایگزیم دے لیا تھا برینڈا نے مائکل سے بات کرنی چاہی مگر وہ اسکو آج اگنور کر رہا تھا اگر وہ اسکے پاس جانا چاہتی تو وہ دور سے ہی چلا جاتا مگر جب سب نے ایگزیم دے لیا تھا اور سارے سٹوڈنٹس کلاس سے باہر چلے گے سینو نے سیم سے بات کرنی تھی اس لیے وہ کلاس سے چلے گے تھے اب صرف برینڈا اور مائکل کلاس میں تھے اور وہ لڑکی جس کی بلی کو مائکل نے مارا تھا جبکہ وہ آج تک اس بات سے انجان تھی کیونکہ کوئی ثابت ہی نا مل سکا تھا تبھی تو وہ مائکل کو تھوڑا تھوڑا سا اچھا سمجھتی تھی

تمہیں مائکل سے بات کرنی چاہی برینڈا

اپنی فرینڈ کی بات سن برینڈا نے ہمت سے ہاں میں سر ہلایا اور مائکل کی سیٹ کی طرف رخ کیا جو شیشے کی کھڑکی کے پاس تھی بڑے ہی آرام سے مائکل باہر دیکھ رہا تھا

مائکل مجھے تم سے کچھ کہنا ہے

برینڈا کی آواز سن اسنے اسکی طرف دیکھا اور اپنا بیگ اٹھاتے وہاں سے جانا چاہا

مائکل پلیز میری بات تو سنو۔

برینڈا نے بھاگ کر اسکا ہاتھ پکڑا مائکل نے پیچھے مڑ کر ایک نظر اسکے ہاتھ کی طرف اور پھر چہرے کی طرف دیکھا

کیا تم مجھ سے ناراض ہو

مائکل نے جواب اپنا ہاتھ کھینچ کر دیا جبکہ لفظ ایک بھی نہیں بولا تھا
وہ دوبارہ سے جانا چاہتا تھا برینڈا کو اسکا اگنور کرنا بہت برا فیل کروا رہا تھا ایسے تو وہ بھی کبھی ناراض نہیں ہوا تھا جیسا اب بن رہا تھا
اسنے وہی پر روک کر اسکو جاتے دیکھا تھا وہ گلٹ محسوس کر رہی تھی خود کو بلیم کرنا اسکو ہرٹ کر رہا تھا
برینڈا کیا اسنے کچھ بھی نہیں کہا تمہیں
اپنی فرینڈ کی بات سن برینڈا نے کچھ بھی جواب دیے کلاس سے باہر رخ کیا وہ باہر آنے پر ہر طرف مائکل کو دیکھ رہی تھی جو اسکو کہیں پر بھی نظر نہیں آ رہا تھا اسنے اپنے ڈیپارٹمنٹ سے باہر نکل کر سیڑھیوں کو عبور کرتے بڑے گراؤنڈ میں پہنچ کر بھی دیکھا مگر وہ اسکو کہیں پر نظر نہیں آ رہا تھا ایک عجیب سا احساس تھا دل میں شاید کسی کے دور جانے کا وہ اس احساس سے بھی انجان تھی کہ آنکھیں پل بھر میں نم ہو چکی تھی وہ یونیورسٹی کے باہر جانا چاہتی تھی جب اسنے ایک آخری نظر ارد گرد دیکھی تو مائکل کو چلتے پایا وہ اسکی طرف کمر کر باہر کی طرف جا رہا تھا اچھی خاصی بھیڑ میں بھی اسنے مائکل کو ڈھونڈ لیا تھا وہ بھاگتی اسکو آوازیں دے رہی تھی
مائکل۔۔۔ پلیز۔ روک۔۔ جاؤ۔۔ مائکل۔۔۔۔

آوازیں دیتی وہ بھاگ رہی تھی جبکہ وہ اس بات سے انجان چل رہا تھا

مائکل ۔ روکو۔۔

یک دم مائکل کو کھینچ کر روکتی وہ اپنا سانس بحال کرتی ہے جو بھاگنے سے پھول چکا تھا

پلیز زبرینڈا۔۔مجھے کوئی۔۔ باتتنت۔

مائکل کچھ بھی کہتا اسے پہلے برینڈا نے الجھی سوچ میں اسکو اپنی محبت کا یقین دیالا سب سٹوڈنٹس نے ان دونوں کو دیکھا تھا اور منہ پر ہاتھ رکھ لیے کچھ نے تو ویڈیو بنالی تھی جبکہ سینو اور سیم نے ٹیرس سے یہ نوٹ کیا تھا سیم کا دل کیا کہ مائکل کا منہ توڑ دیں جبکہ سینو کو برینڈا پر خیرانی کے ساتھ شدید غصہ تھا

آرام سے جدا ہوتی وہ مائکل کی طرف دیکھتی ہے جبکہ وہ آنکھیں بڑی کرا سکی حرکت پر خیران تھا

"MichaelIloveupleasedon'tleavemealone 🥺 😣 "

برینڈا نے چہرہ نیچے کرکہا تھا مائکل نے اپنے ہاتھوں میں اسکے سرخ وَسفید چہرے کو لیتے کچھ کہا

"Doyouwanttomarryme"

سب سٹوڈنٹس نے تو ہجوم بنالیا تھا اب تورش بن رہا تھا

برینڈا نے مسکرا کر دیکھتے جواب دیا
"YesIwantto"
برینڈا کی ہاں سن تو مائکل کے ہوش ہی نا رہے اسنے برینڈا کو ایک ہی پل میں ہگ کیا وہ
دونوں ہی بہت خوش نظر آ رہے تھے سب سٹوڈنٹس نے تالیا بجائی تھی
تھینکس پاگل بلی
وہ سرگوشی نما کہتا ٹیرس کی طرف دیکھتا ہے جہاں پر سینو اور سیم کھڑے تھے اسنے سینو کو
دیکھتے یک طرف مسکراہٹ دبائی سینو مائکل کی مسکراہٹ کا مطلب سمجھ چکی تھی اسنے اپنی
مٹھی بھینچتے وہاں سے خود کو غائب کیا جبکہ سیم سیدھا نیچے جاتے ان دونوں کے پاس بڑے
ہی غصے سے آ رہا تھا
ماائکلل۔۔۔ سیم نے چیختے مائکل کو برینڈا سے دور کرتے ایک زوردار پنچ مائکل کے منہ پر
دے مارا تھا وہ لڑکھڑا کر زمین پر جا گرا تھا
مائکل۔۔۔ برینڈا نے انچا اسکا نام لیا وہ بھاگ کر اسکے پاس جاتی اٹھانے کی کوشش کرتی
ہے
برینڈا یہ اچھا لڑکا نہیں ہے
سیم نے برینڈا کو بازوں سے پکڑ کر کھڑا کیا تو برینڈا نے اسکا لحاظ کیے ایک تھپڑ دے مارا

جسٹ شٹ اپ

سیم نے آنکھیں زمین پر گاڑی تھی

مائکل نے اٹھ کر برینڈا کا ہاتھ پکڑ کر اسکو پیچھے کیا

آج تو برینڈا کا نام لے لیا اگر اب کے بعد لیا تو تم جانتے ہو میں کون ہو

مائکل نے غصے سے ہر لفظ کہا تھا سیم نے مائکل کا کالر پکڑا

تم نے تو ہر لڑکی کو اپنا سمجھ رکھا ہے

مائکل کا غصہ ساتویں آسمان پر چڑھ رہا تھا

سسیم ۔ مائکل نے اسکو پنچ پر پنچ دے مارا تھا وہ پیچھے گرنے والا تھا تو مائکل نے کالر سے پکڑ کر اسکو کھینچ کر اپنے چہرے کے قریب چہرہ کیا

برینڈا میری ہے صرف اپنے گندے دماغ سے برینڈا کا خیال نکال دو اور رہی بات لڑکیو کی تو سینو تمہارا ویٹ کر رہی ہے اور تم جگہ جگہ منہ مار رہے ہو

یک دم اسکو پیچھے کرتے وہ اپنے کالر پر ہاتھ رکھتا جھاڑنے کے سے انداز میں صاف کرتا ہے

چلیں مائے لو

ہاتھ میں انگلیاں پھنسائے برینڈا کو وہ اپنے ساتھ لے گیا

یونیورسٹی سے باہر آنے پر وہ اپنی کار میں آکر بیٹھا تھا جبکہ برینڈا اسکے ساتھ تھی

مائکل تمہارا بلڈ۔۔۔

برینڈا نے اپنے لب کی طرف اشارہ کرتے اسکو سمجھایا کہ تمہارا خون رس رہا ہے

ہمم اووا چھا یہ۔۔

مائکل نے ہینڈل سے ہاتھ ہٹا کر اپنے لب پر رکھتے کہا

بس تھوڑا سا بلڈ ہی ہے یہ تو

انگلی پر خون دیکھتے وہ کہتا ہے

پین ہو رہی ہے

برینڈا نے نرم آواز سے کہا تو مائکل نے کار ہی روک دی

ہاں بہت زیادہ دیکھو کل تم نے ہرٹ کیا اور آج بھی تم نے ہرٹ کیا اس لیے بہت پین ہو رہی ہے

جلدی سے برینڈا کی طرف رخ کرتا وہ معصوم سی شکل بنا کر کہتا ہے جبکہ آنکھیں چھوٹی کر وہ دیکھ رہا تھا

جلدی سے ٹیشو پیپر سے پیس لیتی اسنے مائکل کے زخمی لب کو صاف کیا

صاف ہو گیا

فوراً سے اپنی سیٹ سے ٹیک لگاتے وہ مائکل کو اگنور کر گئ

پین کلر کسنے دینی ہے

مائکل نے اسکو تنگ کرنا چاہا

پنچ کھایا ہے پر لگتا ہے کہ پنچ کے ساتھ عقل بھی کھا گیا ہے

برینڈا نے بڑبڑا کر کہا

اہہہ کتنے زور سے مارا ہے تمہارے سیم نے مجھے اور تم مجھ کو باتیں سنا رہی ہو اسکی بجائے کہ ایک اچھی سی پین کلر دے دو اگر اپنی مرضی ہو تو پورا ڈوز ہی بن مانگے دیتی ہو

برینڈا کو اچھے سے سمجھ آ رہا تھا اسکی بات کا مطلب مائکل نے آنکھیں بند کر اپنا چہرہ اسے قریب کیا دو منٹ تک تو وہ ویسے ہی رہا تھا جب آگے سے کچھ بھی ریسپانس نا میلا تو مایوسی سے آنکھیں کھول چہرہ پیچھے کیا

مائکل نے دوبارہ ڈروائنگ سیٹ سمبھالی

برینڈا نے چوری سے اسکو دیکھا تھا کہ کیسا منہ بنا کر بیٹھا ہے

اب نہیں چاہیے مجھے پین کلر جو ایسے دیکھ رہی ہو

مائکل نے اپنے لب پر انگلی رکھ دوبارہ خون کو دیکھا تھا جبکہ بلڈ بلکل تھوڑا سا تھا مگر لب پھٹ چکا تھا وہ اپنے دھیان میں تھا جب برینڈا نے یک دم سے اسکے گال پر لمس دیا اور فوراً

سے پیچھے ہٹی مائکل کا وہی پر وہی چہرہ تھا جبکہ برینڈا شیشے سے باہر دیکھنے لگ جاتی ہے مائکل نے مسکراہٹ سے ڈراوٗ کیا

برینڈا گھر آتے ہی اپنی ما کو سب کچھ بتا دیتی ہے پہلے تو ڈانٹ کا ڈر تھا مگر اسنے بھی آدھی بات بتائے کہ مائکل بیمار نہیں تبھی تو ڈانٹ نا پری وہ دونوں ماں بیٹی ٹیبل پر بیٹھی باتیں کر رہی تھی

کل ٹریپ سے ہو کر آ جاوٗ پھر بات کریں گے اس بارے میں اور ہاں مائکل سے کہنا کہ مجھ سے ملنے یہاں پر آئے

لیزا میڈم نے اٹھتے وہاں سے رخ کاوٗنٹر پر کیا جبکہ برینڈا اپنے کمرے میں چلی گئ

وہ کمرے میں آتی اپنی پیکنگ کرنا چاہتی تھی باری باری سوٹس بکس میں سوٹس رکھتی وہ اب مکمل پیکنگ کر چکی تھی اسنے جلدی سے بیڈ پر بیٹھتے فون کو آن کیا

اتنی میس کالز اور میسج تھے کہ وہ خیران ہوئی کہ آج کمپنی نے برینڈا کا فون نمبر تو ہینگ نہیں کر لیا یا پھر کسی نے کوئی اکاوٗنٹ تو نہیں بنا دیا برینڈا کے نام پر وہ شرارت سے سوچتی فون کی سکرین کو scroll کرتی ہے

میں آ رہا ہوں کوفی پینے ریڈی رہو اور اس بار ٹیشو پیپر پاس رکھنا اوکے

میسج ریڈ کر کے سمجھ آیا کہ مائکل کا کام ہے اسنے ٹائم نوٹ کیا تو چار بج رہے تھے جلدی سے ٹائپنگ کی بورڈ پر انگلیاں چلاتی وہ لکھنے لگی

تم ابھی نہیں آ سکتے مما کو اچھا نہیں لگے گا انھوں نے کہا ہے کہ کل وہ تم سے ملنا چاہتی ہے اس لیے تم آج مت آنا مائکل

میسج کے لاسٹ پر ایک غصہ والا ایموجی 🤬 لگاتی دل میں مسکرا رہی تھی

واؤ یہ تو بہت ہی اچھی بات ہے وہ مجھ سے ملنا چاہتی ہے روکو ایک کام کرو میں ابھی آتا ہو بلکے تم باہر آؤ میں کیفے کے باہر کھڑا ہوں

لاسٹ پر سمائل 😁 کے ساتھ آنکھ مارنے والا ایموجی 😉 سیڈ کرتے وہ بریندا کو خیران کر گیا جلدی سے بھاگتی وہ کمرے سے باہر گئی اسنے کیفے کے باہر دیکھا تو مائکل کھڑا تھا ہائے بریندا۔۔ ہاتھ ہلاتے وہ آہستہ آواز میں اسکو ہائے کر رہا تھا لانگ گرے کوٹ گھٹنو تک آتا بلیک پینٹ اور گرے شرٹ کے باہر لاکٹ نظر آ رہا تھا بال ماتھے کو چھپاتے تھے بڑے ہی آرام سے چلتے وہ کیفے کے اندر آیا

دیکھو میں آ گیا ہوں

مسکراتے وہ ایک ٹیبل پر جا کر بیٹھا بریندا اسکے پیچھے گئی

پلیز مائکل مما نے دیکھ لیا تو بہت غصہ کریں گی تم یہاں سے جاؤ

مائکل کا بازووں پکڑتی وہ اسکو کھڑا کرتی ہے تبھی لیزا میڈم کی آواز پر دونوں خیران ہوئے

بریندڑا۔ لیزا میڈم کی آواز سن بریندڑا نے جلدی سے مائکل کا ہاتھ چھوڑا اور اسے دور ہٹی

ہائے آنٹی میں مائکل

جلدی سے انکے پاس جاتے اسنے ہاتھ آگے بڑھا تو لیزا میڈم نے اگے سے کچھ بھی نا کہا

اااہمہ وہ میں کوفی پینے آیا تھا

ہاتھ پیچھے کرتا مائکل نے بالو کو سہلاتے کہا

تم بیٹھو میں کافی بنا کرلاتی ہو

زرا سخت انداز میں کہتی وہ وہاں سے چلی گئی مائکل نے بریندڑا کے پاس جاتے اپنا ہاتھ آگے

بڑھایا

اب تھام لو۔۔ جان بوجھ کر اسنے ایسا کہا

میں نے تم سے کہا تھا نا کہ مت آنا

تم نے تب کہا جب میں آگیا تھا اچھا چھوڑو ناراض مت ہو

ٹیبل چیئر پر بیٹھتے وہ کہتا ہے

پلیز مائکل میں فنی موڈ میں بلکل بھی نہیں ہو

بریندڑا نے زرا روڈ فیل کرواتے کہا تو مائکل نے یہ فیل کر چیئر سے اٹھنا ہی بہتر سمجھا

اوکے تم انجوائے کرو کوفی میں جا رہا ہوں

برینڈا نے بھی روکنا نا چاہا اور مائکل بھی وہاں سے باہر چلا گیا

مجھے سمجھ نہیں آتا کہ یہ لڑکا ایسا کیوں ہے

اسی چیئر پر بیٹھی سر پر ہاتھ رکھتی وہ افسوس سے کہتی ہے

مائکل کدھر ہے برینڈا

لیزا نے برینڈا سے پوچھا تو وہ منہ بناتی وہاں سے چلی گئی اور جواب کمرے میں پہنچ کر دیا

چلا گیا ہے وہ

زور سے دروازہ بند کرتی وہ کہتی ہے لیزا میڈم کو یہ حرکت بلکل بھی پسند نا آئی تھی مگر اگنور کرتی وہ واپس کیچن میں جاتی ہے

کمرے میں آتی وہ سانس بھرتی اپنے بیڈ پر جا کر بیٹھتی ہے

کیا میں بک ریڈ کرو

خود سے صلاح لیتی برینڈا نے پوچھا

نہیں کل ٹریپ پر جانا ہے اس لیے جلدی سونا ہے اچھے بچو کی طرح بک واپس آ کر ریڈ کرو گی اوکے

اپنے کندھے پر ہاتھ رکھتی وہ خود کو تسلی دیتی ہے

جلدی سے کمفرڈ میں چھپ کر لائٹ آف کرتی وہ سو گئی وہ بلکل بچو جیسی حرکتیں کرتی تھی
شاید اسکو اچھا لگتا تھا یا پھر وہ بچپن سے ہی ایسی تھی
پیچھے ہٹو اپن کو دیکھنا ہے کہ اپن پاس ہوا کہ نہیں
ایک لڑکی نے سب کو دھکا دیتے ریزلٹ شیٹ کی طرف رخ کیا سبھی اس پر خیران تھے کہ آج سے پہلے وہ نظر ہی نہیں آئی تھی
ڈھیلی سفید شرٹ جینز پہنی ماتھے پر پٹی باندھے وہ بلکل لڑکے جیسی نظر آتی تھی چال بھی مغرور تھی
کیا!!!!!!!۔۔۔ چیختے وہ سب کے کانو میں گونجی تھی
میں فیبی۔ فیل ہوں
اسنے درد اور خیرانی کے تاثرات سے شیٹ کی طرف دیکھا تھا
تمہیں تو اپن چھوڑے گا نہیں
یہ شیٹ کس نے لگائی ہے ادھر
وہ ایک لڑکی سے پوچھتی ہے تو اسنے چارلی سر بولا
تیری تو۔۔۔۔
اپنے کالر سیٹ کرتی وہ وہاں سے باہر نکلی اسنے غصے سے چارلی کے کیبن کی طرف رخ کیا

میں نے اپنی دوستوں کو ہرانا تھا ٹریپ پر جا کر پر تم نے سارا چوپٹ کر دیا

سیدھا چارلی کے کیبن میں گھستی وہ اسکے ٹیبل کے پاس آ پہنچی تھی جبکہ وہ خیران تھا اس سٹوڈنٹ پر کہ بغیر اجازت کے وہ اندر آئی اور اس طرح بات کر رہی ہے

اوئے سر تم نے مجھے فی۔۔۔ فیل کیوں کیا

پہلے تو الفاظ رو کا پھر ادا کرتے وہ چارلی کے پاس آ جاتی اس کی ٹائی کو پکڑتی ہے جبکہ چارلی کو شدید غصہ آیا

ڈونٹ کراس یور لمٹ

چارلی نے اسکو خود سے دور کیا اور چیئر سے اٹھ کھڑا ہوا

آپ میرے

ڈپارٹمنٹ کی نہیں ہے اوکے جو آپکا سر ہے انسے بات کریں

"Andlearntodistinguishbetweenthetwo"

وہ انگلش لفظ پر آنکھیں چھوٹی کرتی سمجھ رہی تھی جب سمجھ آیا تو آنکھیں کھولی رہ گئی

اوئے سر تمیز سے اوکے میں یہاں پر سٹوڈنٹ نہیں ہو اوکے میرے فادر کی یہ یونیورسٹی ہے اس لیے تم تمیز سے بات کرو

چارلی نے چہرے پر غصہ ابھی تک نا دور کیا جیسے اسکو کوئی فرق ہی نا پڑتا ہو کہ وہ کس کی یونیورسٹی میں کام کرتا ہے

میں نے اپنی فرینڈز سے چیلنج کیا تھا کہ پاسنگ ایگزیم دوگی بٹ تمہاری وجہ سے میں فی۔ فیل ہوگئی

ہر بار فیل لفظ وہ آدھا چھوڑ کر بعد میں پورا کرتی

میں آپ سے پہلے بھی کہہ چکا ہو کہ آپ میرے ڈیپارٹمنٹ کی سٹوڈنٹ نہیں ہے اس لیے اپنا فضول وقت اور میرا قیمتی وقت ضائع مت کریں بہت شکریہ اینڈ گیٹ آؤٹ

چارلی بھی بغیر لحاظ کیے بولا تھا جبکہ وہ اپنے ہاتھ سے اسکو باہر کا رستہ دیکھا رہا تھا

اپن دیکھ لے گا تجھے۔

وہ اپنی گردن پر ہاتھ رکھتی کاٹنے کے سے انداز میں اسکو وارن کر رہی تھی جب چارلی نے طنزیہ مسکرا کر واپس باہر کا رستہ دیکھایا وہ اسکے کیبن سے باہر نکلی تو بیلا باہر ہی کھڑی تھی اسنے پہلے تو اگنور کیا بٹ پھر اندر جا کر پوچھنا چاہا

وہ کون تھی

چارلی ابھی واپس کرسی پر بیٹھا ہی تھا تو بیلا نے اندر آتے سوال پوچھ لیا

پتا نہیں کوئی جاہل زبان کی سٹوڈنٹ تھی

تمہاری ٹائی کو کیا ہوا ہے

بیلا نے اسکے پاس جاتے چارلی کی ٹائی کو پکڑتے کہا جبکہ وہ ابھی تک چیئر پر بیٹھا تھا

وہ۔ وہ۔ چارلی نے جان بوجھ کر بات ادھوری چھوڑ دی 😜 وہ اب کچھ اور سوچ رکھ رہا تھا

شکر ہے میری شرٹ سلامت ہے

اپنی شرٹ کا بٹن سیٹ کرتا وہ بیلا کے ذہن میں عجیب و غریب خیالات لا رہا تھا

تم کہنا کیا چاہتے ہو

بیلا نے یک دم اسکی ٹائی کو کھینچا تھا تو چارلی چیئر سے اٹھتا اس پر جھکا

میں کیا کہوں اس لیے ہی تو پہلے دن سے تمہیں سمجھا رہا ہو کہ میرے لیے ٹائم نکالو مگر تمہاری نیند ہی پوری نہیں ہوتی اب میرا کیا قصور ہے اگر کوئی۔۔۔

چارلی نے جان بوجھ کر ادر گرد دیکھا اور بات ٹالنی چاہیی بیلا کو اس پر شدید غصہ آ رہا تھا اسنے اپنی پکڑ میں سختی لائی اور یک دم اسکو چیئر کے پیچھے دھکیل دیا

اب بتاؤ

چارلی نے آنکھیں بند کی ہوئی تھی

بلکل ایسے ہی اسنے میری ٹائی پکڑی تھی

چارلی نے یک دم اسکو حصار میں لے لیا

پھر ایسے وہ میرے قریب آئی تھی

بیلا کو پیٹ سے پکڑ کر یک دم چارلی نے اپنی چیئر سے اٹھ کر اسکو چیئر پر بیٹھایا تھا وہ یہ عمل

بہت ہی تیزی سے کر گیا

اسکے بعد اسنے میری ٹائی کو اس طرح پکڑا تھا

چارلی نے بیلا کا ہاتھ اپنی ٹائی پر رکھتے ٹائی کو کھسکاتے کھولنا چاہا

میری معصومیت پر تم بہت بے شرم بن رہے ہو

بیلا نے ہاتھ پیچھے کر اسکے دل کے مقام پر اپنی انگلی سے دباؤ ڈالتے پیچھے کیا

اگر آج کے بعد اسکے پاس نظر آئے تو تمہاری اسی ٹائی سے جان لوگی

چارلی اسکی دھمکی پر مسکرایا تھا

اسنے بلکل ایسے ہی مجھے دھمکی دی تھی

چارلی نے پھر سے شرارت سے کہا بیلا کو وہ غصہ دیلا رہا تھا

اس ٹائی کی تو

بیلا نے فوراً سے چارلی کی ٹائی کھینچ کر اتار دی

چارلی نے یک دم اسکا ہاتھ پکڑا

سوری ڈیئر مذاق تھا تم اپنا موڈ فریش کرو ہم ٹریپ پر جا رہے ہے بس ٹائم ہو چکا ہے

چارلی نے بیلا سے دوری قائم کی

چلیں وہ اپنی شرٹ کے اوپر والے بٹن سیٹ کرتا بولا تھا کیونکہ ٹائی تو اب بیلا نے پہنے دینی نہیں تھی

بیلا نے چیئر سے اٹھتے ایک نظر ٹائی کی طرف دیکھا اور چارلی کا ہاتھ تھام کر وہ دونوں وہاں سے باہر چلے تھے

سب سٹوڈنٹس اس بڑی سی بس میں بیٹھ چکے تھے سب کافی خوش نظر آ رہے تھے بریندا اپنی فرینڈ کے ساتھ بیٹھی تھی مائکل نے بس میں آتے ہی یہ بات نوٹ کی وہ اسکی دوسری جانب کی سیٹ پر بیٹھنے والا تھا مگر اسنے آنکھو سے اسکو اپنے ساتھ بیٹھنے کا اشارہ کیا

بریندا نے منہ چڑھا کر انکار کیا مائکل نے پھر سے اپنی سیٹ کی طرف آنکھو سے اشارہ کیا تھا کہ وہ یہاں پر آ کر بیٹھے مگر بریندا نے پھر سے انکار کر دیا جبکہ انکی نظروں کی جنگ بریندا کی فرینڈ نوٹ کر گئی

چلی جاؤ نا

بریندا نے ایک نظر اپنی فرینڈ کی طرف دیکھا اور پھر مائکل کی طرف اسنے منہ چڑھاتے اپنا چہرہ ہی باہر کر لیا

مائکل نے اپنا ہینڈ بیگ بس کے اوپر والے پورشن میں رکھتے اپنی سیٹ پر گرنے کے سے انداز میں بیٹھا جلدی سے پینٹ کی پاکیٹ سے فون نکال کر اسنے میسج ٹائپ کیا تھا

میں ویٹ بلکل بھی نہیں کروگا ابھی میرے پاس آکر بیٹھو

بریندا نے فون کو وائبریشن کرتے محسوس کر فوراً سے میسج دیکھا

اسنے مائکل کی طرف دیکھا تھا جو شیشے کی سیٹ کی طرف بیٹھا تھا جبکہ بریندا بھی مقابل اسی طرح ۔ اسنے آنکھیں سے انکار کرتے جواب دیا تو مائکل نے اپنے فون پر آتے ریپلائے کو دیکھا

نہیں آؤگی 🙄

بریندا نے اگنور کیا

ٹھیک ہے میں ایسے سفر کا حصہ بلکل بھی نہیں بنوگا جس میں تم نہیں جا رہا ہوں واپس

مائکل کا میسج ریڈ کر بریندا کو عجیب لگا کہ وہ واقعی میں اتنا اسرار کر رہا ہے مگر وہ اگنور کر رہی ہے جھٹکا تو تب لگا جب اسنے مائکل کو واپس سامان نکالتے دیکھا

تم دھمکی دے رہے ہو مجھے 😑 😳

بریندا نے میسج سینڈ کیا تو مائکل نے کھڑے کھڑے ہی ٹائپنگ کی

نہیں بس بتا رہا ہو کہ میں جانے لگا ہو اور تم اپنی اس فرینڈ کے ساتھ ہی رہو 😤

مائکل کو سیریس ہوتا دیکھ اسنے جلدی سے اپنی سیٹ سے اٹھتے کچھ کہا تھا جو اسکی فرینڈ کو خیران کر گیا

مجھے لگتا ہے کہ میری سیٹ پر کچھ لگا ہے کیا تم دیکھو گی

برینڈا کی حرکت پر مائکل واپس اپنی سیٹ پر جا کر بیٹھ گیا اسکو پتا تھا کہ وہ اب آ کر ہی رہے گی

ہاں بہت کچھ لگا ہے کدھر ہے جو تمہیں لگ رہا ہے زرا دیکھاؤ مجھے

وہ برینڈا کو سنا رہی تھی

سمجھا کر یار اگر نا گئی تو وہ واپس چلا جائے گا آگے ہی بہت مشکل سے راضی ہوا ہے

برینڈا نے آہستہ سے اسکے گال سہلاتے بولا تھا

اوو اچھا تو میں نے کب کہا ہے کہ تم نا جاؤ

اسکی رضامندی دیکھ کر برینڈا نے اپنا سامان اوپر والے پورشن سے نکال کر جلدی سے مائکل کے پاس جاتے اوپر والے پورشن میں سیٹ کیا وہ بیٹھا ابھی تک فون یوز کر رہا تھا

کہنا مان لیتی ہو پاگل بلی

وہ ابھی بیٹھی ہی تھی جب مائکل نے اسکے ہاتھ کی انگلیوں میں اپنی انگلیاں پیوست کر ہاتھ تھاما

زیادہ شوخا مت بنو میری سیٹ پر سچی مچی کچھ لگا ہوا تھا

برینڈا نے جھوٹ بولا مائکل نے اور بھی مظبوطی سے ہاتھ تھاما

ہاتھ توڑو گے کیا میرا

برینڈا نے ہاتھ آزاد کروانے کی کوشش کی دراصل اب سین یہ تھا کہ مائکل کی طرف برینڈا کے ہاتھ کی سمت تھی اور برینڈا کی طرف مائکل کی سردی میں

مظبوطی سے پکڑنے کی وجہ سے ہاتھ سفید سے سرخ ہو رہا تھا

تھینکس پاگل بلی

مائکل نے اپنے لب سے اسکا ہاتھ چوما وہ پل بھر میں عجیب سا احساس محسوس کرتی ہے

مما ائکل۔۔ وہ کچھ بولتی مائکل نے اسکے سر پر ہاتھ رکھتے اپنے کندھے پر گرایا

چپ کر کے بیٹھو بلکل خاموش

وہ اسکے گال کو ہلکے سے تھپتھپی دیتا برینڈا کو زحمت کرنے سے باغی کر گیا جبکہ ہاتھ ابھی تک پکڑ میں تھا

برینڈا نے سکون سے آنکھیں بند کی وہ آج پہلی بار مائکل کی اس قدر قریب ہو کر سکون میں تھی ورنہ ہمیشہ دور جانا اور اگنور کرنا آتا تھا اسکو

مائکل نے ایک نظر اسکی طرف دیکھا اور پھر سیٹ کے پیچھے ٹیک لگاتے وہ سینو اور سیم کے بارے میں سوچنے لگا کیونکہ وہ دونوں نہیں آئے تھے ٹریپ پر اور یہی خیال اسکو

پریشان کر رہا تھا جبکہ پارٹی میں جو کچھ بھی ہوا وہ اضافہ کر گیا کہ وہ کچھ بھی غلط کر سکتے ہے مگر اتنا تو وہ بھی جانتے تھے کہ مائکل بھی کسی سے کم نہیں اور برینڈا کے معاملے میں تو کوئی حد نہیں

رات کے سات بجے وہ اپنے سفر کو طے کرتا منزل تک پہنچنے تھے جبکہ پورے راستے برینڈا مائکل کے کاندھے پر سر رکھ کر سوئی رہی تھی اور مائکل نے ایک پل کے لیے بھی ہلل ناڈالا اسکی نیند میں مگر اب تو بس روک چکی تھی

برینڈاااا۔ اٹھو۔۔

اپنے ہاتھ کو آزاد کرواتا وہ بولا تھا

اہہ میرا برگر گم گیا

وہ نیند میں کہتی مائکل کی ہنسی کا سبب بنی

کیا تم خواب میں برگر کھا رہی تھی

مائکل نے اسکے گال سہلاتے کہا وہ نیند سے اب بیدار ہو چکی تھی

کیا مسئلہ ہے تمہارا۔۔۔ برینڈا نے اسکے ہاتھوں کو پیچھے کیا وہ اپنے گالوں پر درد محسوس کر رہی تھی

میرا مسئلہ کوئی نہیں تم جاگ نہیں رہی تھی اس لیے کیا مگر تم تو ابھی بھی کیفے میں آڈر دے رہی ہو

مائکل نے اٹھتے اپنا سامان نکال کر برینڈا کا سامان نکالا

تم مجھے ایسے نہیں کہہ سکتے کیونکہ ممیں۔

وہ اسے آگے کچھ بول ہی نا پائی جب اسکی فرینڈ نے ہاتھ پکڑا اور مائکل سے سامان لے لیا چلیں برینڈا۔۔ دانت پیستے وہ برینڈا کو وہاں سے لے گئی مائکل بھی اسکے جانے کے بعد بس سے باہر نکلا

بوائز کیمپس الگ سے اریج کیا گیا تھا جبکہ گرلز کیمپس الگ سے اریج کیا گیا تھا ٹائم کا پتا ہی نا چلا تھا سب نے اپنے آرام کے لیے انتظام کر لیا تھا وہ اب پارٹی کی تیاریوں میں مصروف تھے کیمپس کے باہر ٹیبلز پر وائنز اور بروٹس کے لیے سیج کا ارینجمنٹ کیا گیا تھا مختلف ڈیشیز تھی جبکہ ارینجمنٹ بوائز کی الگ سے تھی

میں بہت تھک گئی ہو تم سب انجوائے کرو مجھے نیند آرہی ہے میں تو چلی سونے

برینڈا جمائی لیتی جین سے کہتی وہاں سے سیدھا اپنے کیمپس میں چلی گئی جبکہ اسکی فرینڈ جین دیکھتی رہ گئی

تھوڑی دیر تک وہ برینڈا کے بارے میں سوچتی ہے مگر پھر خود انجوائے کرنے وہ سب بھول گئی سب سٹوڈنٹس انجوائے کر رہے تھے کچھ سیر پر گے تھے تو کچھ کپلز کو آج موقع مل گیا ٹائم گزارنے کا مگر مائکل کا سین تو بلکل بورنگ تھا اسنے برینڈا کا جین سے پوچھا تھا مگر جب پتا چلا کہ وہ سونے چلی گئی ہے تو بہت ہی بیزاری ہوئی

وہ برینڈا سے ملنے کا کہتے وہاں سے نکلا

دو تین گھنٹے بعد چارلی نے سب آف کرنے کا کہا تو سٹوڈنٹس سونے چلے گے جین بھی برینڈا کے پورشن میں جاتی سوجاتی ہے اب تو رات بھی کافی ہو گئی تھی سب اپنے اپنے کیمپس میں آرام سے سو رہے تھے مگر ایک کی آنکھ میں پل بھر کی بھی نیند نہیں تھی اسنے اب اور برداشت نا کرنا چاہا تبھی تو

برینڈا کے کیمپس میں آتے وہ خیران ہوا

بڑے ہی آرام سے وہ بے فکر ہو کر سو رہی تھی جیسے ٹریپ پر آنا اسکو کاموسے آزادی کے برابر لگے مائکل کو وہ بلکل سوتی اچھی نہیں لگ رہی تھی زمین پر بنے بیڈ جو کمبلز کے اضافے سے تھے وہ اسکے پاس جا کر بیٹھا

پہلے تو آرام سے ہر ایک نقش کو دیکھا پھر ہمت کرتے اسنے کچھ کہنا چاہا

برینڈا اٹھوو۔ جلدی سے۔ برینڈا۔

وہ ٹس سے مس نا ہوئی تھی مائکل کو بہت عجیب لگا اسکا یوں سونا

اٹھتی ہو کہ اٹھاؤ۔

مائکل نے اسکے بازوں زور سے کھینچ کر کہا مگر اسنے ایک آنکھ تک نا کھولی

مائکل بھی کسی سے کم کہاں تھا فوراً سے اسکو اپنی گود میں اٹھاتے وہ اسکو نیند سے بیدار کر ہی

گیا جبکہ وہ چیخنے کے ارادے رکھتی تھی مگر جب مائکل کو دیکھا تو خوف گیا اور غصہ آگیا

کیا تم پاگل ہو نیچے اتارو مجھے۔

بلکل بھی نہیں اتارو گا

کمر پر اپنی انگلیوں کو پیوست کرتا وہ مزید اپنے قریب کرتا ہے برینڈا کو مائکل کی حرکت پر

دل کی دھڑکنیں باغی ہوتی محسوس ہو رہی تھی مائکل نے کیمپس سے باہر رخ کیا اور گھنے جنگل

کی طرف چلنے لگا

مجھے ڈر لگ رہا ہے پلیز مائکل واپس چلو ضد کیوں کر رہے ہو میں نے سنا تھا کہ اچھی لڑکیو کو

بھوت جلدی لے جاتے ہے اپنے ساتھ

مائکل نے اسکی بچو والی باتوں پر صرف مسکراہٹ لبوں پر سجائی

اور جو تمہارے سامنے عجیب مخلوق ہے وہ بھوتوں سے نہیں ڈرتی تم ٹینشن مت لو ہم بس وقت گزارے گے ساتھ اور تم مجھ پر بلیو کرو میں ہر گز تمہیں بھوتوں کو نہیں دو گا میرا خود کا گزارا نہیں اور سب سے بڑی بات کہ مجھ سے زیادہ تمہیں کوئی اور برداشت بھی نہیں کر سکتا

آج تو مائکل بھی اچھے موڈ میں نظر آ رہا تھا برینڈا نے اسکے کاندھے پر اپنے ہاتھو کا حصار باندھا اور باتیں سفر کو مکمل کر رہی تھی

اچھا یہ بتاؤ میں کیسا لگتا ہو تمہیں

مائکل نے گھنی جھاڑیوں کو عبور کرتے برینڈا سے پوچھا

تم ۔ ۔ بہت ہی اچھا سوال پوچھا ہے تم نے تم مجھے بلکل بتمیز جاہل گوار پاگل اور عجیب مخلوق

مائکل نے اپنے قدم ہی روک دیئے اپنی محبت کی منہ زبانی اپنی تعریف سن کر

پہلے لگتے تھے مگر اب صرف میرے لگتے ہو

مائکل کو روکا دیکھ اسنے بات ٹالی

ہمم گڈ پاگل بلی ۔ مختصر سا جواب دیتا وہ ایک درخت کے پاس جا کر روکا اسنے برینڈا کو آرام سے نیچے اتارا

تم کہاں لے کر آئے ہو مجھے تو لگا کہ کسی فیلم کا سین ہو گا اور تم مجھے ایک بڑے سے سفید ٹیبل کے پاس کرا تا رو گے پھر چیئر پر بیٹھنے کا کہو گے

وہ اپنے خواب سناتی ہے جبکہ ساتھ لہجہ افسوس والا تھا اور معصوم سی شکل اسکو دیکھنے پر مجبور کرتی تھی

چپ کر کے بیٹھ جاؤ یہاں پر شوق تو تم میرے پورے کر و چند دن کی زندگی ہے اور تمہں اپنی پڑی ہے ۔ ۔

اسنے ہاتھ تھامتے برینڈا کو اپنے ساتھ درخت کے نیچے ٹیک لگاتے بیٹھایا

کیا تم سچ مچ بیمار ہو

اسنے مائکل کے کاندھے پر سر رکھ کر پوچھا تھا

مجھے اس بارے میں کوئی بات نہیں کرنی کچھ اور بات کرو

مائکل نے برینڈا کی طرف دیکھتے کہا

ہماری پہلی ملاقات یاد ہے

مائکل کا پوچھنا ہی کافی تھا برینڈا کی تو ایسی زبان چلی کہ وہ چپ ہونے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی

ہاں یاد ہے جب میں تمہارے گھر گئی تو مجھے ایسے لگا جیسے کسی شرابی نشئی کے گھر آ گئی ہو اتنی وائنز تھی وہاں پر مجھے بلکل بھی اچھا نہیں لگا کہ تم وائنز پیو ایک بار ویڈنگ ہو جانے تو ساری باہر پھینکو گی

مائکل دل میں مسکرایا تھا کہ وہ وائنز نہیں بلکے بیلو کا خون ہے اسنے مزید آگے سننا چاہا

اور پتا ہے جب دوسری بار ہم ملے تھے کلاس کے باہر اور جب پتا چلا کہ ہم دونوں کی کلاس ایک ہے دل تو کیا تھا کہ کلاس ہی چینج کر لو

وہ اپنی دھن میں ہی بولے جا رہی تھی مائکل بلکل خاموش تھا

اور جب میں نے اپنی فرینڈ کی ویڈنگ میں ڈرنک کی تھی تب بھی مجھے تم پر بہت غصہ تھا کیونکہ تم نے مجھے گیٹ آؤٹ بولا تھا دل کو آرام تب ملا تھا جب تمہیں تھپڑ مارا تھا

مائکل کے کاندھے پر سر رکھتی وہ اسکو ہی سنا رہی تھی

اور جب تم نے میری ہیلپ کی تھی اس ڈیم سے بچایا تھا تب تم مجھے بس نارملی بلکل چھوٹا سا تھوڑا سا اچھا لگتے تھے

ہاتھ کی انگلی سے سائز بتاتی وہ بلکل بچوں والی حرکتیں کر رہی تھی اور مائکل اسکو سن رہا تھا

اور جب تم نے مجھے دھمکی دی تھی اور وہ اپنا بلا میری گود میں رکھا تھا تب دل کیا کہ تمہاری جان لیں لو اور تم ہمیشہ مجھے نظر نا آؤ

اووففف۔ اور کتنی برائی کرنی ہے مجھ سے دیکھو تمہاری بھی تو غلطی ہوتی تھی

مائکل کی بات پر برینڈا نے سر اٹھا کر اسکی طرف دیکھا

کیا مطلب۔۔

وہ معصوم سی شکل بنا کر پوچھتی ہے

پین کلر بہت جلدی بھول جاتی ہو اور کچھ نہیں

دوبارہ سے سر کاندھے پر رکھتے مائکل نے کہا

تمہیں پتا ہے برینڈا جب تم بچو والی حرکتیں کرتی ہو تو مجھے بہت کیوٹ لگتی ہو دل کرتا کہ

تمہیں اتنا پیار دو اتنا کہ تم ہمیشہ خوش رہو

اب مائکل نے مسکرا کر کہا تھا

خوش تو تب رہو جب زندہ رہو گی مجھے سردی لگ رہی ہے خود تو کوٹ ڈال کر آئے ہو یہ

نہیں ہوا کہ ایک عدد میرے لیے بھی لے آتے

برینڈا نے پھر سے سر اٹھا کر کہا

رکو ہم دونوں اس میں ایڈجسٹ کر سکتے ہے

مائکل نے اپنے لانگ کوٹ کے بٹن کھول کر کہا برینڈا نے آنکھیں چھوٹی کر دیکھا

میں بلکل بھی وہ نہیں سوچ رہا جو تم سوچ رہی ہو اس لیے ایسے مت دیکھو

وہ اسکی نظرو کا مطلب سمجھتے خود ہی سے کہتا ہے

جلدی آو سردی لگ جائے گی میری پاگل بلی کو

یک دم شانوں سے کھینچ کر مائکل نے اسکا سر اپنے سینے پر ٹکایا پہلے تو برینڈا نے ہلنا پسند نا کیا مگر پھر خود ہی اسکے کوٹ میں سے مائکل کو ہگ کیا اور پھر مائکل نے کوٹ اس کے گرد پھیلا دیا جبکہ وہ دونوں بہت قریب تھے

جب ہماری ویڈنگ ہوگی تو ہم گھومنے کہاں کہاں جائے گے دیکھو مجھے تو تم لانگ ڈرائیو پر لے کر جاؤ گے ورنہ ایسے ہی رہو کوارے

برینڈا نے بند آنکھوسے ہی بات کی تھی مائکل کی ٹھوڑی تک تو اسکا سر آ رہا تھا اور پھر مائکل نے ہگ بھی اس طرح کیا تھا جیسے کوئی اپنی بلی کو ہگ کر کے سوئے

ناروے ملک کی جس جگہ پر کہو گی لے جاؤ گا بٹ اس ملک سے باہر بلکل بھی نہیں کیونکہ مجھے باقی جگہ پر گھومنا پسند نہیں سوائے ناروے ملک کے

کیوں پسند نہیں یہاں پر ایک تو سردی اور اوپر سے دن نا رات کا پتا ابھی تو شکر گاڈ کا کہ رات کے چند ہی ہفتے رہ گے ہے پھر صبح ہوگی مجھے رات سے ڈر لگتا ہے

اور مجھے دن اچھا نہیں لگتا کتنی سکون کی رات ہوتی ہے اس اندھیرے میں اچھا لگتا ہے مجھے

برینڈا کو مائکل کی بات عجیب لگ رہی تھی کہ کسی کو اندھیرا اتنا کیسے پسند ہو سکتا ہے

زیادہ زور مت ڈالو میں واقف ہو تمہارے خیالوں سے

مائکل نے اسکے سر پر ہاتھ رکھتے ہلکی سی تھپتھپی دیتے کہا

تم میری باتیں کیسے سن لیتے ہو ہاں

تم بولتی ہی اتنا انچا ہو کہ مجھے سنائی دے جاتا ہے

بریندڑا نے مائکل کا امتحان لینا چاہا تھا اب

کتنا شوخا ہے مجھے تو زہر لگتے ہو تم

بریندڑ نے دل میں کہا تھا جبکہ مائکل کو اچھے سے سمجھ آگیا تھا

اب بتاؤ میں نے کیا کہا

کچھ بھی تو نہیں کہا مجھے پاگل بلی نے

مائکل نے بات ڈالنی چاہی

جھوٹے جھوٹ بولتے ہو دیکھو بریندڑا نے سچ کہا تھا چلو اب مجھے میرے کیمپس میں چھوڑ آؤ

مجھے سونا ہے

نہیں ہم واپس کیمپس میں نہیں جا رہے بلکے تم میرے ساتھ یہی پر رہو گی

وہ سن سر اٹھا رہی تھی تو مائکل نے پھر سے اپنے سینے پر ٹکا دیا بریندڑا کا سر

چپ کر کے سو جاؤ بہت باتیں کرتی ہو

برینڈا کے بال سہلاتے وہ اسکو سکون دے رہا تھا وہ بھی اب نیند کی طلبگار تھی اس وجہ سے
آنکھ لگ ہی گئی مائکل نے اسکو سوتے دیکھ کر ایک شدت کے احساس سے اپنے لب
اسکے بالوں میں رکھ کر محبت سے چوما تھا
پاگل بلی بلکل پاگل ہے
اپنی قربت میں بیچ کر وہ خود میں قید کر گیا برینڈا کو مائکل نے اوپر چاند کی طرف دیکھا تھا
وقت وہی پر تھما تھا
نجانے رات کا کونسا پہر تھا جب مائکل نے نیند میں ہی یہ احساس محسوس کیا کہ شاید برینڈا
اسکے پاس نہیں یہی خوف نے آنکھیں یک دم کھول دی تھی
برینڈا۔ وہ خیران تھا برینڈا اسکے پاس نہیں تھی اسنے جلدی سے اٹھتے اردگرد دیکھا تھا مگر وہ
اسکو نظر نہیں آرہی تھی
برینڈاااا۔ وہ چلتے جھاڑیوں سے گزرتا اسکو آوازیں دے رہا تھا مگر پھر وہی آوازیں واپس
کانوں میں آکر گونجتی
برینڈا تم کدھر ہو۔۔۔۔ پلیز مزاق مت کرو۔۔۔۔

مائکل نے پاگلوں کی طرح ارد گرد دیکھا وہ پاگلوں کی طرح بھاگ رہا تھا کہیں تو اسکو برینڈا نظر آ جائے مگر وہ کہیں پر بھی نہیں مل رہی تھی اوپر سے رات کا وقت تھا اور یہ بھی ڈر کہ واپس کیمپس کا راستہ بھی نہیں آتا

کہیں کیمپ۔ میں تو۔

وہ یہی سوچ رہا تھا جب خود کو غائب کرتے اسنے کیمپ کے باہر خود کو پایا وہ پل بھر میں وہاں پر پہنچا تھا اسنے جلدی سے کیمپس کے اندر جا کر دیکھا کہ وہ یہاں پر تو نہیں مگر وہ وہاں پر بھی نہیں تھی وہ اپنی جان جاتے محسوس کر رہا تھا

برینڈا۔۔۔چار۔ چارلی کو پتا ہو گا وہ کدھر ہے

مائکل ابھی چارلی کے کیمپ میں جانے ہی والا تھا جب اسنے چارلی کو باہر فون پر کسی سے بات کرتے دیکھ جلدی سے اپنا رخ اسکی طرف کیا

چار۔۔چارلی۔ برینڈا۔۔ وہ برینڈا کو دیکھا ہے تم نے

سانس پھول چکی تھی ماتھے پر بال بکھرے پڑے تھے وہ ایسے نظر آ رہا تھا جیسے کسی نشئی سے نشان چھین جانے پر حالت ہو جاتی ہے

مائکل یہ کیا حالت بنائی ہوئی ہے اور برینڈا کو میں نے نہیں دیکھا۔ تم مجھے کچھ بتاؤ گے کہ کیا ہوا ہے جو ایسے باہر گھوم رہے ہو ابھی تو چار بجے ہے کیا تم سوئے نہیں

چارلی نے ارد گرد کی باتیں شروع کی مائکل کو کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا

بریںنڈا۔۔۔ نہیں۔۔۔ مل۔۔۔۔ رہی۔۔۔۔ وہ کدھر۔۔۔

مائکل کا اتنا کہنا ہی چارلی کی رگیں اُبھری کر گیا

کیا تم پاگل ہو گے ہو کدھر جا سکتی ہے وہ۔ اور تمہیں کیسے پتا کہ وہ نہیں مل رہی

چارلی نے شک سے پوچھا

وہ میرے ساتھ تھی مگر اب پتا نہیں وہ کدھر ہے میں نے اسکا کیمپ بھی دیکھا ہے مگر وہ نہیں ہے وہاں پر بھی پلیز چارلی مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہی وہ کدھر ہے اگر وہ۔ وہ نا۔ ملی۔ تو۔

آخری لفظوں پر وہ دباؤ ڈالتے چہرے پر خوف لاتا ہے چارلی کو اس ٹائم مائکل اپنے حواسوں پر نہیں لگ رہا تھا

سب غلطی تمہاری ہے اگر تم اسکو پارٹی پر نا لے کر جاتے تو یہ سب بھی نا ہوتا اور اب یہ کیمپس سے دور کے جر گے

چارلی کا غلطی بتانا مائکل کے دماغ میں بس ایک ہی خیال لایا تھا اور وہ بھی بس سینو کا اس قدر غصہ چہرے پر ظبط تھا جیسے وہ آج سینو کی جان ہی لے لے گا

مائکل۔ روکو۔ پلیززز۔ تم کچھ۔ غلط کر دو گے۔

مائکل کو آنکھوں کا کلر چینج کرتے دیکھ چارلی کو اسکا مطلب سمجھ آ رہا تھا وہ اسکو آوازیں دیتا رہا مگر مائکل وہاں سے چلا گیا اب چارلی کا دماغ گھوم رہا تھا پتا نہیں وہ آگے کیا کریں گا مگر آج پہلی بار اسنے مائکل کو اتنا جذباتی دیکھا تھا مگر ایک چیز ان سب پر بھاری تھی اور وہ خوف تھا

تیز رفتار سے وہ ہر جھاڑی کو عبور کرتا جنگل میں ڈھونڈ رہا تھا پھر یک دم روک کر انسے کچھ سوچا تھا

اپنے خیال کے ذہن میں آتے ہی مائکل نے ایک پل میں خود کو غائب کیا تھا اور جب پل بیتا تو وہ اپنے باپ کے گھر کے باہر کھڑا تھا

تم نے بہت غلط کیا ہے۔ تمہیں اسکی سزا ملے گی

وہ یہی کہتے اس اندھیرے سے گھر میں داخل ہوا تھا گھر کے اندر آنے پر بلکل وہ کسی پرانے زمانے کے محل کی طرح لگتا تھا

بریندڑا!!!۔ بریندڑا!ریندڑا!!!!۔

وہ چیخ چیخ کر اپنے پیار کا نام لے رہا تھا مگر وہی نام واپس اسکے کانوں میں گونجتا کیونکہ اس محمل نما گھر میں صرف مائکل ہی آواز بنا رہا تھا بلکل خاموشی میں نا گونج رہا تھا

مائکل۔ آج تم یہاں۔ پر

جے نے اوپر سیڑھیوں سے مائکل کو دیکھتے کہا

برینڈا کدھر ہے مجھے پتا ہے کہ سینو بھی اسی گھر میں ہے آپ دونوں نن نے ے۔۔۔۔

آرام سے ڈیئر چلڈ وہ لڑکی کیا نام تھا ہاں برینڈا۔ لڑکی۔ میرا مطلب انسان یہاں پر ہی ہے

تم بس یونہی ٹینشن لے لیتے ہو تمہیں پتا ہے ایک بار تم اسی طرح سے مجھے دھمکی دی تھی

پھر میں نے اس کو مار دیا تھا جس کے لیے تم نے مجھے دھمکی دی تھی

مائکل نے ہال کے درمیان میں کھڑا تھا آنکھیں سرخ تھی جسم نڈھال ہو چکا تھا اور مائنڈ

ماؤف ہو رہا تھا وہ بلکل جنونیت کے سرے پر کھڑا تھا

مگر جس کے لیے دھمکی دی تھی اسکو واپس بھی تو اپنے اپنا جیسا بنا دیا مگر اس بار وہ سینو

نہیں جس کے لیے میں صرف دھمکی دو بلکہ اس بار وہ برینڈا ہے اور میں دھمکی نہیں دے رہا

بلکلہ سب تباہ کرو گا

مائکل بھی چیختے کہتا ہے اس قدر غصہ سوار تھا کہ رگیں اُبھری پڑی تھی بس نہیں چل رہا تھا

سب کو زندہ آگ لگا دے اور دھمکی نے اس میں اضافہ کر دیا

تم اپنے باپ کو دھمکی دو گے یہ مت بھولو کہ تم سے زیادہ پاور فول ہوں

جے نے بڑے ہی غرور سے کہا تھا

یہ بھی مت بھولے کہ میں بیٹا بھی آپکا ہی ہوں

مائکل کا جواب سن جے نے سیڑھیوں سے نیچے آتے خاموشی سے صوفے پر بیٹھتے کچھ کہا
تھا جیسے وہ مائکل کو سیریس ہی نا لے رہا ہو اور وہ ادھر مر رہا تھا
دیکھتے ہے پھر ایک انسان کو کتنی زندگی دے سکتے ہو تم
میں آخری بار پوچھ رہا ہو برینڈا کدھر ہے
مائکل نے سر پھرے انداز میں پوچھا تھا جے کو اور بھی مزا آ رہا تھا
کافی خون بہہ گیا تھا اسکا مجھے تو لگا کہ تم اسکے بلڈ کی سمل سے ہی ڈھونڈ لو گے اسکو وو۔
مائکل کے لیے یہی برداشت سے باہر تھا جو وہ سن چکا تھا اس بات کا زرا بھی لحاظ کیے کہ
سامنے میرا باپ ہے سیدھا جا کالر سے پکڑا
ویمپائر سے ڈیول بننا مشکل نہیں اور اگر میں ایک بار بن گیا تو پھر آپکی زندگی پوری ہو چکی ہے
اس دنیا میں
ابھی تک آنکھو کا رنگ سرخ تھا جب سے غصہ ساتویں آسمان پر چڑھ چکا تھا جے کو یک
دم صوفے کے پیچھے دھکیلتے وہ برینڈا کے احساس کو محسوس کر رہا تھا کہ وہ کہاں ہو سکتی
آہستہ سے کسی کی سسکیوں کی آواز پر وہ پیچھے مڑ کر دیکھتا ہے
یک دم بھاگتے وہ اوپر والے کمرے میں جا رہا تھا اوپر آنے پر کئی پیلر تھے کئی کمرے تھے
یہاں پر وہ ہر دروازے کو کھلوتا برینڈا کو ڈھونڈ رہا تھا

ایک دروازے کو کھولتے وہ واپس جانے کے لیے بند کرنے لگا تھا مگر تبھی نظر ایک خون میں لت پت وجود پر گئی جو ڈرا سہما گھٹنوں میں منہ چھپائے رو رہا تھا مائکل نے اپنی آنکھیں کا رنگ نارمل کیا

برینڈاااا۔ برینڈاااا۔

مائکل نے چیختے اسکا نام پکارا تھا وہ بھاگتے اسکے پاس آیا نیچھے اسکے ساتھ فرش پر بیٹھتے مائکل نے ایک ہی پل میں خود میں بھینچ لیا

مامم۔ مائکل۔

برینڈا کے لب تک الفاظ ادا نہیں کر رہے تھے وہ آج پہلی بار اتنی خوف زدہ تھی سارے کپڑے خون سے رنگ چکے تھے مائکل نے اسکے گالوں کو اپنے ہاتھوں کی ہتھیلیوں میں لیا

کچھ نہیں ہوا تم سیف ہو میرے پاس ہو ہم جا رہے ہے یہاں سے تم بلکل ٹھیک ہو برینڈا

ایک بار پھر سے اسنے برینڈا کو اپنے سینے میں چھپا لیا تھا نجانے کس چیز کا خوف سوار ہو چکا تھا برینڈا کے ذہن پر کہ وہ بلکل خاموش سی ہو گئی تھی مائکل نے نوٹ کیا تھا کپڑوں پر صرف بلڈ تھا جبکہ چوٹ ایک بھی نہیں تھی

ووو۔ وہ۔ مائ۔ مائکل۔۔

برینڈا نے مائکل کے پیچھے ہاتھ سے اشارہ کرتے کچھ کہنا چاہا تھا

اسنے پیچھے مڑ کر دیکھا تھا اور بس پھر کچھ سمجھ ہی نا آیا کہ وہ اپنے حواس ہی کھو بیٹھے گا تتم ۔ ۔ سینو جو دیوا کے ساتھ کھڑی تھی مائکل نے برینڈا کو وہی پر چھوڑتے اسکا گلہ دبا کر اپنی آنکھیں گاڑے دیکھا تھا کچھ پل کے لیے تو سینو بھی ڈری تھی

میں تمہاری جان لے لوگا

مزید زور سے دباتے وہ اسکو دیوار کے اوپر دھکیل رہا تھا وہ بار بار مائکل کا ہاتھ پیچھے کرنے کی کوشش کر رہی تھی

مما مائکل ۔ ۔ پل پلیززز

مائکل نے یک دم اپنا ہاتھ پیچھے کیا اور ہوا میں ہلایا

برینڈا نے اپنی آنکھیں بند ہوتی محسوس کی تھی وہ سینو کے ساتھ مائکل کو دیکھ رہی تھی جبکہ آنکھوں کے سامنے اندھیرا آرہا تھا اور دیکھتے ہی دیکھتے وہ بیہوش ہو جاتی ہے شاید صرف خوف کی وجہ تھی

سینو اپنا سانس ٹھیک کر رہی تھی مائکل نے اس قدر ظبط سے اسکا گلہ دبایا تھا کہ وہ کھانسنے کے ساتھ سانس میں سانس ملا رہی تھی

مائکل نے ایک نظر پیچھے مڑ کر دیکھا تھا

برینڈا۔ تمہیں ۔ ۔ ۔ اسنے ایک ہی پل میں برینڈا کو اپنی گود میں بھرا تھا وہ جلدی سے اسکو کمرے سے باہر لے گیا جے نے مائکل کو برینڈا کے قریب دیکھ کر اپنا غصہ کنٹرول کیا مگر چہرے پر ایک مسکراہٹ تھی جو مائکل کے چہرے پر خوف کو دیکھ کر آئی تھی

اگلی بار اصلی خون ہو گا ڈیئر مائکل

جے نے جان بوجھ کر کہا تھا

بڑے ہی آرام سے صوفے پر بیٹھا وہ کافی مزے سے وائن پی رہا تھا مائکل کیا جواب دیتا دماغ سارا سون ہوا پڑا تھا برینڈا کی وجہ سے وہ گھر سے باہر آنے پر واپس کیمپس میں جانا چاہتا تھا تیز رفتار سے اسنے سفر طے کیا تھا

صبح کے سات بج رہے تھے سب سٹوڈنٹس کو چارلی نے کہیں پر بھی جانے سے منع کر دیا تھا اور واپس جانے کے لیے بس ڈرائیور سے بات کی تھی جبکہ برینڈا کو سلیپنگ پین دے کر آرام کرنے کے لیے سلا دیا گیا تھا جین اسکی فرینڈ برینڈا کے پاس تھی وہ بہت ہی پریشان تھی اپنی دوست کو لے کر اسنے ایک پل کے لیے بھی برینڈا کو اکیلا نہیں چھوڑا تھا

تھوڑی دیر بعد اسکو ہوش آنے پر جین کو سکون آیا تھا

تم سیف ہو برینڈا

وہ برینڈا کے پاس بیٹھی کہتی ہے برینڈا نے بیٹھنا چاہا تو انسے زحمت کرنے سے روکا

لیٹی رہو تمہاری وجہ سے جان نکل گئی تھی یار تم کیوں نکلی تھی کیمپ سے باہر مجھے تم پر بہت ہی غصہ ہے

برینڈا نے اسکی بات کا کوئی جواب نا دیا تھا

اچھا تم ریسٹ کرو بس آدھے گھنٹے تک ہم واپس جا رہے ہے اور تم اب اکیلی کہیں پر بھی مت جانا بڑی مہربانی ہوگی تمہاری

پیار اور غصے کے ملے جلے تاثرات سے وہ بولی تھی برینڈا کو مائکل کا خیال آیا تھا کہ وہ وہاں پر کیسے پہنچا تھا اور سینو کو برینڈا سے کیا مطلب تھا جبکہ اسنے ہاتھ تک نہیں لگایا تھا برینڈا کو وہ اپنی سوچو میں الجھ رہی تھی

ایک آہ بھرتی اسنے آنکھیں بند کی تھی

تقریباً آدھے گھنٹے بعد بس تیار تھی واپس جانے کے لیے سب سٹوڈنٹس بس میں جا کر بیٹھ گے تھے جین نے برینڈا کو اپنے ساتھ بس میں داخل کیا

برینڈا نے نوٹ کیا تھا کہ مائکل پہلے اسی سیٹ پر بیٹھا تھا جبکہ برینڈا کے لیے سیٹ ابھی تک خالی رکھی تھی اسنے

ایک نظر مائکل کی طرف دیکھا تھا برینڈا نے ۔ نجانے کونسا احساس تھا اسکی آنکھوں میں جیسے وہ شرمندہ ہو پہلی بار پارٹی میں لے کر جانا بھی مائکل کی غلطی تھی اور اس بار جنگل میں لے کر

جانا بھی مائکل کی ہی غلطی تھی مائکل نے ایک بار بھی پلکے نہیں جھپکی تھی وہ بس برینڈا کی آنکھوں میں دیکھ رہا جین نے اپنا اور برینڈا کا سامان اوپر والے پورشن میں رکھا تھا مگر جب برینڈا کو مائکل کی طرف دیکھتے نوٹ کیا تو فوراً سے اسکا ہاتھ کھینچ کر اپنے ساتھ والی سیٹ پر بیٹھا دیا کیونکہ وہ اب اسکو مائکل کے ساتھ نہیں جانے دینا چاہتی تھی تھوڑی سی خبر تو جین کو بھی تھی کہ وہ رات کو مائکل کے ساتھ گئی تھی مگر کسی کو بتایا نہیں تھا

تم ادھر بیٹھی رہو اور ہلنا مت

جین نے اسکو دھمکی دے کر سمجھایا تھا

مائکل نے فون نکال کر میسج ٹائپ کرنا چاہا تھا مگر پھر خود کو روک دیا

تھوڑی دیر بعد بس چل پڑی تھی مائکل بلکل بے چین سا تھا زرا چین نہیں تھا وہ برینڈا سے بات بھی نہیں کر رہا تھا نجانے وہ کتنا ناراض ہو گی مائکل سے۔ بس یہی خیال اسکو بار بار روک رہا تھا

سب سٹوڈنٹس اپنے گھر چلے گے تھے جبکہ چارلی اور بیلا بھی اپنے گھر چلے آئے تھے مگر مائکل کو لیزا میڈم نے اپنے گھر بلایا تھا اس وجہ سے وہ برینڈا کے ساتھ ہی گھر گیا تھا نجانے وہ برینڈا سے بات تک کرنے کی ہمت کھو چکا تھا وہ واقعی اپنی غلطی کو سیریس لے چکا تھا گھر

آنے تک ان دونوں میں زرا بات نا ہوئی تھی کیفے آنے پر برینڈا سیدھا اپنے کمرے میں چلی گئی جبکہ آج مائکل اور لیزا میڈم کی میٹنگ کا سین چل رہا تھا

کیا ہوا ہے مائکل آج تم نے کوفی نہیں پینی

مائکل کو تو آج کوفی کا بھی خیال نہیں تھا اسنے فوراً سے نفی میں سر ہلایا تھا وہ دونوں آمنے سامنے بیٹھے تھے

تمہاری فیملی میں کون کون ہے ؟!؟

وہ سامنے پڑے کوفی کا کپ اٹھانے ہی والا تھا جب یہ سن ہاتھ ہوا میں ہی روکے

صرف میں ہوں اور میرا دوست چارلی جو یونیورسٹی میں پروفیسر ہے برینڈا اور میرا ٹیچر

مائکل نے کہتے اپنے لب خشک سے کیے وہ بہت ہی نروس ہو چکا تھا

ہمم۔ تمہیں نہیں لگتا کہ میں ایک اکیلے لڑکے کو کیسے پسند کر سکتی ہوں اپنی برینڈا کے لیے کوئی ایک بات بتا دو جو مجھے ایسی لگے کہ تم برینڈا کے لائق ہو

مائکل نے کرسی پر ہلنے کے سے انداز میں سیدھا ہوتے بیٹھنا چاہا

مجھے نہیں لگتا کہ برینڈا کا مجھ کو لے کر فیصلہ غلط ہو گا کیونکہ وہ مجھ پر یقین کرتی ہے اور میں اسے پیار

میں نے بات پوچھی ہے وضاحت نہیں

لیزا میڈم اب مائکل کا امتحان لے رہی تھی

میں برینڈا سے اتنا پیار کرتا ہو کہ ساری زندگی اسکا انتظار کر سکتا ہوں ہاں مگر میں یہ بلکل بھی برداشت نہیں کروگا کہ میرے پیار کا کوئی اور منتظر ہو کیونکہ یہ حق صرف میرا ہے ناکہ کسی اور کا

اسنے اتنے کانفیڈنس سے بولا تھا کہ لیزا میڈم بھی خیران رہ گئی کیا وہ اتنا ہی پیار کرتا تھا انکی بیٹی سے اگر دیکھا جائے تو مائکل جواب میں یہ بات بھی کہہ رہا تھا کہ اسکی ویڈنگ کسی اور سے میں ہونے نہیں دوگا کیونکہ کوئی اور اسکا منتظر ہو وہ مائکل کو کہاں پر برداشت تھا

ہمم ۔ لیزا میڈم نے مختصر سا جواب دیتے کوفی کو پینا چاہا مائکل نے بھی ایک نظر کیفے کی طرف دیکھا تھا اور کوفی کا کپ تھامتے پینے لگا

چارلی ۔ چارلی ۔ ۔ اٹھو۔ اور کتنا سونا ہے تم نے

بیلا نے سفید جالی نما پردے کو شیشے کی کھڑکی سے پیچھے دھکیل کر کہا جبکہ چارلی نے کمفرڈ میں منہ چھپا لیا وہ اسکی نیند میں ہلل ڈال رہی تھی

مجھے سونا ہے اب تنگ مت کرو آگے ہی چار بجے کا اٹھا ہوا ہوں

اب تو دن کے نو بج چکے ہے

وہ بھی اٹل ہو کر بولی تھی

تو۔ کیا کرو سونے دو اور جاؤ یہاں سے

وہ کمفرڈ میں ہی جواب دے رہا تھا بیلا کو اسکا جانے کا کہنا برا لگا

کمرے میں خاموشی کو محسوس کرا اسنے سوچا کہیں سچی کی تو بیلا نہیں چلی گئ جلدی سے کمفرڈ کو اتارے وہ بیٹھا

بیلا کو کمرے میں نا پاتے وہ جلدی سے بیڈ سے اٹھتا باہر نکلا

بیلاا۔

"Surprisehappythreeyear'sofmarriageCharlie"

چارلی کے الفاظ ابھی آدھے ہی تھے جب بیلا نے اسکو پیچھے سے ہگ کرتے کہا وہ پل بھر میں خیران ہوا

مگر بیلا۔

اسنے بیلا کے ہاتھوں کو تھام کر اپنے آگے کی طرف کیا وہ دونوں آمنے سامنے کھڑے تھے

اگر مگر کچھ نہیں آج باہر لے کر جاؤ ہم اسکو سلیبریٹ کریں گے جیسے ہم دونوں چاہتے تھے

بیلا نے پھر سے چارلی کو ہگ کیا خوشی چہرے سے ہی جھلک رہی تھی

میری کمر نہیں سہلاؤ گے جو یوں بت بن گے ہو

وہ شکایت کرتی ہے چارلی نے مسکرا کر اسکی کمر سہلائی تھی وہ اپنے مظبوط حصار میں لیتا بیلا کو خود میں چھپا گیا

مائکل نے گھر آکر برینڈا کو میسج کرنا چاہا مگر ابھی تک وہ ہمت نہیں جما کر سکا تھا

شاور لینے کے بعد وہ اپنے بال سہلاتا بیڈ پر آکر بیٹھتے ہی فون نکال کر اسنے ڈائریکٹ کال ملائی

پہلے تو کال ریسیو نہیں کی گئی تھی دوبارہ ملانے پر بھی ایسا ہی رسپانس ملا

ایک بار پھر سے اسنے کال ملائی

مائکل میں ابھی بہت ہی بزی ہو پلیزززز کال مت کرو

مگر میری بات تو سنووو۔۔۔۔

ہوا کی رفتار سے کال اٹھائی اور حکم سنا کر کال بند کر دی

عجیب لڑکا ہے موویی بھی نہیں دیکھنے دیتا اتنا مزے کا سین چل رہا تھا

برینڈا نے کمفرٹر میں منہ چھپائے انگلش مووی لگائی ہوئی تھی وہ بڑے ہی غور سے مووی دیکھ رہی تھی جب مائکل کی کال نے اسکو ڈسٹرب کر دیا تھا

ہائے کیا اب وہ اسکا خون پی جائے گا

فون کی سکرین پر ویمپائر مووی کو دیکھتے وہ بولی تھی جس میں سین بھی کچھ بہت ہی کلوز والا چل رہا تھا

وہ لڑکی کی گردن پر جھکتا اپنے دانت بڑے کر رہا تھا اسے آگے مزید کچھ دیکھ سکتی مائکل نے پھر سے کال کی

کیا مصیبت ہے مائکل کیوں چین نہیں تم میں اتنا رومنٹک سیسس۔۔

وہ کہتے کہتے روکی تھی اب خیال آیا کہ وہ جو کہہ چکی ہے اسکو شرمندہ ہی کرے گا

کیا تم مووی دیکھ رہی ہو

بریںڈا نے چہرے کے زاویے بناتے جواب دیا

ہاں اور بہت ہی ڈرونا سین چل رہا ہے مجھے مزید آگے دیکھنا ہے اب تنگ مت کرنا

اگر اتنا ہی ڈرونا سین ہے تو دیکھ کیوں رہی ہو

مائکل نے بیڈ کراؤن سے ٹیک لگاتے کہا تھا چہرے پر تھوڑی سی مسکراہٹ تو آئی ہی تھی

سچ کہتے ہے من پسند شخص سے بات ہو جائے تو اسکی باتیں بھی دنیا لگنے لگتی ہے

کیا کرو بچپن سے عادت ہے ان چیزو سے ڈر بھی لگتا ہے پر دیکھ بھی لیتی ہو ساری کی ساری

مائکل اب اسکو ڈرانا چاہتا تھا تبھی تو کچھ یاد کرا گیا

تمہیں پتا ہے بریندا تم نے مجھ سے کہا تھا کہ اچھی لڑکیوں کو بھوت اپنے ساتھ لے جاتے ہے اگر تمہیں ایسا لگے کہ تمہارے کمرے میں کوئی ہے تو مجھے بتا دینا اوکے

وہ مائکل کی بات پر خیران سی ہوئی تھی

کیوں بتاؤ تمہیں وہ اگر آتا ہے تو آ جائے میں نہیں ڈرتی اسے اوکے اب تنگ مت کرنا ورنہ کوارے رہو گے

وہ ہمیشہ کی طرح اسکو کوارے رہنے کی دھمکی دیتی ہے مائکل کے فون سکرین پر نظر جانے سے پہلے ہی وہ کال اینڈ کر چکی تھی

"thenun"سر تا پیر وہ کمفرڈ میں چھپی فون کی سکرین کو اوپر نیچے دھکیل رہی تھی تبھی" مووی کے سین پر غلطی سے کلک ہوگیا

سٹارٹ پر تو دروازے کے کھلنے کی آواز ہی ایسے تھی جیسے کوئی بھوت اپنی زبان میں گانا گا رہا ہو وہ مزید دروازے سے آگے دیکھتی عجیب مخلوق نام سے میسج آیا دراصل وہ تنگ آکر مائکل کا نمبر اس نام سے سیو کر چکی تھی

بریندا ہارر مووی مت دیکھو

جلدی سے ٹائپنگ کر اسنے جواب دیا

کیوں نا دیکھو میں کسی سے نہیں ڈرتی اور پلیززز میسج مت کرو

سینڈ پر کلیک کرتی وہ دوبارہ سے مووی دیکھنا چاہتی تھی مگر تبھی اسنے اپنے کمفرڈ پر کسی کا سایا محسوس کیا

اسنے جلدی سے مائکل کی بات یاد کی کہ اگر بھوت آیا تو مجھے بتا دینا

جلدی سے عجیب مخلوق نمبر پر میسج ٹائپ کرتی وہ اپنے سونے کے انداز سے ہلی تک نا تھی

ہائے مائکل کیسے ہو سو گے ہو وہ دراصل مجھے کہنا تھا اا

اسنے مزید ٹائپنگ کی ہی نہیں تھی جب وہ سایا بلکل اسکے کمفرڈ پر آ پہنچا جلدی سے آنکھیں بینچ کر وہ منہ پر ہاتھ رکھتی ہے خوف سے سانس بھی پھولا چکی تھی مگر وہ سانس روک کر جان پر بنا رہی تھی

آہستہ سے ہاتھ کمفرڈ پر رکھتے اسنے کمفرڈ کو کھینچ کر نیچے اتار کر زمین پر گرا دیا برینڈا کی بند آنکھوں اور ڈر سے چیخ نکلتی یک دم ہاتھ اسکی ٹھوڑی پر رکھتا وہ اسکے لب بند کر گیا

کہتا ہو نا کہ بچے ہارر مووی نہیں دیکھتے پھر کیوں لگائی تھی تم نے

مائکل نے برینڈا کے اوپر اپنا سایا کیا کیونکہ وہ اسکے اوپر جھک کر بات کر رہا تھا

وہ کچھ بول ہی نہیں سکتی تھی کیونکہ ہتھیلی نے منہ بند کر رکھا تھا

اب کیا ہے جو ایسے دیکھ رہی ہو

مائکل اسکی آنکھو کے زاویے نا سمجھتا پوچھتا ہے مگر جب سمجھ آیا کہ وہ ہاتھ پیچھے ہٹانے کو کہہ رہی ہے تو جلدی سے ہاتھ پیچھے ہٹایا اور بس برینڈا کا جتنا بھی غصہ تھا مائکل کو شانوں سے پکڑتی یک دم اپنے بیڈ کی دوسری سائیڈ پر گراتی وہ بلی کی طرح اس پر جھکتی چھپے مارتی ہے
تم ۔ تم ۔ تمہاری تو میں ناک توڑ دوگی ۔ یہ کوئی طریقہ ہے ۔ کمرے میں آنے کا ۔ ۔ بتمیز جاہل ۔ گوار ۔ گندے والے بھوت ۔
وہ ہر لفظ بولتی مائکل کے چہرے کے قریب تر قریب جا رہی تھی جبکہ وہ اپنی آنکھیں بند کرتا اسکی سن رہا تھا اپنی انگلی سے وارن کرنے والے انداز میں وہ مائکل پر غصہ کر رہی تھی
میں ۔ میں نے کیا ۔ کیاااا ۔
مائکل نے آہستہ سے کہنا چاہا تو برینڈا نے اسکی شرٹ کو مٹھی میں زور سے تھاما وہ یہ بھی خیال نا لا سکی کہ اس وقت مائکل کے پیٹ پر بیٹھی ہے اور اب تو شرٹ بھی پکڑلی تھی
تمہیں اندازہ بھی ہے کہ میں کس قدر ڈر گئی تھی صرف تمہاری وجہ سے اگر وہ سچ مچ کا بھوت ہوتا تووو
مائکل نے آنکھیں کھول ایک نظر اپنے اوپر اسکے بیٹھنے کے سٹائل پر دی تھی جب برینڈا کو سمجھ آیا کہ وہ کس انداز میں بیٹھی ہے تو پشیمان ہوتی جلدی سے اٹھنے والی تھی تھی مائکل نے

پیٹ سے پکڑ کر اپنی دوسری جانب جہاں وہ پہلے لیٹی تھی وہاں پر لٹاتے خود کو جھکایا جبکہ اب اسکی شرٹ سے لاکٹ باہر نکلا تھا اور آنکھیں چھوٹی کرتا وہ برینڈا کی طرف دیکھ رہا تھا

اچھا ریلیکس ہو جاؤ غصہ مت کرو

بڑے ہی آرام سے کہتے وہ اسکو سمجھا رہا تھا

کیوں نا کرو یہ سچ مچ مجھے اچھا نہیں لگا

ابھی تک غصہ ہے تمہیں ؟!؟

مائکل نے سوال پوچھا

ہاں بہت سارا اور پلیززز میرے اوپر سے اٹھو مجھے عجیب لگ رہا ہے

برینڈا نے دونوں ہاتھوں سے اسکے وجود کو پیچھے کرنا چاہا

اور اگر میں کہو کہ نا ہٹو تو

دونوں ہاتھوں کو کلائی سے پکڑتے وہ جدوجہد سے دور کر گیا مائکل اب برینڈا کا امتحان لے رہا تھا جب مزید قریب ہوتے اسنے اپنی گرم جھلستی سانسیں مقابل کے چہرے پر گرائی

برینڈا تو ساکت سی ہو گئی تھی

آہستہ سے آنکھیں بند کرتا برینڈا کے گال کو لب سے چھو کر وہ جذبات کو آگ لگا رہا تھا

آہستہ سے جھکاؤ پیشانی پر کرتا وہ وہاں پر بھی لمس دیتا دوسرے گال پر جھکتا کان کی لو کو چھو کر کچھ سرگوشی نما کہتا ہے

موویز کم دیکھا کرو

برینڈا نے جواب کچھ بھی نا دیا تھا مائکل نے اسکو جواب کے حال میں چھوڑا ہی کہاں تھا

آہستہ سے پیچھے ہوتے وہ برینڈا کے چہرے سے دوری بنا گیا تھا اسنے نوٹ کیا تھا کہ برینڈا نے ابھی تک آنکھیں بند کی ہوئی تھی

برینڈا نے اپنے لب تر کر ان کو کاٹا تھا جبکہ مائکل اسکی حرکت پر قہقہہ لگانا چاہتا تھا مگر پھر مسکراہٹ دباتے اسنے کنٹرول کیا تھا

میں کوئی بھوت نہیں ہو جو دیکھنے سے پرہیز کر رہی ہو آنکھیں کھولو

ماتھے پر بل ڈالے اسنے پہلی ایک آنکھ کھول کر دیکھا جب مائکل سامنے جھکا مسکرا رہا تھا

تبھی دوسری آنکھ بھی کھول لیتی ہے غلطی بھی برینڈا کی تھی وہ بھی تو کچھ بھی سوچ رہی تھی

تم کیوں مسکرا رہے ہو

جو مسکراہٹ چھپانا چاہتا تھا وہ برینڈا نے دیکھ لی تھی

نہیں۔ نہیں۔ بس یونہی۔

مائکل نے جان بوجھ کر انکار کیا وہ مسلسل چہرے پر مسکراہٹ لا رہا تھا جو برینڈا اچھے سے سمجھ گئی تھی

بھاڑ میں جاؤ

یک دم دھکا دیتی وہ اسکو اپنے اوپر سے ہٹا ہی گئی تھی

جاؤ یہاں سے مجھے سونا ہے

جلدی سے بیڈ سے نیچے اوتر کر اسنے کمفرڈ کو اٹھایا اور جھاڑ کر بیڈ پر رکھا جبکہ مائکل بڑے ہی آرام سے دوسری سائڈ پر لیٹا تھا جیسے اسکو کچھ فرق ہی نا پڑتا ہو

تو سو جاؤ اگر رات کو سچ میں بھوت آگیا تو میں اسکو سمجھا دوگا کہ پاگل بلی تمہیں زندگی دے گی اسے اچھا ہے کہ مرے ہی رہو

اور ویسے بھی تم نے مجھے میسج کیا تھا ہیلپ کے لیے اب دیکھو میں ہیلپ کر رہا ہونا

گردن پر ہاتھ باندھے وہ آنکھیں بند کرتا بڑے ہی آرام سے کہہ رہا تھا

یہ مت بھولو کہ وہ بھوت بھی تم ہی تھے اس لیے اچھا ہوگا کہ تم یہاں سے جاؤ ورنہ تم ہمیشہ کوارے رہو گے

یہ ہر بات پر تم مجھے کوارے رہنے کی دھمکی کیوں دیتی ہو ہاں

مائکل نے اٹھ کر بیٹھتے پوچھا

میری ۔۔ میری مرضی۔

جلدی سے بیڈ پر لیٹتے اسنے کمفرڈ میں خود کو چھپایا جبکہ وہ سیدھا لیٹی تھی

اچھا بات تو سنو۔

بھاڑ میں جاؤ۔

مائکل نے ہنسی کنٹرول کی تھی اگے سے آتے جواب پر

ٹھیک ہے میں نہیں جا رہا یہاں سے اگر بات نہیں سنو گی

پھر سے دوسری سائیڈ پر بڑے ہی آرام سے وہ لیٹ گیا

بھاڑ میں جاؤ بھاڑ میں جاؤ بھاڑ میں جاؤ

وہ تو ایسے کہہ رہی تھی جیسے لیسن کو ریوائز کر رہی ہو

تھوڑی دیر تک وہ یہی بولتی رہی تھی جب آگے سے مائکل کی آواز نا سنائی دی تو شکر ادا کرتی وہ کمفرڈ سے باہر چہرہ کرتی ہے

آئی لو یو

جیسے ہی کمفرڈ سے باہر چہرہ ہوتے دیکھا تھا تو مائکل نے جلدی سے گال کو چومتے کہا جیسے وہ انتظار میں تھا اسکے باہر دیکھنے کو

آئی ہیٹ یو بھاڑ میں جاؤ

جلدی سے کمفرڈ میں چھپتے وہ غصے سے کہتی ہے

اب دل میں عہد تھا کہ صبح ہو جانے تک وہ کمفرڈ میں ہی چھپی رہے گی کافی دیر ہو چکی تھی وہ اپنے عہد کو پورا کرتی ہے مگر مائکل اسکی دوسری سائڈ پر ہی تھا جب وہ مکمل نیند کی وادیوں میں کھو گئی تھی تب اسنے آہستہ سے کمفرڈ کو اسکے چہرے سے ہٹایا تھا

اسنے نوٹ کیا تھا کہ اتنی سردی میں بھی اسکو پسینہ آیا ہوا تھا اور چند بال ہونٹوں سے لیپٹ چکے تھے

آہستہ سے اسنے لٹ کو پیچھے دھکیلا تھا مگر تبھی برینڈا نے سائڈ چینج کرتے اسکی انگلی کو دانتوں میں دبایا جو مائکل کو چیخنے پر مجبور کر رہا تھا

پاگل بلی۔

جلدی سے انگلی پیچھے کرتے وہ معصوم سی شکل بنا تا چیخ بھی نہیں سکتا تھا دل تو کر رہا تھا کہ اسکو نیند سے ہی اٹھا دیں مگر پھر دل نے اجازت ہی نا دی تھی

وہ اسکی طرف لیٹا ٹکٹکی باندھے بس اسکو ہی دیکھ رہا تھا

ساری رات محب کو تکتے ہی گزری تھی وہ رات بھر اس کمرے سے باہر نہیں نکلا تھا کیونکہ وہ اب برینڈا کو پھر سے اکیلا نہیں چھوڑ سکتا تھا اس لیے ۔ اب تو بس صبح کا انتظار تھا کیونکہ کل کا دن مائکل اور برینڈا ان دونوں کے لیے بہت ہی سپیشل تھا جو صرف لیزا میڈم اور

مائکل ہی جانتے تھے کیونکہ بریندڑا کو ابھی تک کسی نے کچھ بھی نہیں بتایا تھا وہ بھی صرف مائکل کے کہنے پر

پورا دن وہ دونوں کافی گھومے تھے کافی زیادہ انجوائے کیا تھا مگر سلیبریٹ رات ساڑھے گیارہ بجے کرنے کا چارلی نے کہا تھا اس لیے وہ بیلا کو گھر پر چھوڑتا خود کہیں باہر چلا گیا جبکہ واپس جلدی آنا تھا مگر وہ ابھی تک نہیں آیا تھا بیلا دس بجے کا ویٹ کر رہی تھی ذوع ابھی ساڑھے گیارہ بج چکے تھے شدید غصہ تھا کہ وہ ابھی تک نہیں آیا

بیلا۔ تم ریڈی ہو

فون یوز کرتے وہ اندر آیا تھا جب ایک نظر فون سے ہٹی اور دوسری بیلا پر گئی مگر دوبارہ نظر بیلا سے ہٹی ہی نا تھی

تم لیٹ کیوں ہو گے تھے میں تمہارا کب سے ویٹ کر رہی ہو اور تم ابھی آ رہے ہو کدھر تھے

فوراً سے چارلی کی طرف رخ کرتی وہ اسکو اپنا غصہ دیکھا رہی تھی جبکہ وہ بیچارہ تو اسکو دیکھے ہی جا رہا تھا

اب چپ کیوں ہو

جب آگے سے کچھ جواب نا ملا تو بیلا نے اور انچا بولا

اسکی ڈریسنگ کو نوٹ کرتا چارلی اپنے لب تر کرتا ہے وہ آج سچ میں بہت پیاری لگ رہی تھی بلیک گھٹنوں تک آتی فراک پہنے بالو کو آزاد کیے ہلکے سے میکپ میں جبکہ لب ریڈ لیپ سٹیک اور ہائی لیز میں وہ چارلی کے ارادے تک بدل سکتی تھی

دیکھو بس آدھا گھنٹہ باقی رہ گیا ہے اور تم ابھی آ رہے ہو گھر۔

وہ چارلی کی خاموشی کو زہر سمجھ رہی تھی

چپ کیوں ہو۔۔ ششش۔ بیلا اسے آگے کچھ بول ہی نا پائی تھی جب چارلی نے یک دم آگے بڑھ کر کمر میں ہاتھ ڈال اسکو اپنے اوپر جھکایا تھا

اس بار بولنا کون چاہے گا خاموشی ہی بہتر ہے آج

بیلا اسکی عجیب باتوں کو سمجھ نا پائی

پیچھے ہٹو۔

بیلا نے دھکا دیتے کہا وہ چند قدم پیچھے ہوا تھا

اچھا سوری اب چلیں آگے ہی کافی لیٹ ہو گے ہے

شکر ہے آپ کو بھی اسکا خیال آیا

بیلا نے طنزیہ انداز میں کہا تھا چارلی نے مسکراہٹ سے اسکا ہاتھ تھاما اور باہر جانے کے لیے دروازہ کھولا

وہ دونوں سیڑھیاں عبور کرتے نیچے آئے تھے چارلی نے مسکراتے چہرے سے بیلا کی طرف دیکھا تھا جسکا ابھی تک منہ غصے سے سرخ تھا

نیچے آنے پر چارلی اسکو گھر کی بیک سائیڈ پر لے گیا جہاں پر ساری ارینجمنٹ کی گئی تھی

بیلونز ٹیبل کے گرد زمین پر گرے پڑے تھے سفید سرخ رنگ کے جبکہ ٹیبل سفید اور شیٹ سرخ تھی ائیرے کو اچھے سے سیٹ کیا گیا تھا

کیسا لگا

چارلی نے چلتے پوچھا

بس نارمل ہی ہے

بیلا ابھی تک غصہ دیکھا رہی تھی

میری دو گھنٹے کی محنت بس نارمل ہے

چارلی نے ٹیبل کے پاس جاتے پوچھا

اچھا اگین سوری اب تو موڈ ٹھیک کرو میں باہر چلا گیا تھا اس لیے لیٹ ہو گیا مگر ابھی پندرہ منٹ باقی ہے

وہ واچ پر ٹائم نوٹ کرتا بولا تھا

اٹس او کے

بیلانے مسکراتے جواب دیا دونوں نے کیک کاٹا تھا سب سے پہلے بیلانے پیس چارلی کی طرف کیا مگر تبھی چارلی نے بھی پیس اسکی طرف کیا

اب ٹھیک رہے گا ڈیئر

دونوں نے ایک ساتھ کیک کھایا تھا اور بس جب کیک ٹیسٹ کرلیا تھا چارلی نے اسکو بازوؤں سے پکڑ کر اپنے ساتھ چلنے کا کہا

چارلی کیا ہوگیا ہے ۔۔۔۔ بس اتنا ہی تھا ۔ سلیبریٹ کرنا ۔

بیلا کو ایسا لگا کہ بس چارلی نے اتنا ہی سلیبریٹ کرنا تھا اس لیے وہ براسا منہ بنا لیتی ہے ایک تو آیا بھی لیٹ اور اوپر سے نا کوئی ڈانس نا کوئی گفٹ

چارلی یہ سب کیا ہے واپس کیوں لے آئے ہو مجھے میرا گفٹ کدھر ہے اور تم کیوں واپس آئے ہو ۔

چارلی جو اسکو اپنے ساتھ سیڑھیوں سے اوپر اپنے کمرے کی جانب لے کر جارہا تھا وہ اسکے واپس جانے کے ارادے سمجھ کر پوچھتی ہے جبکہ چارلی نے ایک بھی قدم نہیں روکا تھا

چار ۔۔۔ چارلی ۔

وہ اسے آگے ایک لفظ بھی نا بول پائی تھی جب دروازہ کھولتے ہی سامنے کا منظر دیکھ کر دل کی حالت عجیب ہوگئی

پورے کمرے میں اندھیرا تھا بس اگر ہلکی سی روشنی تھی تو کینڈل کی بیڈ پر ریڈ روز کے پیسیس بکھرے پڑے تھے فرش پر بھی روز تھے اسنے خیران کن آنکھوسے چارلی کی طرف دیکھا تھا جو اپنی آنکھیں بند کر پھولوں کی خوشبو کو اپنے اندر راتار رہا تھا

وہ اس پر اب شک کر رہی تھی کہ چارلی کو ارینجمنٹ کا پتا تھا اس لیے وہ جان بوجھ کر لیٹ ہوا تاکہ بیلا غصہ کریں مگر ایک بات سمجھ نا آئی تھی کہ وہ بیلا کو غصہ کیوں دیلا رہا تھا

گفٹ تو اب دوگا

پل بھر میں وہ بیلا کو کچھ بھی سمجنے کا موقع دیتا اپنی گود میں اٹھا تا ہے

بیڈ کے پاس جاتے اسنے بڑے ہی آرام سے بیلا کو لیٹایا تھا

مجھے کیک کھانا تھا اتنا مزے کا تھا

بیلا نے بات ڈالنی چاہی کیونکہ چارلی کو وہ اچھے سے جانتی تھی

اگلی بار کھلا دوگا کیک بٹ اس بار تمہیں مجھ سے دور جانے کی اجازت نہیں

بیلا کی تو ہوائیاں اڑنے لگی تھی جب چارلی کو شرٹ کے بٹن کھولتے دیکھا

۔۔چار۔۔یہ۔چارلی۔

چارلی نے شرٹ کے بٹن وہی پر چھوڑ دیے تھے جب بیلا کو بیڈ کے اوپر ہوتے دیکھا یک دم جھکتے اسنے ہاتھوں میں انگلیاں پھنسائے تکیے کے ساتھ لگا دیئے ہاتھ اور چہرہ بیلا پر جھکا یا

تمہیں مجھ پر بلیو ہونا چاہیے ورنہ میں آج بھی پیچھے ہٹ جاؤ گا بغیر پاس آئے

چارلی کی بات پر وہ نظریں جھکا گئی جسکا مطلب آج بھی پیچھے ہٹ جانا تھا چارلی کو بہت برا لگا کہ وہ آج تک بیلا کے قابل ہی نا بن پایا بلکل خاموشی سے

وہ اسکے اوپر سے پرے ہوتا جانے لگا تھا جب بیلا نے اسکی کھلی شرٹ کو تھاما تھا کیونکہ چارلی نے ابھی تک صرف شرٹ کے بٹن ہی کھولے تھے

تم نہیں جا سکتے نا آج نا کبھی اور

آہستہ سے اسکے بالوں میں انگلیاں پھنسائے وہ پل بھر میں چارلی کو اپنے قریب کرتی ہے دونوں کی آنکھیں بند تھی وہ اس احساس کو محسوس کر رہے تھے

آہستہ سے آزاد ہوتے وہ آج ہاں میں بتا چکی تھی کہ چارلی صرف اسکا ہے

میں نے کونسا چلے جانا تھا بس دیکھ رہا تھا کہ تم کب مانتی ہو اور جانے سے روکو گی مجھے۔

چارلی نے مسکراتے شرارت سے اسکی طرف دیکھا تھا وہ جو یہ سمجھ رہی تھی کہ چارلی سیریس تھا مگر اسکی بات پر بیلا کا دل کیا کہ ابھی اس کمرے سے باہر نکل جائے

دور ہٹو۔۔

اسنے ہاتھ سے دھکا دینا چاہا تو چارلی نے پھر سے ہاتھو کو تکیے پر رکھ اپنے ہاتھوں میں قید کیا

جانے کی بات تو مت کرو کیونکہ آج ارادے دوری کے بلکل بھی نہیں

اوو اچھا تو کیا کرو وگے۔۔

بیلا نے طنزیہ پوچھا ہی تھا جب چارلی اسکے الفاظ پی گیا

پہلے تو بیلا نے دور جانے کی مزاحمت کی مگر پھر چارلی کی قربت میں سکون محسوس کرتی وہ خود کو ہرا گئی ہر گزرتے پل میں چارلی بیلا کو دور جانے سے باغی کر گیا تھا اب تو رات بھی مکمل اندھیرے میں ڈوب گئی تھی

وہ نیند کے زیرِ اثر آنکھیں کھول رہی تھی جب خود کو چارلی کے مظبوط حصار میں پایا

چپ کر کے سوئی رہو ہلنا بھی مت یہاں سے

وہ اٹھتی اسسے پہلے ہی چارلی نے کھینچ کر اپنے سینے پر جھکایا

صبح ہو گئی ہے اب تو آٹھ جاؤ

بیلا نے پھر سے آزادی مانگنی چاہی

تو کیا ہوا صبح ہی ہو رہی ہے

چارلی نے آنکھیں بند کر ہی جواب دیا

تم پہلے ہی اچھے تھے اب بتمیز ہو گے ہو

وہ اسکی بات پر دل میں مسکرایا تھا

مجھے شاور لینا ہے چھوڑو پلیز آگے ہی لیٹ ہو گئ ہو

بیلا نے اسکا ہاتھ کھینچ کر دور کیا اور اٹھ کھڑی ہوئ

مجھے بھی شاور لینا ہے

چارلی نے فوراً سے اٹھ کر بیٹھتے کہا جبکہ بیلا اسکی بات کا مطلب سمجھتی بیگی بلی کی طرح باتھ میں گھسی اور اندر رسائڈ سے لاک کر دیا وہ اسکی رفتار نوٹ کرتا مسکرا رہا تھا کہ کپڑے تک نہیں لے کر گئ

آج برینڈا اور مائکل کی ویڈنگ تھی مگر لیزا میڈم نے اسکو بتا نہیں بس یہ کہہ دیا کہ میری فرینڈ کے چلڈ کی ویڈنگ ہے اور وہاں پر جانا ہے اس لیے ریڈی رہنا انہوں نے برینڈا سے جھوٹ بولا

وہ میرر کے سامنے بیٹھی خود کو دیکھ رہی تھی پہلے تو اس لمحے پر یقین ہی نہیں آتا تھا کہ یک دم مما نے جانے کا بولا

وہ اپنے خیالوں کو جھٹکتی ایک لمبا سانس بھرتی ہے تبھی بیوٹیشن اسکے پاس آتی

ڈیئر برینڈا آپ ان میں سے کونسا ڈریس پہنا چاہے گی

وہ اپنے پیچھے کھڑی لڑکیو کی طرف اشارہ کرتے بولتی ہے جن کے ہاتھوں میں سفید فراک برائڈل تھی دیکھنے میں تو کافی مہنگی تھی مگر لیزا میڈم کے پاس اتنے پیسے کہاں سے آتے وہ یہی سوچ رکھتی تھی جب مائکل کمرے میں انٹر ہوا

ہائے برینڈا کیسی ہو

فوراً سے اسکی چیئر کے پاس جاتے وہ جھکتے پوچھتا ہے

تم یہاں پر کیا کر رہے ہو

مائکل بغیر جواب دیئے اسکی ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ رکھتا چہرے کو تھامتے سامنے ڈریسز کی طرف رخ کرتا ہے

ان میں سے کونسا پہنو گی

برینڈا نے ایک نظر مائکل کی طرف دیکھا اور شکی نظر رکھتے کچھ پوچھا

کیا ہم کسی کی ویڈنگ پر جا رہے ہے

مائکل نے ڈریس سلیکٹ کر کے بتاتے اسکی چیئر کو اپنے سامنے کیا

ہم کسی کی ویڈنگ پر کیوں جائے جب ہم دونوں کی خود کی ویڈنگ ہے آج

برینڈا کی آنکھیں تو کسی بٹن کی طرح کھلی تھی یہ سن جبکہ مائکل مسکرا رہا تھا

اپ برینڈا کو پلیز ذرا جلدی ریڈی کرے ٹائم بہت شارٹ ہے

ایک نظر بیوٹیشن کی طرف دیکھتے اسنے پھر سے بریںنڈا کو دیکھا

میں باہر ویٹ کو رہا ہو کہیں گم مت جانا پاگل بلی اور سوری تمہیں بتایا نہیں تھا

ماتھے پر بوسا دیتا وہ وہاں سے چلا گیا اور بریںنڈا دیکھتی رہ گئی

تقریباً ایک گھنٹے کی محنت کے بعد وہ بلکل برائڈ کی طرح دیکھ رہی تھی

میکپ کو لاسٹ ٹچ دیتی بیوٹیشن نے ایک سکون کا سانس بھرا اور بریںنڈا کو اٹھنے کا کہا

بالوں کا سیمل سامنے سے دو طرفہ ڈزائن تھا جبکہ بال قید نہیں تھے نارمل سا میکپ تھا

ہونٹوں پر ہمیشہ کی طرح پینک لیپ لوز تھا بازوؤں نہیں چھپتے تھے فراک کا ڈیزائن ہی کچھ ایسا

تھا مکمل سفید گھٹنو تک آتی فراک ہائی ہیلز جن پر وہ مشکل سے کھڑی تھی کیونکہ اسنے ابھی

تک بریکٹس بھی تو نہیں کی تھی اگر وہ ایک دن پہلے بتا دیتا تو بریںنڈا سیکھ لیتی مگر اب اس

کے لیے چلنا مشکل تھا وہ بیوٹیشن کا ہاتھ تھام کر کھڑی تھی پتا تھا کہ اگر نہیں پکڑا تو نیچے ہی

جا گرے گی

یہ ہمارا ریکارڈ ہے آج تک ایسی برائڈل ہم نے نہیں دیکھی

وہ مسکرا کر تعریف کر رہی تھی تبھی کمرے میں مائکل کی انٹری دوبارہ ہوئی

ایک نظر ملی تھی اور فوراً سے مائکل نے آنکھیں چھوٹی کر مکمل سر تا پیر دیکھا تھا

مجھے نہیں پتا تھا کہ لڑکیوں کو میکپ پہلے سے ہزار گنا زیادہ حسین بنا دیتا ہے

جان بوجھ کر وہ یہ کہہ رہا تھا

تم تو بس نارمل ہی لگ رہے ہو

بریندا نے مائکل کی ڈریس نوٹ کرتے برا سا منہ بنا کر کہا

وہ تو تمہیں آج پتا چل جائے گا

بات گھما کر کی گئی تھی مگر وہاں پر کھڑی بیوٹیشن مسکرائی

چلیں پاگل بلی

مائکل نے اسکا ہاتھ تھام کر کہا وہ ابھی چند قدم ہی چلا تھا جب بریندا لڑکھڑا رہی تھی

مجھے ان ہیلز میں ایشو ہے

اسنے روک کر کہا

کیا آپکے ہاں ڈیرسنگ سے میچنگ شوز نہیں ہو گے

مائکل نے اسکو واپس چیئر پر بیٹھایا

پلیز زویٹ ہم ابھی لے کر آتے ہے

وہ دو منٹ کے بعد بند شوز لاتی ہے مائکل نے نیچے فرش پر بیٹھتے اسکی ہائی ہیلز کو اتارا اور بند تسمے والے بوٹ ڈالتا وہ شلیسز کو بند کرتا ہے جبکہ بریندا نے اب مکمل نظر بھر کر مائکل کو دیکھا تھا

وائٹ شرٹ نیچے بلیک جینزاور بلیک ہی ٹائی ماتھے کے گرد بال بکھرے پڑے تھے
لب ایک دوسرے سے جدا تھے چہرے پر مسکراہٹ تھی
ایک سائڈ سے شوز ڈالتے اسنے دوسری سائڈ سے بھی ہائی ہیلز اتاری اور شوز ڈال دیئے
اب چلیں میری پاگل بلی
سٹائل سے تسمے بند کیے گے تھے وہ اٹھتے اپنا ہاتھ آگے بڑھاتا ہے
برینڈا نے لب پر رقصاں مسکراہٹ سے مائکل کی طرف دیکھتے اٹھتے اسکا ہاتھ تھاما وہ دونوں
ایک دوسرے کو دیکھ کر مسکرا رہے تھے اب تو چلنے میں بھی آسانی تھی
سیلون سے باہر آنے پر وہ اسکو اپنی بی ایم ڈبلیو کے پاس آتا اسکو فرنٹ پر بیٹھاتا ہے
مما کدھر ہے مائکل
برینڈا نے مائکل کو اندر بیٹھتے ہی پوچھا
وہ ہمارا ویٹ کر رہی ہے ویڈنگ ہال میں
لہجے میں محبت چور تھی جیسے برینڈا کو حاصل کرنا مائکل کو موت سے زندگی مل جانے کے برابر
لگے

اسے مزید سوال آگے پوچھتی وہ خاموش ہوگئی تھی تقریباً پندرہ منٹ بعد وہ ویڈنگ ہال میں پہنچے تھے ویسے تو کرسچن کا ویڈنگ ہال نظر آتا تھا برینڈا نے ایک نظر اس بڑے سے محل نما ہال کو دیکھا جب کے اوپر پلس کا نشان تھا

تم میرے ساتھ چلوگی

مائکل نے ہاتھ پھر سے خودی اسکا ہاتھ تھاما

چلیں مائے لو

مائکل کے بازوؤں میں بازوؤں ڈال وہ اسکے ساتھ ہال میں انٹر ہوا جیسے کپلز کی انٹری ہوتی ہے ویڈنگ ہال میں

سیڑھیوں کے درمیان رستہ سیدھا ہال کے اوپر والے سٹیج کی طرف جاتا تھا جبکہ اردگرد کرسیوں سے گزرنا تھا جبکہ چند افراد ہی فرنٹ پر تھے باقی پورے ہال میں خاموشی تھی

لیزا میڈم نے جلدی سے اٹھ کر پیچھے مڑ کر دیکھا وہ مسکرا رہی تھی دونوں کو دیکھ کر برینڈا خیران تو تب ہوئی جب چارلی اور بیلا کو دیکھا

میری تو ایک بھی فرینڈ نہیں آئی اپنے دوست کو تو بلا لیا تم نے

برینڈا نے اسکو بازوؤں پر چٹکی کاٹتے کہا

وہ ہم دونوں کا ٹیچر ہے اور ویسے بھی میں نے اسکو بلکل بھی نہیں بلایا تھا خود ہی آ پہنچا ہے

باتیں ختم ہوتے وہ سٹیج پر کھڑے تھے جبکہ فادر نے سرخ لانگ کورٹ پہنا ہاتھ میں ایک ڈائری کے اوپر کرسچن نشان کا پلس کی شیپ کا لاکٹ رکھا ہوا تھا

وہ دونوں آمنے سامنے کھڑے تھے فادر نے اپنی لائنز مکمل کی تھی تو برینڈا نے مسکرا کر جواب دیا

"YesIdo"

مائکل نے مسکراہٹ ایک پل کے لیے بھی چہرے سے جانے نا دی تھی

فادر نے اب دوبارہ مائکل کی سائڈ سے لائنز مکمل کی تو اسنے بھی مسکرا کر جواب دیا

"YesIdo"

دونوں نے مسکراتے جواب دیئے تھے

مائکل نے اپنا ہاتھ آگے بڑھایا

برینڈا کے تھامنے کی دیری تھی اسنے کھینچ کر اسکو اپنے قریب کیا

پلیز مجھے عجیب لگ رہا ہے سب دیکھ رہے ہے

وہ اسکے ارادے سمجھ رہی تھی مائکل بھی مائکل تھا اسکی نمایا کمر میں ہاتھ ڈالتا اپنے سینے پر جھکاتا ہے

یونیورسٹی میں یہ خیال نہیں آیا تھا

وہاں پر مما نہیں تھی

مما کو پتا ہے کہ چلڈ میریڈ ہے

پلیززززز۔ وہ یہی کہتی رہی مائکل نے اسکے گال کو ہاتھوں میں تھاما

چہرے پر جھکتے اسنے اپنا انگوٹھا چہرے سے پھیرتے برینڈا کے لب پر رکھ دیا ان دونوں

کے لبوں کے درمیان مائکل کا انگوٹھا تھا

مائکل نے آنکھیں بند کر اپنا انگوٹھا چوما تھا ان دونوں کے لب پر فاصلہ ہی رہا تھا

ہولے سے اپنا انگوٹھا پیچھے کرتے وہ اب یہ فاصلہ بھی ختم کر گیا سانسوں کے ردوبدل کے

بعد وہ اسکو اپنی قید سے آزادی دیتا ہے

اب تمہاری باری

مائکل کی آواز نے برینڈا کی آنکھیں کھولیں

میں تم جیسی بے شرم نہیں ہو اوکے

برینڈا نے بچو جیسا غصہ دیکھایا

تو میں کونسا انکل ہو تمہارا ہسبینڈ ہو

ان دونوں میں فائٹنگ کا سین بن رہا تھا

اچھا سوری پاگل بلی اب چلیں

مائکل نے ہی ہارمانی وہ سٹیج سے نیچے اترے تو لیزا میڈم نے ان دونوں کو بوسا دیا

میرے سٹوڈنٹ کا خیال رکھنا ڈیئر برینڈا

چارلی نے مائکل کو چڑھانے کے لیے کہا تھا

آپ میرے سر کا خیال رکھیے گا میم

جان بوجھ کر بیلا کو کہتے وہ چارلی کو جواب دیتا ہے

یہ تمہارے لیے دوست

بیلا نے مسکراتے برینڈا کو پھولوں کا بکے دیا

تھینکس میم۔۔

نہایت احترام سے جواب دیتے اسنے وہ بکے تھاما تھا

برینڈا نے اپنی ما کو ہگ کیا تھا وہ سچ میں رونے والا منہ بنا گئی تھی

اپنا خیال رکھنا یہ فیصلہ تمہاری خوشی سے کیا ہے اگر کبھی بھی اداس ہو تو ملنے آجانا

برینڈا کو پیار دیتی وہ سمجھا رہی تھی

آپ فکر مت کریں آنٹی میں اپنی پاگل بلی کا خیال رکھنے کے لیے ہوں ابھی

مائکل نے لیزا میڈم کو مسکراتے کہا

اب چلیں ابھی تمہیں گھمانا بھی ہے پورا شہر

مائکل نے بریںنڈا کے ہاتھ کی انگلیوں میں اپنی انگلیاں پھنسائے زور سے تھاما
مما لویوا پنا خیال رکھیئے گا میں کل ملنے آوَ گی
مائکل اسکو وہاں سے لے کر جا رہا تھا جب وہ پیچھے دیکھتی کہتی ہے
اسکا بس چلے تو گھر میں ہی رہے اتنی جلدی تو تمہیں واپس نہیں آنے دو گا
مائکل نے خود کلامی کی تھی وہ ویڈنگ ہال سے باہر نکلا تو اسکو کار کے پاس لے جا کر اندر بیٹھایا
پہلے کہاں پر جاوَ گی
خود ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھتے مائکل نے پوچھا
مجھے بہت بھوک لگی ہے کیفے میں لے کر چلو پہلے
مائکل نے کار سٹارٹ کی اور وہاں سے چلے گے جبکہ سیم ایک پلر کے پیچھے کھڑا ان دونوں کو جاتے دیکھ رہا تھا اسنے غصے سے اپنے ہاتھ کی مٹھیاں بنائی تھی اس قدر غصہ سوار ہو چکا تھا کہ کسی کا مرڈر ہی کر دیں گا
میں بہت خوش ہوں آج
نہیں میں تم سے زیادہ خوش ہوں آج
تم سے بہت زیادہ والا میں خوش ہوا وکے

وہ مائکل کو سنا رہی تھی

اچھا چلو مان لیا کہ تم میری وائف بن گئی ہو اس لیے میں زیادہ خوش ہو پر تم کس وجہ سے خوش ہو زرا بتاؤ

وہ برینڈا کو مشکل میں ڈال گیا تھا

میں بلکل بھی خوش نہیں ہو پتا نہیں عجیب مخلوق میرا ہسبینڈ بن گیا ہے

برینڈا نے منہ بنا کر جواب دیا مائکل ڈرائیو کرتے مسکرا رہا تھا

مائکل پلیز گاڑی روکو مجھے یہاں سے سمندر دیکھنا ہے

یہ سڑک سمندر کے اپر بنائی گئی تھی اسنے مائکل کو روکنے کہا مگر مائکل کو اچھا نہیں لگا

پلیز مان جاؤ نا

وہ گاڑی کو روڈ کے سائڈ پر لگاتا ہے آج سورج کی روشنی کافی تھی مگر بارش کا موسم لگ رہا تھا تیز ٹھنڈی ہوائیں چل رہی تھی گاڑی کے روک جانے پر برینڈا جلدی سے باہر نکلی

کتنا پیارا موسم ہے آج مائکل

وہ ہوا میں ہاتھ پھلائے کہہ رہی تھی مائکل چلتے اسکے پاس آیا جبکہ ہوا سے دونوں کے بال قابو سے باہر تھے

ہمم آج موسم اچھا ہے ایسے لگتا ہے جیسے بارش آئے گی آج

کیا تم ڈانس کرو گے

وہ اپنا ہاتھ مائکل کو تھامنے کا اشارہ کرتی بولی تھی

مگر یہاں پر سب آتے جاتے دیکھے گے برینڈا میں تمہیں ساحل کنارے لے جاتا ہو

نہیں مجھے یہی پر کرنا ہے اور وہ بھی تمہارے ساتھ میرا ہاتھ تھامو

اسنے خود ہی مائکل کا ہاتھ پکڑ کر اپنے وجود کو مائکل کے قریب کیا

مجھے اچھا نہیں لگ رہا ہم یہاں سے چلتے ہے

مائکل نے نوٹ کیا تھا کہ دور گاڑی میں سیم بیٹھا انکو دیکھ رہا تھا تبھی تو وہ اسکو یہاں سے دور لے جانا چاہتا تھا

مائکل ایک بات کہو

برینڈا نے اسکا چہرہ اپنے ہاتھوں میں لیا

یس مائے لو

وہ اسکے قریب ہوتے پیچھے دھکیل رہا تھا جبکہ چند قدم بعد شیشے کے بلاک سے رستہ بند تھا جس سے آگے بس نیچے سمندر کا پانی تھا اسنے برینڈا کے گرد بازوں کیے شیشے کے بلاک کو تھاما اور اپنا جھکاؤ اس پر کیا

مجھے تمہارے ساتھ رہنا ہے پلیز تم مت جاؤ

اسکی معصومیت دیکھ کر دل کیا کہ ابھی بتا دیں کہ جھوٹ کہا تھا مگر وہ ابھی بتا نہیں سکتا تھا کیونکہ ایک جھوٹ سے سب راز کھولنے تھے اگر اب بتا دیں گا تو وقت سے پہلے ہی سب سامنے آجائے گا جو بریندا کو کھونے کا ڈر دے جاتا ہے مائکل کو

ہم کل ڈاکٹر پاس چلیں گے تم ٹینشن مت لو

اسنے جھک کر ہولے سے بریندا کی سانسوں کو پیا تیز ہوائیں اوپر سے بارش کا موسم ان دونوں کے لمحات اور بھی خوبصورت بنا رہا تھا وہ ابھی تک جدا نہیں ہوا تھا بریندا کو سانس لینے میں مشکل پیش آتے محسوس کر مائکل کے اسکو سانس لینے نے قابل چھوڑا

تم نے دن میں دوسری بار یہ حرکت کی ہے اگر اب کیا تو کوارے رہو گے

برا منہ بناتی وہ کار میں جا کر بیٹھتی ہے مائکل اسکے کوارے رہنے کی دھمکی پر قہقہہ لگاتا ہے جبکہ سیم نے غصہ سے کار کو اسکی کار کے قریب سے فول سپیڈ میں گزرا جیسے وہ بریندا کو جان سے مار دیں گا مائکل کو تو پتا تھا کہ کار میں سیم ہے پر بریندا کو نہیں معلوم تھا

پورا دن انہوں نے کافی انجوائے کیا تھا آج تو مائکل بھی شہر میں گھومنے آیا تھا نجانے وہ کتنے ہی سال بعد آج شہر میں آیا تھا پہلے کیفے میں جا کر کھایا پیا پھر بریندا نے اسکو آئیس کریم کا کہا اور پھر جہاں پرویش کی جاتی ہے اور بعد میں تالے کو بند کر ایک جھیل میں گرا دیا جاتا

ہے وہاں پر لے کر گئ آج تو مائکل کی اخیر ہو گئ تھی اپنی پاگل بلی کے ساتھ گھوم کر اوپر سے پورا دن بادل بنے رہے نجانے رات کے نو بجے برینڈا نے بس کیا تھا گھومنے سے وہ دونوں کار میں بیٹھے تھے جبکہ ڈرائیو مائکل کر رہا تھا برینڈا کی آنکھ لگ گئ تھی جب مائکل نے نوٹ کیا تو کار روک کر اسکی سیٹ کو پیچھے کی طرف لیٹا دیا تاکہ وہ آرام سے سوئی رہے مگر تبھی پانی کی چند بوندے اسکے ہاتھ پر گری تھی اسنے جلدی سے کار کا چھت والا پورشن آن کیا تھا تاکہ برینڈا کی نیند میں ہلل نا پڑتا وہ اسے دور ہٹتا ڈرائیو کرتا ہے

رات کے دس بجے وہ گھر آئے تھے اسنے گاڑی پارک کیا اور برینڈا کو بڑے ہی احتیاط سے اپنی باہوں میں اٹھا کر گھر میں انٹر ہوا

اگر دیکھا جائے تو مائکل نے گھر کی سیٹنگ چینج کر دی تھی کافی چیزو کی جگہ اور ڈیزائن بدلے گے تھے

اپنے روم میں آنے پر اسنے شیشے کی کھڑکی سے نوٹ کیا کہ باہر بارش بہت ہی زیادہ تیزی سے ہو رہی ہے اور ساتھ میں سنو فالونگ بھی ہو رہی تھی

بڑے ہی آرام سے اسکو بیڈ پر لیٹاتے وہ پیچھے ہٹا تھا جب برینڈا نے نیند میں ہی اسکا کوٹ پکڑ کر روک دیا

جاہل گوار پاگل بتمیز عجیب مخلوق مجھے تم بہت ہی پیارے لگتے ہو بلکل بھوت جیسے

وہ ابھی تک بچو جیسی باتیں کر رہی تھی مائکل کے قابو سے باہر تھا خود پر کنٹرول رکھنا ایک تو وہ اسکی فہرست میں ہو کر اسکو ہی سنائے جا رہی تھی اور اوپر سے اتنا قریب ہونا ہی جذبات کو چھیڑ جاتا تھا

پاگل بلی ۔۔ آرام سے پیشانی پر بوسہ دیتا وہ مسکرا کر کہتا ہے

جیسے تیسے کر وہ برینڈا سے دور ہوا اور کمرے کی دیوار میں موجود چمنی میں آگ جلا دی

وہ کچھ لینے کمرے سے باہر نکلا تھا

اہہہہ مائکل ۔۔ اپنی آنکھیں مسلتے وہ چونکڑی مار کر فوراً سے بیٹھی بول رہی تھی جیسے بچا نیند سے اٹھا ہوا بھی ابھی

تم اٹھ گئی ہو مجھے تو لگا کہ سو گئی ہو گی

مائکل نے کمرے میں آتے اسکو بیٹھے دیکھا تھا

ہممم کیا باہر بارش ہو رہی ہے

وہ آنکھیں مسلتے باہر کھڑکی کی طرف دیکھتی بولی تھی

ہاں اس لیے میں نے آگ جلا دی ہے تاکہ میری پاگل بلی کو سردی نا لگے

وہ اپنا کوٹ اتارتے ہینگر پر ہینگ کرتا بولا تھا برینڈا نے ایک نظر کمرے کی طرف دیکھا تھا اور خیران ہوئی کہ پہلے تو ایسا کمرہ نہیں تھا یا پھر مائکل نے آج کمرہ چینج کیا تھا

کیا تم نے سیٹنگ چینج کی ہے گھر کی

یس مجھے کرنی پڑی کیونکہ تم ڈرتی تھی اس لیے

تو تم نے میرے لیے کی ہے ویسے بہت ہی اچھا کام کیا ہے

بیڈ پر جا کر بیٹھتے اسنے برینڈا کے ماتھے پر انگلی رکھ اسکو تکیے کے پیچھے دھکیلتے لٹا دیا

سو جاؤ تھک گئی ہو گی پورا دن ٹریول کیا ہے

نہیں آج رات نہیں سوتے مجھے مووی دیکھنی ہے

برینڈا نے اسکا ہاتھ پکڑ کر ہٹایا

آج رات نہیں سوتے وہ کیوں

مائکل نے اسکے دماغ میں آئی بات کا مطلب چاہا

میں نے مووی میں دیکھا تھا

برینڈا نے دانت نکالتے اسکی طرف دیکھا تھا مائکل نے یک طرفہ مسکراہٹ دبائی

اوو اچھا۔۔۔ پھر کیا کرتے ہے اگر سوتے نہیں

مائکل نے سوالی نظرو سے دیکھا

مووی دیکھتے ہے بس اور تو کچھ نہیں کرتے

وہ بیڈ سے اٹھتی کھڑی ہوئی تھی جب مائکل نے بازوں سے کھینچ کر اسکو واپس بیڈ پر بیٹھایا

پہلے ڈریس چینج کرو نائٹ سوٹ ڈال لو پھر مووی دیکھتے ہے

سچ مچ مگر میرے تو کپڑے ہی نہیں

وہ نظریں جھکائے کہتی ہے

روکو۔۔مائکل نے اٹھ کر وارڈروب سے اپنا نائٹ سوٹ نکال کر برینڈا کو دیا

یہ پہن لو اور زرا جلدی آنا باہر میں ڈرائنگ روم میں بیٹھا تمہارا ویٹ کر رہا ہوں اوکے پاگل بلی

کپڑے تو برینڈا نے پکڑ لیے تھے مگر آج ایک سوال تھا وہ مائکل سے پوچھنا چاہتی تھی

تم مجھے ہمیشہ سے پاگل بلی کیوں کہتے ہو

مائکل نے قدم بڑھاتے اسکے سر پر ہاتھ رکھتے جواب میں کچھ کہا تھا

کیونکہ مجھے بلا یا پسند ہے اور تم بلکل پاگل ہو اس لیے تمہیں پاگل بلی کہتا ہو مگر اب تو تم صرف میری پاگل بلی ہو

اسکے بال سہلاتا وہ بولا تھا جیسے بچو کو سمجھایا جا رہا ہو

اوکے میں ویٹ کر رہا ہوں تمہارا

مائکل کہتے کمرے سے باہر نکل گیا اسکے جانے کے بعد برینڈا بھاگ کر باتھ میں گھس کر آپنی ڈریس چینج کرتی ہے

ڈرائنگ روم میں آتے ہی مائکل نے وائن کو پیا تھا اپنے لب صاف کرتے وہ بکس کی دیوار جو سامنے سے بکس شیپ میں نظر آتی تھی جبکہ پیچھے اسکے وائن کا ڈھیر تھا اس میں رکھ دیا کیونکہ ساری سیٹنگ بس اسی وجہ سے چینج کی تھی کیونکہ وہ وائن کو دیکھ کر ڈرے ناوہ ابھی سب راز ہی رکھنا چاہتا تھا مگر ایسے بھی نہیں تھا کہ ہمیشہ راز رکھتا بس انتظار تھا تو صحیح وقت وائن کو رکھتے وہ واپس کو مڑا ہی تھا جب بریندڑا پیچھے کھڑی اسے دیکھ رہی تھی اسنے موجودگی کو محسوس کر جلدی سے دوبارہ لب صاف کیے تھے

مائکل ۔ ۔ ۔ تم وہاں ۔ پر کیو۔ ہو۔

وہ لفظ ٹھہر ٹھہر کر بول رہی تھی

کچھ نہیں بس بکس دیکھ رہا تھا

مائکل نے لمبا سانس بھرتے اسکے پاس جاتے کہا وہ ایک نظر اسکی طرف دیکھتا خیران ہوا سوٹ تو پہن لیا تھا مگر کف کو وہ تین چار بار فولڈ کر چکی تھی اور نیچے پاؤں سے بھی یہی عمل تھا وہ بلکل سوٹ میں چھپ گئی تھی جیسے کپڑوں میں کوئی ہے ہی نہیں اور اوپر سے وہ ہے بھی پتلی سی تھی

یہ مزاق ہے میرے ساتھ میں نے آج تک ایسے بڑے کپڑے نہیں ڈالے

وہ اپنے کپڑوں کی طرف دیکھ کر کہتی ہے جن میں وہ عجیب محسوس کر رہی تھی

شیئر کرنا سیکھو اس میں مشکل نہیں

اسکو کندھوں سے پکڑ کر صوفے پر بیٹھاتے وہ بولا تھا جبکہ خود ایل سی ڈی جو دیوار کے ساتھ

جڑی تھی سوئچ سے آن کرتے وہ شیشے کے ٹیبل سے کئی ریموٹ میں نے ایک اٹھاتے

اپنی پاگل بلی کے پاس جا کر بیٹھتا ہے

کونسی دیکھو گی

وہ سکرین پر مووی کی لیسٹ آتے بول رہا تھا

ہمممم کوئی ہارر مووی لگاؤ

بریندا نے چہرے پر سخت تاثرات لائے کہا تھا جیسے وہ ہارر دیکھ سکتی ہے

نہیں ہارر نہیں تم کوئی اور کہو ہاں ٹوینکل بیل لگا دو

جی نہیں وہ فیری والی بچو والی میں بلکل بھی نہیں دیکھو گی

بریندا نے ضد باندھ لی تھی کہ ہارر ہی دیکھے گی اور اوپر سے رات کے گیارہ بج رہے تھے

ٹھیک ہے پھر ہارر لگا رہا ہو اگر تم نے زرا سا بھی کہا کہ مووی چینج کرو تو پہلے میری ڈیمانڈ

پوری ہو گی تبھی مووی چینج کرو گا ورنہ میں تمہیں یہاں سے ہلنے نہیں دو گا

تم مجھے چیلنج دے رہے ہو

وہ اٹل ہو کر بولی

جو مرضی سمجھو

مائکل نے اٹھ کر لائٹ آف کر دی تا کہ وہ اسکو آج سمجھا سکے کہ ہارر مووی کو وہ کبھی بھی نا مووی لگا دی زرا آج اسکو بھی تو پتا چلیں کہ ہارر ہوتی کیسی "Thenun" دیکھیں تبھی تو" ہے۔

لیز کا باؤل شیشے کے میز سے اٹھاتی وہ اپنی گود میں رکھ لیتی ہے تا کہ انجوائے کرتے کھائے بھی

سٹارٹ سے تو سب ٹھیک ہی تھا ایک کپلر اور انکی چلڈ جنگل میں اپنا گھر شیفٹ کرتے ہے وہ بڑے ہی آرام سے انجوائے کرتے دیکھ رہی تھی

مووی کی جگہ پر کوئی اور لگا دی "Thenun جبکہ مائکل بلکل خاموش اسکے بیٹھا تھا اسنے" تھی کیونکہ وہ جانتا تھا کہ اگر اسنے دیکھ لی تو دو مہینے تک توڑتی رہے گی بس نام دی نن کا دیا ہوا تھا فرسٹ پر اور اگر بریندڑا نے سچ مچ کی دی نن مووی دیکھی ہوتی تو سٹارٹ سے ہی بول پڑتی کہ یہ دی نن مووی نہیں آسکا یہی مطلب تھا کہ ابھی تک اسنے دیکھی نہیں تھی

کیا تم کھاؤ گے

وہ مائکل کی طرف اشارہ کرتی بولی تھی

انہنہہ۔ وہ انکار کرے منہ میں ہی گنگنایا تھا

او کے

وہ سکرین کی طرف دیکھتی منہ میں لیز کا پیس رکھ رہی تھی جب سامنے سکرین میں چھت پر الٹی لڑکی کو دیکھا جبکہ نیچے چل رہی لڑکی کو اسکی خبر نا تھی وہ جلدی سے مائکل کی سفید شرٹ کو تھامتی ہے جبکہ پیس نیچے گود میں جا گرا

ہی ہی ہی ہی بہت ہی بہادر ہو میں ایسے مت دیکھو او کے

دانت نکالتے وہ مائکل کی طرف دیکھتی ہے جبکہ مائکل کے چہرے پر سخت تاثرات تھے

پلیز زسامنے۔۔۔

اسنے سامنے اشارہ کر کہا

اب تو خیر لڑکی کمرے میں چلی جاتی ہے جبکہ جو بچی انکے ساتھ تھی وہ اکیلی گراؤنڈ میں بیٹھی اپنی باربی ڈول کے ساتھ کھیل رہی تھی

کتنا پیارا بے بی ہے مائکل

بچے کو دیکھ کر زرا ہمت آئی تھی برینڈا کو

زرا سی دیر بعد اس بچے کی ماں اپنی بچی کو آوازیں دے کر پکار رہی تھی مگر وہ اسکو کہیں پر نظر نہیں آرہی تھی

مائکل نے نوٹ کیا تھا کہ برینڈا اپنا سانس پھولا رہی تھی مگر آج مائکل بھی اسکو سبق دینا چاہتا کہ ہار رمت دیکھا کریں چیزیں

وہ باتھ میں جاتی ہوتی ہے جب سامنے انکی بچی اپنی ڈول کے ساتھ کھیل رہی تھی جبکہ وہ گراؤنڈ سے باتھ میں کیسے آئی وہ بھاگ کر اسکو باتھ سے باہر نکالتی ہے

برینڈا کی سانس پھول رہی تھی جبکہ وہ مائکل کو بلکل بھی شو میں کروانا چاہتی تھی تاکہ وہ اسکا مزاق نا اڑائے

اب سین رات کا چل رہا تھا جب وہ کھانا کھانے کے بعد اپنے کمرے میں چلے جاتے ہے

جبکہ بچی کو اکیلا اپنے کمرے میں سلا دیتے ہے

ہنی پلیززز آج ہی شفٹنگ کی ہے اس لیے میں تھک گئی ہو

وہ نائٹ ڈریس لے کر آیا تھا جب اسنے دیکھتے ہی جواب دیا تھا

برینڈا کا دل تھا کہ مائکل یہاں سے سین آگے کرے تبھی تو وہ اسکی طرف دیکھتی ہے

بلکل بھی نہیں سب چلتا ہے

مائکل مسکرا کر جواب دیتا ہے جبکہ برینڈا نے لیز کا باؤل آنکھو کے آگے کیا

نیچے کرو اس کو تم تو بہت بہادر ہو پھر دیکھو

وہ اسکو اسی کے الفاظ یاد کروا دیتا ہے

ہارر دیکھنے کے معاملے میں بہادر بولا تھا مگر یہھ
سامنے دیکھتے وہ منہ کھلا ہی چھوڑ گئی جلدی سے مائکل کی ٹائی کو کھینچ کر اسنے آنکھوں پر رکھا جبکہ وہ تھوڑا اپنی سیٹ سے ہل کر اسکے قریب ہوا تھا

برینڈا یہ کیا حرکت ہے

مائکل اس پر جھکا پوچھ رہا تھا

تم اتنے بہادر ہو سکتے ہو تو میں بھی ہو سکتی ہو

مائکل کی ٹائی کو چھوڑتے وہ اب سیریس ہوتے سامنے دیکھ رہی تھی مائکل اسے چہرے کے تاثرات پر خیران تھا کہ سامنے چل رہے سین ہر بھی وہ سیریس ہے تھوڑی دیر بعد سین چینج ہوا تھا اسنے شکر ادا کیا تھا

مائکل نے اب اپنی ٹائی ہی اتار دی تھی وہ جانتا تھا کہ برینڈا دوبارہ اسی حرکت ضرور کرے گی شرٹ کے اوپر والے چند بٹن کھولتا وہ سانس بھرتا ہے

صبح ہو چکی تھی وہ ابھی اٹھی ہی تھی جب سامنے دیوار کے ساتھ اپنی بچی کو کیلوں کے ساتھ لٹکا پایا برینڈا نے خوف سے چیخ پر چیخیں ماری تھی وہ اس بار سچ کی خوف زدہ ہو گئی تھی اسنے یاد کیا تھا کہ جب وہ جنگل سے اس کمرے میں پہنچی تھی تب ہوتے کپڑے خون سے بھرے

تھے وہ چیخ چیخ کر سانس پھولا رہی تھی مائکل نے جلدی سے ایل سی ڈی بند کرنی چاہی تھی تاکہ وہ مزید نا ڈرے مگر برینڈا کو ایسے لگا جیسے وہ اسکو چھوڑ کر چلا جائے گا

مم۔ مائکل۔ ما۔ پلز۔ پلی پلیزز۔

اس قدر مظبوطی سے اسنے مائکل کو ہگ کیا تھا جیسے اگر وہ زرا بھی دور ہوا تو جان ہی چلی جائے گی جبکہ پھولے سانس سے الفاظ بھی ادا نہیں ہو رہے تھے

ممجھ۔ مجھ۔مجھے ڈڈررڈر۔

خوف اس قدر سوار تھا کہ بار بار بند آنکھوں کے سامنے وہ سین آتا تھا

ششش۔ میں ہوں نا پاس کبھی نہیں اکیلا چھوڑو گا تم آرام سے سانس لو کچھ بھی نہیں ہوا کمر کو تھپتھپی دیتا وہ بولا تھا جبکہ برینڈا کے سانس میں زرا بھی بہتری نہیں تھی

اس لیے کہتا ہو کہ ہارر موویز مت دیکھا کرو

پپپ پرومس۔۔ تمہاری جھوٹی۔ قسم۔ آج کے۔ بعد۔ نہیں۔ دیکھو۔ گی

مائکل نے ماتھے پر بل ڈالے تھے کہ ابھی تک وہ جھوٹ بول رہی ہے وہ فوراً اسے دور ہوا تاکہ پرومس تو سچ کا کریں

پلیززز نن۔ نہیں۔ جاؤ۔

اس قدر تیز ہوائیں تھی کہ شیشے کی کھڑکیوں سے ٹکراتی تو ایسے لگتا جیسے کوئی چیزیں اٹھا اٹھا کر مار رہا ہے

ممم مجھے۔۔ ایسے۔ لللگ۔ رہا۔۔ ااا۔ جیسے۔ وہ ہ۔ وہ۔

روکتے سانس اور باغی ڈھڑکنے پورے کمرے میں گونج رہی تھی نجانے وہ مائکل کا امتحان کیوں لیتی تھی اوپر سے آج بلڈ بھی پی لیا تھا

پھر سے وہی سین یاد آنے پر اور اپنے پاس مائکل کو نا پاتے وہ خوف زدہ بچوں کی طرح چیخ رہی تھی بس یہ احساس تھا کہ وہ اکیلی کمرے میں موجود ہے

اسنے بازوؤں سے کھینچ کر برینڈا کو کھڑے کیا تھا وہ صوفے سے اٹھتی سیدھا اسکے سینے پر گری تھی

ابھی کھڑے ہونے کی دیر تھی جب مائکل نے اسکے بالوں میں انگلیاں دبوچے ایک ہی پل میں اپنی دسترس میں لیا ہر لمحہ وہ دبی چیخ سے اسکو پیچھے کرنا چاہتی تھی جب مائکل نے شدت اختیار کی سکون اور خوف دونوں سوار تھے برینڈا پر جیسے تیسے کر وہ سمبھل رہی تھی

سائلنس اور سانس لو ورنہ میں تمہارا سانس خود ٹھیک کرو گا اس سے اچھا ہے کہ خود کو سنبھالو اور آج کے بعد تم کبھی ہارر مووی نہیں دیکھو گی

سانس بہتر کر کے وہ کہہ رہا تھا کہ بہتر کرو برینڈا کو اپنا وجود بے جان سا محسوس ہو رہا تھا اور مائکل نے جو ابھی عمل دیکھا یا وہ برینڈا کی سوچ سے پرے تھا

چلو ہم اپنے کمرے میں چلیے

پہلے تو اپنے ساتھ لگا کر کمر سہلائی پھر ہاتھ پکڑ کر وہ اسے کمرے سے باہر لے گیا برینڈا کو تو اندھیرے میں کچھ بھی نظر نہیں آ رہا تھا مگر مائکل تو ایسے چل رہا تھا جیسے صبح کی روشنی میں سب نظر آ رہا ہو

کمرے میں آتے ہی وہ ڈور بند کرتا اسکو بیڈ کے پاس لا کر لیٹنے کا حکم دیتا کمفر ڈا اوڑھ دیتا ہے

تم آرام کرو اور ڈرنا مت میں ابھی آ رہا ہوں لائٹ دیکھ کر

نہی۔۔ نہیں۔مجھے۔ڈر لگ رہا ہے۔

جلدی سے بولتی وہ مائکل کو روکنے پر مجبور کر گئی

مگر ایسے تو اور ڈر لگے گا اگر لائٹ نا آئی برینڈا

آخری لفظ پر پیار لگا تا وہ اسے سوال پوچھ رہا تھا

تم بس میرے ساتھ لیٹ جاؤ

وہ کیسے نا اپنی پاگل بلی کی بات مانتا

اوکے مائے لو

اسکے ساتھ لیٹتے وہ اپنا کمفرڈ اوڑھ رہا تھا جب اپنے کمفرڈ سے نکل کر سیدھا اسکے کمفرڈ میں چھپتی ایک بار پھر سے اسکوہگ کرتی ہے

مائکل نے اسکی حرکت پر نظر چھت پر کی وہ ایک لمبا سانس بھر رہا تھا

تم سے تو اچھا میرا لوسیفر ہے کم از کم اکیلا گھر تو رہ لیتا ہے اور پاگل بلی میرے پاس ہو کر بھی ڈر رہی ہے

دونوں نے چہرہ آمنے سامنے کیا مائکل اسکو باتوں میں الجھانا چاہتا تھا تاکہ مائنڈ دوسری طرف جائے

مائکل تم لینز کیوں لگاتے ہو مجھے تمہاری اصلی آنکھیں دیکھنی ہے جیسے پہلی بار دیکھی تھی

اپنی انگلیاں اسکے چہرے پر رکھتی وہ ہر نقشِ حسن پر چلا رہی تھی

"اگر دیکھ لو گی تو مجھ سے محبت نہیں رہے گی"

مائکل کی بات وہ سمجھ ہی نا سکی تھی وہ بس اپنی دھن میں مائکل کے چہرے کے ہر نقش کو دیکھ رہی تھی کبھی گالوں پر تو کبھی ماتھا کبھی آنکھیں بند ہونے پر چھونا تو کبھی کن پٹی انگلیاں روکی تو تب تھی جب لب چھوئے تھے

تمہارے ہونٹ کے کنارے پر چوٹ لگی ہے کیا

نہیں کیوں کیا ہوا ہے

مائکل کو سمجھ آگئی تھی کہ برینڈا نے کچھ تو نوٹ کیا تبھی تو یہ بات پوچھی

نہیں جب سیم نے تمہیں پنچ مارا تھا تب لگی تھی نا

دل میں یہی خیال تھا کہ خون کو دیکھ لیا ہوگا مگر حقیقت میں کچھ اور سامنے آیا

پورے کمرے میں اندھیرا تھا آوازیں تھی تو برینڈا اور مائکل کی اب تو باہر طوفان بھی ہلکا پڑا تھا مگر بارش ابھی تک جاری تھی

وہ مائکل کے ماتھے پر آتے بالو کو پیچھے کن پٹی کے گرد لے جاتی ہے

تھوڑا سا اوپر ہو کر مائکل کی پیشانی پر لمس دیتی وہ جلدی سے اسکے سینے میں منہ چھپاتی زور سے ہگ کرتی ہے

مائکل سو جاؤ اگر ڈر لگے تو مجھے بتا دینا میں بہت بہادر ہو تم فکر مت کرنا او کے میری عجیب مخلوق

برینڈا کی بات پر مائکل مسکرایا تھا ایک تو وہ اسکو بڑی مشکل سے سمبھال کر سمجھا رہا تھا اور خوف سے نکالا اور اب وہ اسکو کہہ رہی تھی کہ تم مت ڈرنا جو بھی ہو جب سے برینڈا سے محبت ہوئی تھی تب سے مائکل نے ہنسنا سیکھا تھا ورنہ زندگی کے دو سو سالوں میں وہ بس سینو سے نفرت ہی کرتا رہا تھا

ڈیڈ میں اپکو بتا رہا ہو مائکل کو چھوڑوں گا نہیں آخر اسنے یہ حرکت کی کیسے میں سچ کہہ رہا ہو کچھ بہت ہی غلط ہو جائے گا مجھ سے

سیم چیخ رہا تھا آنکھیں ویمپائر شیپ میں سرخ ہو چکی تھی شدید غصہ تھا ایسے لگتا تھا جیسے وہ اپنے قابو سے باہر ہوا پڑا ہے

میں تو انتظار میں ہو کہ کچھ غلط ہو

جے نے مسکرا کر کہا اس اندھیرے کمرے میں پتا نہیں وہ دونوں کس کی موت کا غلط خیال لا رہے تھے

دو دن۔۔ دو دن بعد جو بھی ہو گا اسکا زمدار صرف مائکل ہو گا اور وہ بھی برینڈا کی نظر میں بہت خوش ہونا رہ لو بس دو دن کی دیر ہے

نجانے ایسا بھی دو دن بعد سیم نے کیا کر دینا تھا جیسکا معاوضہ مائکل کو اٹھانا تھا

سیم پل بھر میں غائب ہوا وہ وقت کے گزرنے سے پہلے برینڈا کے کیفے کے باہر کھڑا تھا

شیطانی مسکراہٹ یک طرفہ تھی

اسنے اپنے اوپر کسی بھاری چیز کو محسوس کیا تھا جیسے کوئی گری پڑی ہو وہ آدھی نیند میں ہی تھی جب آنکھیں کھولتے سامنے لوسیفر اسکے گود میں لیٹا سو رہا تھا

اہہہہہہہہہ۔۔۔اہہہہ۔ مائکل۔۔۔۔

اسکا چیخنا ہی کافی تھا لوسیفر کے بال تک کھڑے ہو چکے تھے اسکی چیخ پر وہ بھاگتے اسکے اوپر
سے اٹھ کر فرش پر چھلانگ لگاتے کمرے سے باہر بھاگا

فوراً سے اٹھ کر بیٹھتے اسنے نوٹ کیا کہ مائیکل کمرے میں نہیں

برینڈا۔ تم۔ ٹھیک ہو

مائیکل کو یہی خوف تھا کہ کہیں پھر سے ڈر تو نہیں گئی مگر جب کمرے میں آتے دیکھا تو
سکون کا سانس بھرا کہ برینڈا کے سوا کوئی اور نہیں

کتنے جاہل ہو تم اور تمہارا بلا۔ کیا میں کوئی کشن ہو جو میرے اوپر سو رہا تھا وہ

جلدی سے اٹھتی وہ اپنے کپڑے جھاڑ رہی تھی

اور اوپر سے اب مجھے نہانا بھی پڑے گا اتنی سردی میں صرف تمہاری وجہ سے جاہل اسے
اچھا تھا تم کوارے ہی رہتے

برینڈا کے ایک نے ضد پکڑی ہوئی تھی بس

آئندہ نہیں ہو گا

پاس جاتے وہ اسکو سمجھاتے وہ ہاتھ تھمتا ہے

"اگر ہوا تو چھوڑ کر چلی جاؤ گی اب جاؤ میرے لیے ناشتہ بناؤ بہت بھوک لگی ہے"

مائیکل پر حکم جھاڑتی وہ اٹھ کر کھڑی ہوئی

مجھے کوکنگ بلکل بھی نہیں آتی

مائکل نے کھڑے ہوتے جواب دیا کیونکہ ہمیشہ سے بلڈ پینا اور کبھی اگر دل ہوا تو کیفے پر سے آرڈر کر لینا اس لیے کھانا بنانا نہیں آتا تھا

اچھا کوئی بات نہیں آج تم میرے ہاتھ کی میکرونی کھاؤ گے پسند ہے نا

مائکل کا ہاتھ پکڑتی وہ کمرے سے باہر لا کر سیڑھیاں چلتے پوچھتی ہے

اس میں چیکن مت ڈالنا باقی سب کچھ ڈال لینا

مگر مجھے چیکن والی پسند ہے اور تم بھی وہی کھاؤ گے ابھی سے ہی تمہارے نکھرے پر نکھرے ہے

اوپن کیچن میں آتے وہ ایک سٹف کو اپنے ارد گرد باندھتی ہے

فریج میں سامان ہوگا

وہ اپنا خیال لیے فریج کی طرف جا رہی تھی تبھی مائکل کو خیال آیا کہ فریج میں تو صرف وائنز پڑی ہے

برین۔ برینڈا۔ رو کو جان

پیچھے سے پکڑ کر وہ اسکوہگ کرتے کندھے پر ٹھوڑی رکھتا ہے

ہم باہر چل کر کچھ کھا لیتے ہے

مائکل نے آنکھیں بند کر کہا

کیا تمہیں میرے ہاتھ کا کھانا نہیں پسند کہہ دو یہ جھوٹ ہے

رونے والا منہ بناتی وہ مائکل کو سنا رہی تھی

ایسا نہیں برینڈا کل بھی تو انجوائے کیا تھا آج بھی میرے ساتھ چلو ہم باہر سے کھانا کھا لے گے

بلکل بھی نہیں تم صرف میرے ہاتھ کی بنی میکرونی کھاؤ گے اور اگر تم نے جانے کی کوشش کی تو پورا سال میکرونی کھلاؤں گی اب بتاؤ گھر پر ہی کھانا کھانا ہے نا میری جان نے مائکل کو وارن کرتی وہ کافی خوش نظر آ رہی تھی آخر پر جب برینڈا نے سیدھے سامنے ہوتے مائکل کو دیکھا تو اسنے تین بار ہامیں سر ہلایا

گڈ بچا

واپس فریج کی طرف رخ کرتے اسنے کھولنا چاہا تو مائکل نے آنکھیں ہی بند کر لی کیونکہ وہ جانتا تھا کہ ایک بار پھر سے وہ چیخے گی

تھوڑی دیر بعد اسنے اپنی ایک آنکھ کھولی تھی تو برینڈا بلکل سامنے چہرہ کیے اپنا جھکاؤ اوپر کرتی اسکی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کھڑی تھی

تم تو بہت ہی غریب ہو

فریج کی طرف اشارہ کرتے وہ بولی تھی جس میں صرف فریج کی پلیٹس نظر آ رہی تھی باقی ساری خالی پڑی تھی

شکر ہے

لمبا سانس لیتے وہ بولا تھا

مائکل مجھے بھوک لگی ہے پلیز زز کچھ کرو

چڑتے وہ ہال کے صوفے پر جا کر بیٹھتی ہے

تم بس گیم انجوائے کرو میں ابھی میکرونی بنا کر لاتا ہوں دوسری فریج میں ہوگا کوکنگ والا سامان

مائکل کی بات برینڈا کو خیران کر گئی تھی کہ وہ میکرونی کہاں سے بنائے گا

کیا سچ مچ واؤ میرے ہسبنڈ کو کوکنگ آتی ہے اسے اچھا کیا ہوگا چلو جلدی سے بنا کر لاؤ

وہ جو خود کہہ رہی تھی کہ میں خود میکرونی بناؤ گی اب مائکل پر سب چھوڑ رہی تھی

بڑے ہی آرام سے بوفر کانو پر لگائے وہ گود میں کی بورڈ رکھتی جی ٹی اے وائے سیٹی کھیل رہی تھی جبکہ نظریں سامنے لگی ایل سی ڈی پر جمی تھی

تقریباً آدھے گھنٹے بعد مائکل ایک پلیٹ میں میکرونی ڈال کر لاتا ہے

یہ کیا ہاں کیا تم نہیں کھاؤ گے میرے ساتھ

جلدی سے پلیٹ پکڑتے وہ بولی تھی

نہیں مجھے بھوک نہیں

جلدی سے ساتھ بیٹھتے اسنے برینڈا کے گرد بازوں سے حصار ڈالا۔

اتنے نکھرے تو لڑکیاں بھی نہیں کرتی جتنے تم کرتے ہو مائکل

اچھا تم کہتے ہو نا کہ شیئر کرو تو تم میرے ساتھ کھا سکتے ہو

وہ منہ میں چمچ ڈالتے کھانے لگی

شیئر باقی چیزوں میں کرنا چاہیے تمہیں

سکرین پر گیم کو کینسل کرتا وہ چینل دوڑا رہا تھا

مطلب ؟!؟ اچھا ویسے میں بلکل بھی تعریف نہیں کروگی کیونکہ مجھے جب بھی زوروکی بھوک لگتی ہے تو نارملی کھانا بھی بہت مزے کا لگتا ہے

ہاتھ اب کھانے میں مصروف ہوچکے تھے مائکل نے کورین ڈرامے پر چینل روکا

یہ والا تو میرا فیورٹ ڈرامہ ہے مائکل تمہیں پتا ہے میں جب بلکل چھوٹی تھی تب سے دیکھنا شروع کیا تھا مجھے اس ڈرامے کا ہر ایک سین یاد ہے

ڈبلیو ڈرامے کا کلپ دیکھتی وہ چھل اٹھی تھی

اوو اچھا ویسے مجھے آج تک سمجھ نہیں آتی کہ ان میں لڑکا کون ہے اور لڑکی کون ہے

مائکل نے چینل چینج کرنا چاہا تو برینڈا نے فوراً سے اسکے ہاتھ سے ریموٹ چھینا
چپ کرو اس ڈرامے کا ہیرو مجھے بہت ہی پسند ہے بچپن سے کرش رہا ہے میرا
مائکل نے ایک نظر اسکی طرف دیکھی تھی اور دل کیا کہ ایل سی ڈی کو آگ لگا دیں
ہائے سو رومینٹیک کیرنگ اینڈ لولی ہیرو ہے اوففففف میری تو نیت خراب ہو رہی ہے
برینڈا نے میکرونی کا چمچ پر چمچ منہ میں رکھا جبکہ تھوڑی ٹماٹو کیچپ ہونٹوں کے کنارے پر لگ چکی تھی
تو کیا کرو ہاں ۔ تم ۔ صرف مجھے جیلس کر رہی ہونا ۔
مائکل نے ہمت کرتے بولنا چاہا کیونکہ الفاظ ہی نہیں جڑ رہے تھے
ارے تمہیں کون جیلس کرے گا بس بتا رہی ہو کہ یہ ہیرو میرا کرش ہے ۔بس افسوس تم سے محبت ہو گئی ہے مجھے ورنہ ۔ ۔ ۔
مائکل نے آنکھیں چھوٹی کر اسکو دیکھا تھا کیسے وہ کہے جا رہی تھی
ورنہ کیا ہاں ۔ ۔مجھے تم سے بات ہی نہیں کرنی پہلے تمہارا وہ سیم اور اب یہ کرش بھاڑ میں جائے دونوں
ریموٹ کو فرش پر گراتے وہ کھڑا ہوا تھا جیسے اسکے تن من دھن میں آگ لگ گئی ہو کہ برینڈا نے بات کیسے کرلی

برینڈا نے اسکو اوپر کمرے میں جاتے دیکھا تھا وہ جان بوجھ کر اسکو روک نہیں رہی تھی

مائکل نے ایک نظر نیچے ہال کی طرف دیکھا تھا کہ برینڈا اسکو روکے گی منائے گی مگر جب

برینڈا کو مزے سے کھاتے دیکھا اور فلائنگ کس ایل سی ڈی پر اچھالتے دیکھا تو فوراً سے

نیچے جاتے اسنے ایل سی ڈی کا پلگ ہی نکال دیا

اب دیکھ کر بتاؤ

منہ چڑہاتے وہ واپس اوپر کمرے میں چلا گیا برینڈا نے جان بوجھ کر فلائنگ کس پاس کی تھی

تاکہ مائکل کو اور بھی چڑہا سکے

آج سے ہارر مووی کے ساتھ کورین ڈرامے بھی بند ہے اسکے ۔

کمرے میں آتے ہی وہ وائن کو پینے میں مصروف ہو جاتا ہے جبکہ وہ اندر سے لاک کر چکا تھا

کمرہ

کیسے ۔ اہہہہہ ۔ ۔

صوفے پر جا کر بیٹھتے وہ وائن کو مسلسل پی رہا تھا لب تک خون سے سرخ ہو چکے تھے اس

قدر گاڑھا خون تھا

پورا دن گزر چکا تھا وہ کمرے سے باہر نا نکلا تھا اوپر سے ان دونوں کا یہی کمرہ تھا جس میں وہ

دونوں رہتے تھے اور آج مائکل لاک کر چکا تھا

بریںڈانے کافی ویٹ کیا کہ وہ باہر آئے گا مگر اب خود وہ کورین ڈرامے دیکھ دیکھ کر بور ہو گئی تھی جلدی سے اٹھتے وہ گھر کو دیکھنا چاہتی تھی ہر کمرہ دیکھتے ایک عجیب سے کمرے سے گزر ہوا تھا جب اسنے روک کر اندر جانا چاہا

وہ لاک پر ہاتھ رکھتی اندر کی طرف دروازہ دھکیلتی ہے

کئی کتابیں تھی کئی ہزاروں کی تعداد سے ہر صدی کی ہسٹری اور زمانے کی کہانی تھی وہاں پر اسنے خود کو کسی بڑی سی لائبریری میں موجود پایا تھا وہ بڑے ہی غور سے ہر ایک کو دیکھ کر گزر رہی تھی جیسے وہ ہاتھ رکھ کر گزرتی چھو کر پسند کرتی تھی کتاب

کئی لائنوں میں لکڑی کی الماریوں میں کتابیں تھی کچھ دیوار کے ساتھ کچھ الماریوں کی شیپ میں خیران تو وہ تب ہوئی تھی جب ایک ٹیبل پر پڑی اسنے بک دیکھی

یہ تو بلکل ویسی کتاب ہے جیسی میرے پاس ہے

بلڈی ویمپائر لو کتاب پر نظر جاتے ہی وہ پہچان گئی تھی اس کتاب کے ارد گرد کئی پین اور لاکٹ پڑے تھے وہ خیران تھی جبکہ ٹیبل کی چیئر پر ایک لانگ بلیک کوٹ ہینگ تھا مگر اس پر کافی دھوڑ مٹی تھی جیسے کوئی یہاں پر آتا ہوا اور استعمال کرتا ہو چیزیں مگر کچھ عرصے کے لیے چھوڑ چکا ہو

اسنے کتاب اٹھائی اور واپس کو مڑی تبھی سامنے مائکل کو دیکھتے وہ ڈری تھی فوراً سے کتاب اپنے پیچھے چھپا گئی

تتم۔ تم توکمرے میں تھے۔ پھر۔ یہاں۔ پر

وہ بلکل خاموش چلتا اسکے پاس آ رہا تھا ان قدموں کی آواز پوری لائبریری میں گونج رہی تھی جبکہ برینڈا کی دھڑکنیں باغی تھی برینڈا واپس کو مڑ رہی تھی کیونکہ مائکل قدم پر قدم رکھتا اسکے قریب آ رہا تھا وہ ٹیبل کی نوک کو محسوس کرتی بک کو واپس زرا پرے کر رکھ دیتی ہے

مم۔ مائکل سوری۔۔ میں۔۔ نہیں۔۔

وہ تو سمجھانے لگ پڑی تھی کہ یہاں پر نہیں آؤ گی مگر اسے آگے تو زبان ہی بند ہوئی جب مائکل نے اسکو ٹیبل پر بیٹھا دیا وہ اپنے حصار میں لیتا پاگل بلی کو بھاگنے پر مجبور کر رہا تھا

اسنے محسوس کیا تھا کہ مائکل نے ڈرنک کی ہے سمل سے ہی پتا چل رہا تھا

اگر کبھی مجھے چھوڑنا چاہا تم نے تو چھوڑ جاؤ گی

پیشانی کے ساتھ پیشانی جوڑتے وہ پوچھ رہا تھا سمل سے گھٹن ہو رہی تھی برینڈا کو

تم۔۔ نے۔ ڈرنک کیو کی۔

یہ جواب نہیں۔۔

کمر پر ہاتھ مظبوط کرتے وہ بولا برینڈا نے کرنٹ کھایا تھا وہ پل بھر میں تڑپی تھی

"کبھی نہیں مائکل"

اسکے الفاظ سنتے مائکل مسکرایا تھا

اور اگر تم جھوٹ بول رہی ہو تو

اب ہاتھ اوپر کی جانب بڑھ رہے تھے بریںڈا نے رہائی چاہی تھی

اگر زندگی میں کچھ سچ کر دکھانے کا موقع ملا تو یہ بات سچ کر دیکھاؤگی کہ میں تمہیں کبھی نہیں چھوڑ کر جاؤگی مائکل

کتنا مشکل ہوتا ہے سامنے والے کو محبت کا یقین دلانا اور وہ جس کے پاس دل ہی نا ہو

اگر میں چاہو کہ تم مجھے چھوڑ دو تب

وہ آج گہرائی کی باتیں کر رہا تھا

"تو میں اپنے بچپن والے کرش سے کہوگی کہ تمہیں منع کریں مجھے چھوڑنے سے ورنہ"

ہاتھ بریںڈا کے بالوں کو دبوچ گے تھے اسنے تڑپ کر آہ بھری تھی بریںڈا کا چہرہ اپنے سے دور کیا بریںڈا کو مائکل کی سمجھ نہیں آرہی تھی وہ کیسے اسکو تکلیف دے سکتا تھا

"مجھے وہ ہر کوئی زہر لگے گا جو تمہارا خیال لائے اور اگر تم لاتی ہو تو مجھے زہر سے مر جانا بہتر ہے مگر یہ زہر میرے دل میں اترنا چاہیے"

یک دم بالوں کو آزاد کرتے وہ کمرے سے باہر چلا گیا جبکہ برینڈا اسکو جاتے دیکھ کر خیران تھی وہ مائکل کی ناراضگی دل پر لے رہی تھی

اسنے مزید تنگ کرنے سے اچھا راضی کرنا ہی بہتر سمجھا تھا مگر کیسے وہ ڈرنک تھا آگے ہی بڑی مشکل سے وہ برداشت کر رہی ہے اسکی ناراضگی اگر راضے ہونے کا کوئی مول مانگ لیا تو

میں صبح مناؤں گی اپنے کرش کو

دل میں عہد کرتی وہ کتاب اٹھاتی کمرے سے باہر نکل آتی ہے

کمرے میں آنے پر اسنے نوٹ کیا تھا کہ مائکل سو چکا تھا یہ دیکھ وہ دل میں خوش تھی

اج کئی دنوں بعد بک پڑھوں گی مزا آئے گا

سٹڈی ٹیبل پر جا کر کتاب رکھتی پہلے مائکل پر کمفرڈ اوڑھ دیتی ہے پھر واپس سیٹ پر آتے بیٹھ کر پڑھنے لگتی ہے

تم نے کبھی مجھ سے پیار کیا ہی نہیں سب جھوٹ تھا ہمیشہ دور جانا چاہا ایک بات یاد رکھنا سوزین میں تمہیں جان سے ماردوں گا اگر تم نے واپس ملنا چاہا

اگ بگولہ ہوئے وہ سوزین پر چیخ رہا تھا اور وہ بیچاری چپ ڈری سہمی کمرے کے کونے میں چھپ رہی تھی

ماردو مجھے ۔ میں تمہارے ساتھ نہیں رہنا چاہتی ایک ایسے انسان ۔ ارے تم تو جانور ہو جانور۔ پھر کیسے رہ لو تمہارے ساتھ جس کے پاس دل ہی نا ہو جو فیلنگز کو ہرٹ کریں

سوزین نے بھی ہمت سے کہا تھا جبکہ ڈین کا غصہ ہوا ہو رہا تھا

بھاڑ میں جائے ایسا دل جو جذبات رکھتا ہو تم اگر سچ میں محبت کرتی تو میرا دل ضرور دھڑکتا تم دھڑکنیں دیتی مجھے اپنی محبت سے مگر انسان ہوتا ہی بے وفا ہے

بے دردی سے ڈین نے سوزین کو پکڑا تھا اور کمرے سے باہر گھسیٹتا ہوا ایک اندھیرے کواٹر میں لا کر بند کر دیتا ہے

جب تک مجھے تمہاری محبت پر یقین نہیں آ جاتا تم یہی پر رہو گی اور رہا وہ لڑکا تو اسکی آخری ملاقات تھی تم سے

بھاری آواز آئی تھی جیسے کسی نے گولی چلادی ہو وہ اس طرح سے دروازہ بند کر گیا تھا

سوزین نے رونا شروع کیا تھا

ہائے یہ کیا ہو گیا ڈین تو محبت کرتا تھا سوزین سے پھر کیا ہوا ہے ان دونوں میں

بریندا نے مزید آگے پڑھنے میں انٹرسٹ لیا

تم کبھی نہیں سمجھو گے ڈین جب دل ہی نہیں تو کیا جذبات

سوزین نے گھٹنو میں سر دیا

خود کلامی کرتے وہ دبی دبی رو رہی تھی ہچکیوں نے سانس لینے میں مشکل ڈالی

وہ روتی روتی سو گئی تھی آنکھو کے نیچے ہلکے پڑ گے تھے رات کے پہر ڈین نے دروازہ کھولا تھا اورا پنے کیے عمل پر شرمندہ ہوتے وہ سوزین کے پاس جا کر بیٹھا۔

میں نے جو کہا تھا وہ کر دیا ہے

اسکے ساتھ بیٹھتے وہ دیوار کے ساتھ ٹیک لگاتا بولا تھا

تم چاہتی ہو مجھے مگر مجھے یقین آنا چاہیے اس چاہت پر ورنہ محبت کے الفاظ تو ہزاروں لوگ بولتے ہے ایک دوسرے سے

ڈین نے اسکے چہرے پر پری لٹ کو پیچھے دھکیلا

وہ کسی کی انگلیوں کا لمس محسوس کرتی فوراً سے آنکھیں کھولتی ہے

ڈڈ۔ ڈین۔

وہ خوف سے کپکپاتے ہونٹوں سے کہتی ہے

چلو یہاں سے مجھے اچھا نہیں لگ رہا

اٹھ کر کھڑے ہوتے اسنے اپنا ہاتھ نیچے بیٹھے وجود کو تھامنے کو دیا تھا

جب آگے سے خاموشی اور سسکیوں کی آواز میں جواب ملا تو خود جھک کر اسکو گود میں بھرا

وہ بے ساختہ ڈیم کے دل کے مقام پر ہاتھ چکی تھی

اسنے مدھم دلی دھڑکن محسوس کی تھی وہ کیسے دل کا احساس محسوس کر سکتا تھا کیسے دل دھڑکنا شروع ہو چکا تھا کیسے

تم خیران مت ہو مجھے تم جیسا بننا ہے .بس جیسا تم چاہو گی میں ویسا بننا چاہتا ہوا ایک انسان

سوزین کی سوچ پرے تھے ان لمحاتِ سے کہ ڈین نے آج اپنی محبت کو خیران کیا تھا

بس دور جانا پڑے گا تم سے اتنا کہ جتنا تم سہہ نا سکو

وہ جو دبی مسکراہٹ سے دل میں خوش تھی اب وہ بھی ظاہر نا کر سکی

وہ اسکو آج اوپر ٹیرس پر لے گیا تھا اندھیرا چاروجانب تھا جیسے کالی رات مشہور ہو یہاں کی

میں مر جاؤ گا اور تم میرا انتظار کرنا

ڈین نے اسکو ٹیرس پر جا کر نیچے اتارا تھا سورج کی روشنی مدھم سے تیز ہوتی جا رہی تھی

اندھیرا ایک دم پرے ہوا اور سورج کی تیز ترین شعائیں بادل سے ہو کر زمین پر گر رہی تھی

ڈین تم ۔۔ تم جھوٹ بول رہے نا۔

بلکل سچ ہے اور تمہیں یہ احساس ہو گا کہ ویمپائر دل کے بغیر بھی محبت کر سکتے ہے

دھوپ تیز ہوتی جا رہی تھی سوزین کو ڈر لگنے لگا تھا اسنے ڈین کا ہاتھ پکڑ کر وہاں سے دور لے جانا چاہا

مجھے یہی پر رہنا ہے اور تم مجھے دیکھو گی

ڈین نے اسکو روکا تھا سوزین کی آنکھیں آنسو کا پانی باہر کو نکلا رہی تھی

تم مزاق مت کرو کیا تم پاگل ہو میں مر جاؤں گی اگر انتظار ہے

اور انتظار کے بعد میں جینا چاہتا ہو یہی وجہ تھی کہ میں دور رہتا تھا صرف یہی وجہ تھی کہ تم

انسان اور میں ویمپائر اب سب ٹھیک ہو گا

وہ کہتے روکا تھا جب سوزین نے ایک تھپڑ اسکو دے مارا تھا

یہ فضول کی سوچ ہے بس میرے ساتھ چلو یہاں سے

دھوپ نے ڈین کے ہاتھ جلانے شروع کیے تھے جب سوزین نے ان جلتے ہاتھوں کو بھی

تھام کر اپنے ساتھ چلنے کو کہا

سوزین آئی لو یو آلویز

اسنے پل بھر میں آخری گستاخی کر سوزین کو دور کیا تھا وہ پیچھے کو چل رہا تھا جیسے جیسے قدم پیچھے

کو جاتے وجود کے ریزے بن کر ہوا ہوتے سوزین کا دل پھٹ رہا تھا وہ کیسے اس شخص کو

جاتے دیکھ سکتی تھی جسکو دل دھڑکنا سیکھایا اور جب سب بہتر ہو رہا تھا تب وہ کیسے جا سکتا

تھا وہ مسلسل رہو رہی تھی آنکھیں سرخ ہو رہی تھی دل تھا کہ وقت یہی پر ہمیشہ کے لیے

روک جائے

ڈین ۔ ۔ ڈین ۔ ڈیییینننن ۔ ۔ ۔ ایک آخری چیخ تھی وہ بھاگتے اسکے پاس آئی تھی جب ڈین نے اپنے دل کے مقام پر ہاتھ رکھ اندر انگلیاں پیوست کی اور ہڈیوں کے بیچ سے دل نکالا وہ لمحہ سب سے خوف زدہ اور درد بھرا تھا جب ڈین نے دل نکالا تھا پورے کپڑے خون زدہ ہو گے تھے یہ سب ریڈ کرتی برینڈا نے رونا شروع کیا تھا وہ یہ کہانی پڑھ کر رو رہی تھی چند آنسو بک کے صفحات پر جا گرے تھے

سووو ۔ سوزی سوزین ۔ ۔ ۔

خون میں بھرا پڑا دل ہاتھ سے نیچے جا گرا تھا

ڈین ۔ ڈین ۔ ڈیننن ۔ وہ چیخ کر رو رہی تھی جب ڈین کا وجود زرہ بنا ہوا میں کہیں پر گم ہوا مگر دل تھا جو ابھی تک مدھم دھڑک رہا تھا

کتنی ہرٹ ٹیچنگ سٹوری ہے میں نے آج تک ایسا کچھ نہیں پڑھا کوئی اتنا کیسے برداشت کر سکتا ہے درد

کیوووو ۔ کیوں ۔ اہہہ ۔ ۔ کیوں ۔

گھٹنوں کے بل بیٹھی وہ مسلسل چیخنے کے ساتھ رو رہی تھی تبھی لاسٹ صفے کو نکال کر برینڈا نے دیکھا کہ ایک پک بنی ہوئی تھی

وہ ٹیرس کے درمیان بیٹھی رو رہی تھی جبکہ چند قدم دور ڈین چلتا اسکے پاس آ رہا تھا اور وقت وہی پر تھما

اور لاسٹ پر چند لائنز لکھی تھی

"وہ ایک ویمپائر کا جنون تھا جو اسکو پاگل کر گیا آخری حد تک"

برینڈا نے آنسو صاف کرتے جلدی سے بک بند کر رکھی وہ واپس بک رکھنا چاہتی تھی اسنے دیکھا کہ مائکل ابھی تک نیند میں ہے تو جلدی سے بک لیے وہ کمرے سے باہر نکلی

وہ اسے کمرے میں آنے پر بک کو واپس ٹیبل پر رکھتی ہے اور فوراً سے باہر رخ کیا

وہ ابھی مڑی ہی تھی جب سامنے لوسیفر کھڑا تھا خوف کے مارے چیخ نکلی تھی مگر تبھی ہاتھ منہ پر رکھ آواز دبا دی

لوسیفر ڈھیلی ڈھالی چال چلتے اسکے پاس آیا

برینڈا نے وہاں سے باہر دوڑ لگانی چاہیے تھی جب لوسیفر نے چھلانگ لگا کر اسکے ہاتھ کو کاٹنا چاہا مگر برینڈا نے زور سے ہاتھ پیچھے کرتے اسکو دور دھکہ دیا اور وہاں سے باہر بھاگی واپس اپنے کمرے میں آنے پر اسنے جلدی سے دروازہ بند کیا اور بھاگ کر مائکل کے کمفرڈ میں چھپ گئی

سینے پر سر ٹکائے وہ سونے کی کوشش کر رہی تھی جب برینڈا نے نوٹ کیا کہ مائکل کی ہارٹ بیٹ بلکل مدھم چل رہی ہے

بے اختیار ہاتھ دل کے مقام پر گیا تھا اسنے یاد کیا کہ بک میں بھی ہارٹ بیٹ مدھم تھی ڈین کی مگر تبھی خیال جھٹکتی وہ اسکے دل کے مقام پر لمس دیتی مسکراتی ہے

مجھے تم سے بہت پیار ہے مائکل اتنا کہ جتنا حد سے باغی کوئی سر پھرا ہوا اپنے محبوب کے پیچھے اور میں تمہارے معاملے میں خود غرض ہو تم صرف میرے ہو عجیب مخلوق

بڑے ہی پیار سے ہگ کرتی وہ سکون محسوس کر رہی تھی اسنے سینے سے سر ٹکائے آنکھیں بند کی اور سو گئی جبکہ مائکل نے بھی اسکو خود میں قید کیا وہ دونوں کتنے پیارے لگ رہے تھے ایک ساتھ مگر دو دن بعد نجانے کیا ہوتا جو وقت سے پہلے سیم طے کر چکا تھا

اج دونوں نے یونیورسٹی سے ہو کر لیزا میڈم کے گھر جانا تھا برینڈا نے نوٹ کیا کہ مائکل نے پورا دن برینڈا سے ناراضگی رکھی جیسے کل کی بات اسکو اچھی نا لگی ہو جبکہ بس کرش ہی تو بولا تھا اسنے مگر سچ کہتے ہے اس شخص کے دل سے تو دور زبان پر بھی کسی کا ذکر زہر لگتا ہے جو آپکی جان سے بڑ کر جان ہو پھر کیسے وہ اسکو یہ احساس نا دلاتا کہ اسنے غلط کیا تھا

وہ اپنی کلاس سے باہر نکلی تھی تو سامنے چارلی کھڑا نظر آیا

برینڈا۔۔

بریندا کو آواز دیتے وہ وہی پر روکا

یس سر۔

پاس جاتی وہ بولی تھی

یہ پرنٹس نکال کر لے آؤ مجھے کسی کی کال ریسیو کرنی ہے اس وجہ سے تمہیں کہہ رہا ہوا ور زرا جلدی آنا

چارلی نے نوٹس تھمائے اور جواب سنے بغیر وہاں سے چلا گیا

جلدی سے بھاگتی وہ ڈیپارٹمنٹ سے باہر نکلی

ارد گرد کئی کلاسسز تھی ابھی ایک پیلر سے گزری ہی تھی سامنے مائکل کھڑا کسی لڑکی کو اشارے سے ایڈریس سمجھا رہا تھا دور سے تو یہی اندازہ لگایا جاسکتا تھا اب پاس جا کر ہی پتا چلتا

یہ یہاں پر۔۔

نوٹس وہی پر بھولے اور اسکی طرف چلنے لگی

یہاں سے سیدھا چلے جانا وہاں پر تمہیں پرنسپل کا آفس ملے گا

مائکل نے ابھی پیچھے مڑکر اشارے سے سمجھایا ہی تھا تبھی نظر بریندا پر گئی اور گردن وہی کی وہی رہی

تھینکس یو سو مچ ڈیئر مائکل ۔

جلدی سے مائکل کے گال پر کس کرتی وہ لڑکی بولی جبکہ مائکل کا چہرہ تو برینڈا کی طرف تھا تبھی وہ سمجھ ہی نا پایا کہ لڑکی ایسا کرے گی اور برینڈا کو اتنا غصہ آیا اتنا کہ اگر قتل کرنے کے لیے کوئی چیز نا ہوتی تو ہاتھوں سے ہی مار دیتی اس لڑکی کو

ماا۔ مائکل ۔ ۔ ۔ چیختے وہ اسکے پاس آئی

برینڈا کیا ہو گیا ہے ۔ ۔

اسکی چیخ نا سمجھتے وہ پوچھتا ہے

اگر اب پرنسپل کے آفس گئی تو اس بڈھے پرنسپل کا گال چومنا اب دفعہ ہو جاؤ یہ ہسبینڈ ہے میرا

مائکل کا ہاتھ پکڑتی وہ اس لڑکی کو سنا رہی تھی جبکہ وہ ہوا میں ہاتھ کرتی برینڈا پر حیران تھی

تم تو چلو میرے ساتھ ۔ بڑا شوق ہے نا رستہ بتانے کا تو جہنم کا بتاتے وہاں پر مرتی سڑتی یہ جاہل آنٹی

اپنے ساتھ کھینچ کر وہ اسکو گھسیٹ رہی تھی چہرے سے ہی غصہ جھلک رہا تھا اتنا تو مائکل نے بھی نا کیا تھا جتنا برینڈا دیکھا رہی تھی مگر مائکل اپنے دانت لبوں کے پیچھے چھپاتا مسلسل مسکرا رہا تھا جیسے اسکو مزا آ رہا ہوں

رکو۔۔۔

یک دم روک کر اسنے برینڈا کو اپنی طرف سیدھا کیا

تم کر کیا رہے تھے اس لڑکی کے ساتھ ہاں ۔

معاملہ سیریس ہوتے دیکھ اور بھی زیادہ ہنسی آئی

اگر اسنے مجھے گال پر کس کیا تو تم بھی کر لو جہاں ہمیشہ کرتی آئی ہو اور غصہ ختم کرو

پیلر کے ساتھ لگا تا وہ دونوں گرد بازوؤں سے رستہ بند کرتا بولا

بھاڑ میں جاؤ۔ تمہاری طرح ہر ٹائم فری نہیں ہوتی ابھی چارلی سر نے بولا تھا کہ پیپر نٹس نکال کر لاؤ مگر تمہیں دیکھ سب بھول گئی دل تو کر رہا ہے کہ اسکا منہ نوچ کر آؤ

پھر سے برینڈا کو بھاگتے دیکھ اسنے بازوؤں سے کھینچ اپنے ساتھ سٹور روم میں لایا

وہ اندھیر نگری میں آتی چپ سی ہوئی تھی جہاں ان دونوں کے سوا کوئی اور نا تھا

سب بھول گئی تھی ۔

آزمائش میں ڈالتے وہ قدم بڑھا رہا تھا اور برینڈا بلکل بھی غصے سے آزمائش کے موڈ نہیں آ رہی تھی

تمہاری ہمت کیسے ہوئی اس کو کس کرنے دینے کی ہاں

قدم تو اب برینڈا آگے بڑھا رہی تھی

میری پاگل بلی سچ کی پاگل ہوگئی ہے

چھوٹی آنکھیں کرتا وہ اور غصہ دلا رہا تھا

میں تو کہتا ہو کہ تم بھی کر لو پھر ہی تمہارا غصہ اترے گا

پیچھے قدم جاتے دیکھ مائکل نے مزید پاس جانے کے ارادے بنائے

مجھ۔۔مجھے چارلی سر کو۔۔ نوٹس ۔دینے ہے

جلدی سے باہر کو رخ کرتی وہ بھاگی تھی جب مائکل نے اسکو پیٹ سے پکڑ کر روکا اور دیوا کے ساتھ لگاتے پھر سے بازوؤں میں چھپا گیا

چارلی کو بھی مل جائے گے نوٹس پہلے میرا تو کچھ بن جانے دو

جھکاؤ نیچے کرتے وہ اسکی آنکھوں میں چہرہ اتارتا ہے اور قہر کے لب کھولے ہونے کی وجہ سے گرم جھلستی بریندا پر کسی صحرا کی طرح گر رہی تھی

ایک بات پوچھو۔۔۔

پاس ہونے کی وجہ سے آواز میں عجیب سی کیفیت تھی جیسے مدھم نشے میں چور لہجہ ہو

ہاں۔

کپکپاتے ہونٹوں سے مشکل سے لفظ ادا ہوئے دل کی دھڑکنیں تو تب آوارہ ہوئی جب مائکل نے ہاتھ کی انگلیوں میں انگلیاں پھنسائی تو سارے نوٹس فرش پر جا گرے

کل سے ناراض ہو میں کیا تمہیں نہیں پتا ہسبینڈ کو کیسے مناتے ہے

ایک ہاتھ کمر کے پیچھے لے جاتے وہ نیم سرگوشی نما کہتا اب حد سے زیادہ قریب تھا اتنا کہ لب حرکت کرتے بریںنڈا کے گال کو چھوتے

ہسبینڈ کو چاہیے کہ پہلے وائف کو منائے جو ابھی انوکھے کام کیے ہے ان سے تو۔۔۔

اسے آگے لفظ کہاں بولنے دینا تھا مائکل نے وہ پل بھر میں مدھوشی میں ڈوبتا اس اندھیرے میں بھی بریںنڈا کو سکون دے گیا اج تو جیسے آزادی لکھی ہی نہیں گئی تھی انگلیاں کو زور سے تھامے وہ اپنی شدت بیاں کر رہا تھا دونوں طرفہ سانسیں باغی تھی بریںنڈا نے زور سے مائکل کی شرٹ کو تھاما جس ہاتھ کو آزادی تھی مگر اب تو ہاتھوں کی پکڑ بھی جواب دے رہی تھی اور ہوا بھی ایسا ہی وہ مٹھی سے شرٹ آزاد کرتی مائکل کے گال کو اپنے ٹھنڈے ہاتھوں سے چھوتی خود بھی قید ہو رہی تھی

آہستہ سے آزادی ملی تھی جیسے آزادی دینے کو دل ہی نا ہو

کیا ایسے مناتے ہے

پہلا سوال ہی یہی پوچھا گیا تھا مائکل نے کوئی جواب نا دیا لبوں پر رقصاں مسکراہٹ تھی

وہ نیچے جھک کر نوٹس اٹھانے میں مصروف ہوتی ہے

میں ہیلپ کر دیتا ہو

جلدی سے نیچے جھک کر وہ نوٹس سمیٹتا بولا

رہنے دو۔۔

جتنے بھی نوٹس ہاتھ میں تھے وہ چھینتے برینڈا وہاں سے باہر کو بھاگی

یونیورسٹی سے ہو کر وہ سیدھا لیزا میڈم کے کیفے گے تھے برینڈا تو پہلے ملی باتیں کی پھر سیدھا اپنے کمرے میں چلی گئی جبکہ مائکل اور لیزا میڈم نے کافی باتیں کی وہ خوش تھی برینڈا کے فیصلے پر زرا بھی کوئی ایسی بات نا تھی جو لیزا میڈم کو بری لگتی مائکل میں

مجھے نہیں لگتا تھا کہ برینڈا کو اچھا لڑکا ملے گا ورنہ اسکی پسند بچپن سے ہی بری رہی ہے اور بعد میں پتا چلتا ہے کہ وہ ٹھیک نہیں فیصلہ تھا

مائکل نے مسکرا کر بات سنی تھی اور شو آف ہی نا کروایا کہ مجھے کچھ عجیب لگا ہے جبکہ اپنے انسان نا ہونے پر وہ زرا پیشیمان ہوا تھا

آپ اپنا خیال رکھا کریں برینڈا کو گھر میں بھی آپکی فکر رہتی ہے آج بھی یونیورسٹی سے سیدھا مجھے یہاں پر لائی ہے

لیزا میڈم مسکرائی تھی اسکی بات پر

ابھی بچی ہے نا سمجھ جائے گی اچھا یہ بتاؤ کیا کھاؤ گے تم

بڑے ہی پیار سے پوچھتی وہ مائکل کی طرف دیکھ کر مسکرا رہی تھی

ہمم کچھ بھی جو برینڈا کو پسند ہو

مائکل نے بھی مسکرا کر جواب دیا

اچھا تم ویٹ کرو میں نوڈلز بنا کر لاتی ہو

کیا برینڈا کو نوڈلز پسند ہے

مائکل نے فوراً سے سوال پوچھا

ہاں ۔ کیوں تمہیں نہیں پسند اگر نہیں تو بتا دو میں تمہاری پسند کا

نہیں نہیں مجھے نوڈلز ہی کھانے ہے

جلدی سے جواب دیتا وہ کہہ گیا لیزا میڈم نے اپنا رخ سیدھا کچن میں کیا جبکہ مائکل کیفے کو دیکھتا برینڈا کے کمرے تک آ پہنچا

کمرے میں کوئی بھی نہیں تھا اسنے سٹڈی ٹیبل پر جاتے بکس دیکھی تو بلڈی ویمپائر لو بک نظر آئی مائکل نے بس ایک نظر دیکھا اور مسکرا دیا جبکہ دماغ میں کچھ اور سوچ تھی

وہ اس بک کو اگنور کرتا ایک نظر سارے کمرے کو دیکھتا ہے

دو منٹ تک دیکھنے کے بعد وہ بیڈ پر جا کر بیٹھا

ہاتھ گردن کے پیچھے لے جاتے وہ آرام سے بیڈ کراؤن سے ٹیک لگاتا ہے

تم ابھی تک واپس نہیں گے

باتھ سے باہر نکلتے وہ بال تولیے سے خشک کرتی پوچھتی ہے جیسے شاور لے کر نکلی ہو

واپس کس نے جانا تھا آنٹی میرے لیے نوڈلز بنا رہی ہے

اووو اچھا۔

میرر کے سامنے کھڑے ہوتے برینڈا کی نظر شیشے سے مائکل پر گئی جو مسلسل اسے ہی دیکھ رہا تھا پہلے تو اگنور کرتے اسنے خود کو بالو کو خشک کرنے میں مصروف رکھا

جاؤ جا کر مما کی ہیلپ کرو

برینڈا نے اسکا دھیان کہیں اور طرف کیا وہ بھی تو ڈھیٹ بنا بس دیکھ رہا تھا

تمہیں نہیں لگتا کہ ہیلپ کی تمہیں ضرورت ہے

ابھی تک آنکھیں چھوٹی تھی

اتنے غور سے کیا دیکھ رہے ہو کیا میں نے کچھ چوری کیا ہے

بات کہتے وہ دوبارہ باتھ میں جاتے تولیے کو ہینگ کرتی ابھی باہر ہی نکلی تھی جب پاؤ کسی کے پاؤ پر رکھ گئی نظر اٹھا کر دیکھا تو وہاں مائکل کھڑا تھا

کیا تم کوئی بھوت ہو ابھی تو بیڈ پر بیٹھے تھے

دل پر ہاتھ رکھتی وہ بولی

تم مجھے بس اپنا سمجھا کرو پھر چاہیے میں بھوت ہو یاں پھر عجیب مخلوق

جلدی سے ہاتھ پکڑتا وہ اسکو میرر کے سامنے کھڑا کرتا ہے

مجھے پتا ہے کہ میں بہت پیاری ہو

دونوں کی نظر ملی جب لفظ برینڈا نے بولے

یہی پر کھڑی رہو

دراز سے ہیئر برش نکالتے اسنے برینڈا کو اپنے سامنے کھڑا ہی رکھا

تمہیں پتا ہے برینڈا جب تم نے غصہ کیا تھا یونی میں تو مجھے تمہارے کانوں سے دھواں نکلتے محسوس ہوا

جان بوجھ کر وہ ایسی باتیں کر رہا تھا برینڈا خوش ہوئی تھی مائکل نے بڑے ہی پیار سے اسکے گیلے بالوں میں کنگھی کی

اور تمہیں پتا ہے مائکل اگر کہیں پر بھی وہ لڑکی مجھے مل گئی تو اسکو ضرور پرنسپل آفس لے کر جاؤ گی اسکو بھی تو پتا چلے کہ وہ بڈھے کے ساتھ ہی اچھی لگتی کیونکہ میری عجیب مخلوق پر کوئی اور نظر رکھے یہ مجھے برداشت نہیں

آنکھیں بند کرتی وہ کنگھی کروا رہی تھی مائکل نے برش واپس ٹیبل پر رکھا اور اسکی طرف ایک سکون کی نظر ڈالی

اگے سے ہاتھ پھیلاتے وہ برینڈا کو ہگ کرتا اسکی کمر اپنے سینے سے لگاتے بالوں میں شدت سے لب رکھتا بوسا دیتا ہے

کیا تم سچ میں اتنا پیار کرتی ہو

ٹھوڑی کاندھے پر ٹکائے وہ بولا

بلکل بھی نہیں

جلدی سے دور ہٹتے وہ سکون میں ہلل ڈال کر بولی

مجھے بہت بھوک لگی ہے خود تو ایک دن کے کھانے پر تم تین دن زندہ رہ لیتے ہو پر مجھ سے نہیں رہنے ہوتا

مائکل کا ہاتھ پکڑتی وہ اسکو کمرے سے باہر لائی تھی ان سب نے کافی انجوائے کیا تقریباً رات کے نو بجے وہ وہاں سے نکلے اور گھر آئے برینڈا کے دل میں تھا کہ مائکل اسکو وہی پر چھوڑ آتا مگر وہ کیسے اسکو اکیلا چھوڑ سکتا تھا اور خود وہ رہنا نہیں چاہتا تھا لیزا میڈم کے گھر ابھی گھر ہی اینٹری ہوئی تھی جب لوسیفر دروازے کے اندر بیٹھا ان کے انتظار میں لگ رہا تھا

برینڈا نے دروازہ کھولا ہی تھا جب لوسیفر نے بھاگ کر اسکے ہاتھ پر دانت گاڑھے وہ خود حیران پریشان تھی کہ لوسیفر ایسے کر کیسے سکتا تھا

درد سے دبی دبی چیخ نکلی تھی اور وہ نیچے فرش پر بیٹھتی گئی

کیا ہوا ہے تمہیں

اسکو فرش پر بیٹھے دیکھ مائکل نے پوچھا

برینڈا۔۔ آگے سے جواب نا ملنے پر وہ آگے اسکے سامنے جا کھڑا ہوا

لوسیفر نے کاٹا ہے

آنکھو کا رنگ سرخ ہو چکا تھا جب برینڈا نے اپنے زخمی ہاتھ (جس پر ہاتھ رکھ دباؤ ڈالا تھا)

سے ہاتھ اٹھایا مائکل نے فوراً سے روخ دوسری طرف کیا

چوٹ مجھے لگی ہے اور نکھرے تم دیکھا رہے ہو

خود ہی اٹھتی وہ کہتی ہے

مائکل

ایک سرسئ نظر پڑی تھی مائکل پر یوں کمر کر کھڑا دیکھ اسنے رخ اپنی طرف کیا

آنکھیں کھولو مائکل

فوراً سے آنکھیں بند کرتا وہ مشکل سے کنٹرول کر رہا تھا ایک دم آنکھیں کھولے

بغیر کوئی بات کرتا وہ اسی زخمی ہاتھ کو بے دردی سے پکڑتا اپنے ساتھ گھسیٹتے کمرے تک

لایا اندر لانے پر اسنے فوراً سے ہاتھ آزاد کیا اور فرسٹ ایڈ باکس کبرڈ سے نکال کر بیڈ پر رکھتے

وہ ایک نظر بھی برینڈا کو دیکھتے کمرے سے باہر نکل گیا جبکہ برینڈا کو اسکی حرکتیں سمجھ نہیں آرہی تھی وہ ایسا رویہ کیوں دیکھا رہا تھا

کمرے سے باہر آنے پر اسنے واپس خود کو لائبریری میں بند کیا

ایک نظر ہاتھ پر برینڈا کے لگے خون پر گئی تھی زیادہ تو نہیں پر تھوڑا سا خون لگ چکا تھا

وہ ٹیسٹ کرنا چاہتا تھا مگر قابو سے باہر نہیں ہونا چاہتا تھا

وہی ہوا جس پر قابو رکھنا چاہتا تھا اسنے اپنے ہاتھ پر لگے خون کو ٹیسٹ کر ہی لیا وہ دوبارہ سے ویمپائر شیپ میں آرہا تھا بلکے اب تو آنکھیں بھی سرخ ہو چکی تھی اور دانت بڑے

نجانے کس چیز کا غصہ تھا ٹیبل پر پڑی ساری بکس کو ہاتھ سے ہٹ کرتا وہ نیچے گرا گیا

چہرے کو اگر کوئی دیکھ لیتا تو وحشت نظر آتی

اسنے لائبریری سے باہر رخ کیا وہ پل بھر میں برینڈا کے کمرے کے باہر کھڑا تھا وہ ہاتھ آگے بڑھتا اندر جانا چاہتا تھا مگر وہی پر نظر لوسیفر پر گئی اور ہاتھ پیچھے کو آئے

لوسیفر مائکل کی آنکھوں میں دیکھتا ڈرتا پیچھے جا رہا تھا

میاؤ۔۔ میاؤووو۔

ایک آخری چیخ نکلی تھی لوسیفر کی جو برینڈا نے کمرے میں بیٹھے سنی وہ اگنور کرتی واپس اپنے ہاتھ پر روئی رکھتی ہے

گندا بلا۔

چہرے پر درد کے تاثرات لاتی وہ بولی

مائکل پل بھر میں غائب ہوا وہ گھر سے دور جنگل میں چلا گیا اسنے تیز رفتار سے جھاڑیوں کو عبور کیا جیسے کوئی ہوا کے ساتھ چل رہا ہو

اپنے ہونٹوں پر لگے خون کو صاف کرتا وہ روکا

کیوں میں ایسا ہوں کیو۔۔

وہ چیخا تھا اسنے پھر سے تیز رفتار سے دوڑنا شروع کیا وہ آگے سے بھی تیز بھاگ رہا تھا

مجھے ایسا نہیں رہنا میں سب کو ماردیتا ہوں۔ کیو

وہ دنیا کے آخری کنارے پر کھڑا تھا جہاں سے آگے بس گہرائی تھی

ریندڑااااا۔ وہ چیخ رہا تھا جیسے اندر آگ لگ گئی ہو اور بجھانے کے لیے پاس کچھ نہیں

بریندڑا۔۔

روتے وہ نیچے بیٹھا آنکھوں سے آنسو جاری تھے اسنے اپنے دل پر ظبط سے انگلیاں رکھی جیسے ابھی دل نکال کر اس گہرائی میں گرادے گا

وہ اندھیر رات کر کمرے میں داخل ہوا دبے قدموں سے وہ بیڈ کے پاس گیا نیند میں لیٹے وجود کو دیکھتے وہ اسکے پاس جا کر لیٹا چہرہ آمنے سامنے تھا وہ ایک بھی پل جھپکے بس اسکو دیکھ رہا تھا

بے ساختہ ہاتھ اسکے چہرے کی جانب اٹھا مگر تبھی واپس کھینچ لیا

اسنے خاموشی میں ڈوبے کمرے میں بس برینڈا کو گھورے رکھا جبکہ وہ غافل سوئی رہی وہ ساری رات اسکو جی بھر کر دیکھتا رہا جیسے آخری دیکھنا ہو

بیلا تمہیں نہیں لگتا کہ مائکل کو برینڈا سے سچ چھپانے کی ضرورت نہیں

چارلی نے لیپ ٹاپ پر ٹائپ میں مصروف انگلیوں کو روکا

ہاں اسے بتا دینا چاہیے ابھی تو جے انکل پتا نہیں کیا کریں گے اوپر سے سینو کا سن کر حیران ہو مجھے نہیں لگتا کہ مائکل اب راز رکھے گا

چارلی نے لیپ ٹاپ کو بند کیا اور اٹھتے بیلا کے پاس بیڈ پر آ کر بیٹھا

ہمم آ گے ہی بیچارہ سینو کے آنے کی وجہ سے کافی ہرٹ ہے مگر میں خوش ہو کہ برینڈا اور مائکل کو ایک ساتھ دیکھ کر

بیلا کی بک میں مصروف نظروں سے کتاب چھنتے وہ پاس لیٹتے بولا تھا جبکہ بیلا کی جان نکلی تھی کہ بک چارلی کے ہاتھ چلی کیسے گئی

میں تمہارا خون پی جاؤں گی بک دو واپس

بیلا نے بک چھینتے کہا جبکہ چارلی اٹھتے کھڑا ہوا

دیکھو دیکھو ایسی بھی کیا چیز تھی بک میں جو میرا خون پی جاؤ گی

جلدی سے بک کو اوپن کرتے چارلی نے دیکھا اور بس ایک نظر بیلا پر اور ایک بک پر گھومتی رہی

بیلا شرم سے سرخ ہوتی جا رہی تھی اور چارلی خود اس پر حیران تھا

ایسی بکس مت ریڈ کیا کرو

بک کو سائڈ ٹیبل پر رکھتے وہ بولا تھا

تمہیں کوئی مسئلہ ہے۔ جاؤ یہاں سے مجھے پڑھنا ہے

جلدی سے بک کو پکڑتی وہ بولی تھی

بکس میں ایسی بھی کیا بات ہوتی ہے جو تمہیں لگتا ہے کہ ریلیل میں کچھ نہیں ہو سکتا اور یہ بک مجھے بلکل بھی پسند نہیں آئی مائنڈ خراب کرنے کی چیز ہے بس

اوووو اچھا۔ تو ہو جانے دو خراب۔ کونسا تمہیں کچھ کہہ رہی ہو اور اب جاؤ یہاں سے

بس کہہ دیا نا کہ نہیں پڑھو گی تو نہیں پڑھو گی

جلدی سے کتاب کو چھنتے وہ ڈسٹبین میں ڈال دیتا ہے

اچھا سوری نہیں پڑھوگی پکا اب ناراض مت ہو

چارلی کو سیریس دیکھتے وہ فکری سے بولی تھی

میں پروفیسر بعد میں ہو پہلے تمہارا ہسبینڈ ہوں اگر کچھ سیکھنا ہے تو مجھ سے سیکھو ان کتابوں سے نہیں

بس رومنٹک سٹوری ہی تو پڑھ رہی تھی تم بھی ایسے کہہ رہے جیسے پتا نہیں کیا پڑھ لیا ہو میں نے

بیلا نے بیڈ پر جا کر بیٹھتے کہا چارلی اسکے ساتھ بیٹھتے ہاتھ تھامتا ہے

اسی لیے ہی تو کہہ رہا ہوں مجھ سے کلاس لے لیا کرو اچھے سے ٹیچنگ دوں گا تمہیں

گال کو مروڑتے وہ پیار سے کہہ رہا تھا

نا ہی تم چاہیے نا ہی کلاس مجھے سونا ہے اور کل یونیورسٹی بھی جانا ہے آگے ہی کافی دن کا گیپ آگیا تھا

وہ لائٹس آف کرتی بولتی کمفرڈ اوڑھ کر چھپ جاتی ہے

چارلی نے ڈسٹبین کی طرف دیکھ کر رقصاں مسکراہٹ دلبرم کی تھی جیسے وہ بیلا کو تنگ کرنا چاہتا ہو

ہیرو کون تھا بک میں

جان بوجھ کر کمفرڈ لھینچ کر وہ پوچھتا ہے

تم سے تو اتنا اچھا تھا اوففف کیا بتاؤ

چارلی کو سناتی وہ دوسری سائیڈ پر چلی جاتی ہے

اووا چھا۔ میں لے کر آؤ بک تا کہ میں بھی تو پڑھو جو تم نے پڑھا

بیڈ سے اٹھتے ابھی کچھ ہی فاصلہ طے کیا تھا جب بیلا اسکے پیچھے بھاگی

ت۔۔ تم۔ کیوں۔ پڑھو گے۔ چھوڑو۔

تمہیں تو سونا تھا نا جاؤ سو جاؤ میں بس بک ریڈ کر لو

جان بوجھ کر ڈسٹبین کے پاس جاتے وہ جھکا ہی تھا جب بیلا نے اسکی پیچھے سے شرٹ پکڑی

چارلی اتنی بھی کوئی خاص نہیں تھی سٹوری بس ٹائم ویسٹ کرنے کی بات ہے چلو آرام کرو جا کر

پیچھے کمر سے دھکہ دیتی وہ چارلی کو آگے دھکیل رہی تھی ایسے ہی کرتی وہ اسکو بیڈ پر لائی تھی

چارلی مسلسل مسکرا رہا تھا وہ جانتا تھا اس کو

اچھا بیلا آج کلب چلیے کافی دن ہو گے ہے

بلکل بھی نہیں

بیلا نے فوراً انکار کیا

ٹھیک ہے جیسے تم کہو

معصوم سی شکل جبکہ لہجہ بھی افسوس زدہ تھا بیلا کے لیٹنے کی دیر تھی جب چارلی نے کندھے سے پکڑ کر قریب کیا

اگلی بار مل کر بک ریڈ کرے گے اوکے

بیلا سوچ بھی نہیں سکتی جو چارلی کہہ گیا

مزاق کر رہا ہوں

ماتھے پر لب رکھتا وہ ہگ کرتا ہے

چارلی ایک بات پوچھو

بیلا نے اسکے سینے پر انگلی رکھ کر چلاتے پوچھا

ہمم۔

گنگناتے اسنے جواب دیا

کچھ نہیں۔

جلدی سے انکار کرتی وہ آنکھیں بند کرتی ہے

برینڈا نے آج لیولی تھی یو نیورسٹی سے مائکل کو صبح سے نہیں دیکھا تھا شاید وہ تھکا آرام کر رہا تھا اس لیے برینڈا سے ملنے نا آیا وہ صبح صبح ہی اٹھتی گھر کی صفائی میں مصروف ہوتی ہے پورے گھر کو صاف کرتی وہ اپنے کندھوں پر ہاتھ رکھتی خود کو شاباشی دیتی ہے

اب بس ڈرائنگ روم رہ گیا ہے

جلدی سے ڈرائنگ روم میں جاتی وہ وہاں پر بھی صفائی کرتی ہے لاسٹ پر تھک کر صوفے پر بیٹھی

بچو دیکھنا اگلی بار تم سے صفائی کرواؤ گی پکا

مائکل کا سوچتی وہ کمرے سے باہر جانے ہی والی تھی جب بکس کی الماری پر نظر پڑی جہاں سے چند کتابیں نیچے گری پڑی ہوئی تھی اسنے پاس جاتے بکس کو واپس جگہ پر رکھا

وہاں پر پیچھے پڑی وائنز پر نظر گئی تھی

یہ۔ یہاں پر کیسے

وہ بکس کے پیچھے ہاتھ کرتی ہے تبھی سامنے وائنز کا پورا ڈھیر نظر آیا وہ زرا چونکہ تھی ہڑبڑی میں ہاتھ ایک وائن کو لگا جو فرش پر جا گری

اسکے گرتے ہی سفید فرش خون خون ہو گیا تھا برینڈا کو پھر وہی کمرہ یاد آیا جس میں وہ قید تھی اسنے خوف سے چینا شروع کیا وہ ڈرتی سہمی جلدی سے فرش پر بیٹھی پیچھے کو جا رہی تھی

پوری وائن کا شیشہ شیشہ ہو گیا تھا اور اس قدر گاڑھا خون تھا جیسے کسی جانور کا ہو خون نے رستہ بریندا کی طرف بنایا

اہہہہ۔ مم۔۔ ماا۔۔ مائکل۔۔

خوف سے آنکھیں بند تھی وہ مسلسل چیخ رہی تھی خوف کو دیکھ کر وہ اپنی طبیعت بگاڑ رہی تھی اسنے جیسے تیسے کر ہمت سے اٹھتے باہر کو بھاگی مگر وہ سیدھا مائکل سے ٹکرائی تھی جو دروازہ کھول اندر کو آ رہا تھا

مائکل۔۔ وہ۔ خون۔

اسکو مظبوطی سے ہگ کرتی وہ پیچھے کو اشارہ کرتی بتا رہی تھی

کچھ بھی تو نہیں وہ وائن ہے نا کہ خون کیا تم نے کبھی وائن نہیں دیکھی وہ خون نہیں اسنے بات کو کوئی اور رنگ دیا

تم جھوٹے ہو۔ وہ وہ خون ہے بلکل ویسا جیسا میرے کپڑوں پر تھا اس دن

یک دم مائکل سے دور ہوتی وہ بولی اور بغیر جواب سنے کمرے سے باہر کو بھاگی

وہ اسکے پیچھے کمرے میں آیا

بریندا وہ خون نہیں تھا تم بس اس دن کی خوف زدہ ہو گئی ہو

بیڈ پر اسکے ساتھ بیٹھتے مائکل نے کہا

نہیں۔ تم جھوٹ بول رہے ہو وہ کسی جانور کا لگتا تھا سمل تھی اس خون میں
خوف سے وہ ہمت جمع کرتی بات کر رہی تھی مائکل نے اسکو اپنے سینے میں چھپایا
ریلیکس۔
بال سہلاتا وہ بولا برینڈا کے دماغ میں اچانک ہی سوال آیا تھا
لو۔ لوسیفر کدھر ہے۔ وہ مجھے نظر نہیں آیا صبح کا
برینڈا کا سوال مائکل کو خاموش کر گیا
لوسیفر کدھر ہے مائکل
اسسے دور ہٹی وہ ایک بار پھر پوچھتی ہے
وہ مر گیا ہے
مائکل نے کھڑے ہوتے جواب دیا
کیا۔ وہ جلدی سے اٹھی۔
مگر کیسے ابھی کل رات تو بلکل ٹھیک تھا
مائکل کی چوری نظرو برینڈا کو اگنور کر رہی تھی۔
ہاں وہ مر گیا ہے اب مزید سوال نہیں

وہ کمرے سے باہر رخ کرتے یہاں سے جانا چاہتا تھا برینڈا نے آج سے پہلے مائکل کو اس طرح سے نظر چراتے نہیں دیکھا تھا

کیا اس وائن میں لوسیفر کا خون تھا

برینڈا کے سوال پر مائکل کے قدم روکے وہ کیوں مائکل کو مجبور کر رہی تھی کہ اسکے لیے گھر میں رہنا بھی مشکل ہو جائے

میں کچھ پوچھ رہی ہو مائکل وائن میں کس کا خون تھا "ہاں۔ "

وہ اونچا بولی تھی مگر مائکل اسے بھی زیادہ اونچا بولا وہ سہم گئی تھی اسکے ہاں پر مائکل آنکھیں چھوٹی کرتا اسکی جانب بڑھ رہا تھا

کیا تم پاگل انسان ہو تم نے اسکو مار دیا اور پھر خون۔۔ تم کوئی سائیکو ہو۔ اس کی کیا غلطی تھی مائکل۔

غلطی تھی۔۔ برینڈا کی بات کے اندر ہی وہ پھر سے انچا بولا برینڈا کو مائکل کی سمجھ نہیں آرہی تھی وہ ڈر رہی تھی ایک نے قدم آگے کو بڑھائے تو دوسرے نے پیچھے کو

غلطی تھی اسنے تمہیں ہرٹ کیا تھا میں کیسے برداشت کر لیتا۔

برینڈا کبھی سوچ بھی نہیں سکتی تھی مائکل کے منہ زبانی سنے جانے لفظ برینڈا نے قدم وہی پر روکے تھے

کیا۔ تم۔ نے مارا۔ ہے۔

مائکل اسکے سامنے کھڑے ہوتے مسکرا کر جواب دیتا ہے

ہاں۔۔ اسکی ہنسی بریندا کو زہر لگی وہ ایک معصوم کی جان لے کر مسکرا رہا تھا بے ساختہ ایک تھپڑ مائکل کے چہرے پر رسید کیا جسکی آواز کمرے میں گونجی

تم پاگل ہو۔ تم نے اسکو مار دیا۔ میں کبھی نہیں سوچ سکتی تھی مائکل کہ تم ایسے ہو گے۔ اسے اچھا ہوتا کہ میں تم جیسے سائیکو سے کبھی۔۔۔

وہ اسے اگلے کچھ بول ہی نا سکی تھی مائکل نے یک دم اسکا بازوؤں کمر کے پیچھے لے جا کر اپنے اوپر جھکاؤ کیا جبکہ اس قدر غصہ سے ہاتھ پکڑا تھا جیسے توڑ کر رکھ دے گا

اج کے بعد مجھے سائیکو مت کہنا ابھی تم نے سائیکو دیکھے نہیں فی الحال تو صرف ایک کی جان لی ہے اگر اس گھر سے باہر جانے کا سوچا تو سب کی جان لو گا پھر چاہے انسان ہو یا جانور۔

غصے میں وہ بریندا کو دھمکی دے رہا تھا وہ کرب سے آنکھیں بند کر سب سنتی رہی

بے دردی سے اسکو بیڈ پر اچھالتے وہ کمرے سے باہر نکلا شدید غصہ تھا آج پھر سے بریندا نے تھپڑ جو مار دیا تھا

وہ کتنی دیر اور کمرے میں بند رہتی اسنے واپس کیفے میں جانا چاہا کمرے سے باہر نکل کر وہ ابھی سیڑھیاں ہی اتری تھی وہ آوازیں سن حیران تھی اسنے پیچھے مڑ کر دیکھا تو ایک کمرے کا دروازہ کھولا پڑا تھا

تم یہاں پر کیا کر رہی ہو ابھی نکلو یہاں سے میں نہیں چاہتا کہ برینڈا تمہیں دیکھے

تم سے ملنے آئی ہو ویڈنگ کر لی اور مجھے بتایا تک نہیں کتنے بے وفا ہو تم مائکل

عجیب سی چال تھی جیسے نیت ہی خراب ہو سامنے کھڑے شخص پر

میرے گھر پر جاہل لوگوں کا آنا منع ہے اور بد دماغ کا تو بلکل

مائکل نے بھی عجیب ہی انداز میں کہا تھا جیسے وہ بہت ہی بے زار ہو اس لڑکی سے

تمہیں پتا ہے مائکل لاسٹ ٹائم ہم نے اسی گھر میں نائٹ گزاری گی مگر تم گھر کی سیٹنگ چینج کر کے میرے دل سے ابھی تک وہ رات نہیں نکال سکے

مائکل کا کالر پکڑتی وہ قریب ہو رہی تھی جبکہ برینڈا یہ سب باہر کھڑی دیکھ چپ سی ہو گئی تھی

کیا بکواس ہے اپنا منہ بند کرو اور نکلو یہاں سے

ہائے کتنا غصہ ہے تم میں پہلے بھی یہی غصہ تھا جب تم ۔ ۔ کتنی محبت سے تمہارا غصہ دور کرتی تھی ۔ آ گے سمجھ جاؤ

آنکھ مارتے مائکل کی شرٹ کا بٹن کھولتے وہ عجیب سی باتیں کر رہی تھی

یہ حق صرف برینڈا کا ہے اور مجھے نہیں لگتا کہ ہم دونوں کبھی قریب ہوئے تھے جہاں تک مجھے یاد ہو

مائکل نے اسکے ہاتھ کو کسی پتھر کی طرح تھاما تھا جیسے توڑ کر رکھ دیں گا اور پھر پیچھے کرتے ہوا میں اچھالا ایسے انداز میں کہ پرے جا گری سینو

مجھے تم سے ابھی تک پیار ہے پھر تم کیسے کہہ سکتے ہو یہ سب

جھوٹ ۔ سراسر جھوٹ ۔ اور مجھے تم اگر سچ بھی کہہ لوگی تو جھوٹ لگے گا

مائکل نے کمرے سے باہر رخ کیا تو سینو نے بھاگ کر اسکو پیچھے سے ہگ کیا

تم نہیں جا سکتے ہم دونوں پیار کرتے ہے

مائکل کا دل کر رہا تھا کہ اس لڑکی کو آگ لگا دیں ایک تو برینڈا کے ساتھ جو کیا اور اب یہ حرکت

سینو چھوڑو مجھے

مائکل نے ہاتھ پیچھے کر کہا اور سینو نے اور بھی زور سے ہگ کیا برینڈا تو بت بن کھڑی تھی

دیکھو مائکل یہ سب جھوٹ تھا میں نے ہمیشہ تمہیں اپنا چاہا ہے تم سیم سے زیادہ پاوٗر رکھتے ہو اسنے کبھی مجھے اپنے ساتھ رکھا ہی نہیں ۔ تم تو مت چھوڑو ۔ پلیز زا ایک بار مان جاوٗ

اگے جاتے وہ مائکل کے سامنے کھڑی ہوئی تھی

تم اگر مجھ سے محبت کرتی تو سیم کے ساتھ کبھی رات تو کیا دن تک نا گزارتی ۔ ۔ ۔ شششش
یک دم مائکل کے لبوں پر انگلی سے الفاظ بند کرتی وہ اسکو پیچھے کی طرف چلنے پر مجبور کر رہی تھی جبکہ مائکل خاموش پیچھے کو جا رہا تھا

کیا تم نے مجھ سے کبھی پیار نہیں کیا بس ایک بار کہہ دو

یک دم اسکو صوفے پر گراتی اس پر جھکتے سینو نے پوچھا برینڈا کی آنکھیں نم ہو رہی تھی وہ مائکل کو آزمانہ چاہتی تھی آخر آج ہی تو پتا چلا تھا کہ برینڈا سے پہلے بھی کوئی محبت رہ چکی ہے مائکل کی

تم ان حرکتوں سے کیا ثابت کرنا چاہتی ہوں ۔

وہی جو تم ثابت کرنا چاہتے تھے مجھ سے نفرت کرنے سے پہلے

شرٹ کے چند بٹن تو باتیں کرتے ہی کھل چکے تھے وہ کیسے اسکو قریب آنے دے رہا تھا برینڈا کو ہر لمحہ زہر لگ رہا تھا

میں چاہو تو تمہاری ابھی جان لے سکتا ہوں

اسکا ہاتھ پکڑتے وہ اٹھنا چاہتا تھا جب سینو نے لبوں پر انگلی رکھتے ایک بار پھر سے الفاظ روکے

تم نے مجھ سے کبھی پیار کیا ہی نہیں مائکل

وہ کہتے مزید فاصلہ کم کر رہی تھی برینڈا نے بے دردی سے آنسو صاف کیے جو گال بھیگو رہے تھے اسنے ایک پل بھی نا لگایا تھا وہاں سے بھاگنے کو

ایک آخری نظر پڑی تھی سائے پر اور سمجھ آگئی تھی کہ وہاں پر برینڈا کھڑی تھی

یک دم سینو کو دھکا دیتے وہ صوفے پر گراتے باہر کو بھاگا تھا

برینڈا۔۔۔ نظر ہال پر پڑی تھی جہاں سے وہ باہر جا رہی تھی تیزی سے سیڑھیاں عبور کرتا وہ پیچھے بھاگ رہا تھا

برینڈا۔ ہے لیسن۔۔۔

وہ ہال کراس کرتی باہر قدم رکھ ہی رہی تھی جب مائکل نے کھینچ کر رخ اپنی طرف کیا

چٹخ۔۔ تھپڑ کی آواز نے سینو کو باہر نکلنے پر مجبور کیا تھا

کتنے۔۔۔۔ میں۔ تو۔۔۔۔۔

ایک بار پھر سے نظر اسکی شرٹ پر گئی جس کے بٹن کھلے پڑے تھے اور الفاظ ہی ختم ہو گے

کیوں۔۔ ہاں۔ پہلے بتا دیتے۔۔ کیا سمجھ رکھا ہے ہاں۔ پہلے اس لڑکی کو ہرٹ کیا اور اب مجھے۔ تم کسی ساتھ۔۔ بھی نہیں رہنا چاہتے۔

ہاتھوں کی مٹھی بناتی وہ مائکل کے سینے پر نجانے کتنے ہی وار کر چکی تھی جبکہ وہ ڈھیٹ بنا کھڑا سب برداشت کر رہا تھا

رات ۔ ۔ ۔ میں بھی کتنی پاگل ہوں

پہلے لفظ پر درد تھا جبکہ دوسروں پر طنزیہ مسکراہٹ تھی

مجھے سیم نے بھی سمجھایا تھا کہ تم ایسے لڑکیو ہو ۔ ۔ مگر میں نے کہا نہیں ۔ وہ ایسا نہیں کیونکہ وہ مجھے اپنی پاگل بلی کہتا ہے ۔ ۔

مسلسل مارنے کے بعد جب تھک گئی تو شرٹ کو تھام کر ہمت کرتے کھڑی ہوئی جان جو لے لی تھی سامنے کھڑے وجود نے

برینڈا کیا تمہیں یقین نہیں مجھ پر جو اتنی بے ہودہ باتیں کر رہی ہو

آخر مائکل نے بھی لفظ آزاد کیے جبکہ سینو یہ سب دیکھتی مسکرا رہی تھی

ڈیئر برینڈا ۔ مائکل ٹھیک کہہ رہا ہے ۔ تمہیں یقین نہیں کرنا چاہیے کیونکہ بے ہودہ باتیں صرف باتیں نہیں ہوتی ہے ہاہاہ

ادھر دیکھو ۔ وہ جھوٹ بول رہی ہے

وہ جو سینو کی طرف دیکھتی ہی رہ گئی کہ باتیں صرف باتیں نہیں ہوتی یہی سوچ تھی جب مائکل نے بازوں جھنجھوڑ کر اپنی طرف رخ کیا

ایک اور تھپڑ بے ساختہ مائکل کے چہرے پر رسید ہوا تھا

شرم آنی چاہیے تمہیں کسی ایک ساتھ تو بنا لیتے

اب تو سیریس کنڈیشن چل رہی تھی سینو نے جو کرنا تھا وہ کر دیا اب وہاں سے جانا چاہتی تھی وہ تبھی تو مائکل کے پاس سے گزرتے مسکرا کر چلی گئی۔ اس قدر غصہ سوار تھا اگر بریںڈا نا ہوتی تو سینو کی جان ہی لے لیتا

چھوڑو مجھے۔

یک دم ہاتھ پیچھے کرتی وہ باہر کو رخ کرتی ہے

بریںڈا پلیز زلیسن۔۔

ایک بار پھر سے کلائی پکڑی تھی مائکل نے

کیا چاہتے ہو۔

تمہیں

بریںڈا نے طنزیہ کہا جبکہ مائکل نے اسی وقت جواب دیا

اووو اچھا چلو مان لیا۔ پھر مجھے ایک بات کا جواب دو۔

مائکل خاموش ہی کھڑا تھا

تم نے سینو سے کبھی پیار نہیں کیا۔

پلیز ز

مائکل سے سوال ہی ایسا پوچھا گیا تھا جسکا جواب سچ وہ دے نہیں سکتا تھا اور جھوٹ کچھ رکھنا نہیں چاہتا تھا

جواب دو خاموش کیوں ہو۔۔۔۔۔ہاں۔۔

اسکے ہاں پر برینڈا سہم سی گئی تھی

تم سے پہلے جو تھا سو تھا مگر تمہارے بعد کوئی نہیں برینڈا۔۔

زبردستی کھینچ کر وہ برینڈا کو اپنے سینے سے لگاتا ہے

اگر اب کوئی اور سوال پوچھا تو جان سے ماردو گا

برینڈا کی آنسو بہنے لگے تھے وہ حکم سنا رہا تھا کہ تم تو رو بھی نہیں سکتی کھلی شرٹ ہونے کی وجہ سے آنسو سینے پر گرے

تم نے اگر اب کوئی فضول سوچ رکھی تو سینو کا قتل کرنے کی جگہ میں تمہارا کروگا تم کیسے یقین کر سکتی ہو اس لڑکی پر مت بھولو وہ تمہاری عجیب مخلوق کو پسند کرتی ہے تمہیں تو چاہیے تھا کہ اسکا منہ توڑ دیتی مگر خود روئے جا رہی ہو

بال سہلاتے وہ سکون دے رہا تھا برینڈا کے دماغ میں بس ایک ہی بات تھی لفظِ بے ہودہ وہ مائکل سے یک دم دور ہوئی اور پھر سے گال تر ہونے لگے پانی سے

مجھے تم سے بات نہیں کرنی نا دیکھنا ہے نا ملنا ہے نا تمہارے ہاتھ کا کھانا کھانا ہے نا تمہیں ہگ کرنا ہے بھاڑ میں جاؤ۔

وہ کہتی ہال سے باہر نکل آئی تھی گھر کا ایریا کراس کرتی وہ اب جنگل کی طرف چل رہی تھی مائکل کی سمجھ سے باہر تھی یہ لڑکی اور اوپر سے اکیلے نکل پڑی

جاہل گوار گدھا بتمیز اب تو گندا کوارا ہی رہے گا میں کبھی نہیں جاؤں گی واپس۔ جو ہوتا ہے ہونے دو جان لے گا میری اپنی جان لے لے خود۔ اور وہ چوڑیل اسکی ہمت کیسے ہوئی۔ ان دونوں کو چھوڑوں گی نہیں۔

ہوائی مخلوق سے باتیں کرتی وہ شدید غصہ تھی اوپر سے سنو فالونگ کی وجہ سے ٹھنڈ بڑ رہی تھی سڑک پر چلتے اسنے نا دائے دیکھا نا بائے دیکھا اور چلنے لگی غصہ ابھی تک ہوا سے آسمان کو چھو رہا تھا

برینڈا۔ پلیز زرو کو۔ کیوا ایسی حرکتیں کر رہیں ہو۔۔۔ سنو۔

پیچھے سڑک پر بھاگتے وہ اسکو آوازیں دے رہا تھا مگر ایک نظر پیچھے مڑ کر دیکھا پھر منہ چڑاتی وہ آگے چلنے لگی

برینڈا۔۔ سوری۔ پلیز زرکوو۔۔

مجھے نہیں رہنا تمہارے ساتھ دور جانا ہے بس۔

اونچا بولتی وہ سامنے دیکھتی بھگانے لگی

رکوو۔۔ ہلنا مت یہاں سے۔

یک دم تیز رفتار سے وہ بھاگتا اسکو پیچھے سے پکڑتا کمر سینے سے لگاتا ہے

کیا مصیبت ہے چھوڑو مجھے۔۔۔

بازوں آزاد کرواتی وہ چیخ رہی تھی

میں نے کہا تھا کہ تم جھوٹ بولو گی

جھوٹ۔۔۔ جھوٹ تو تم نے بولا ہے۔مجھے تم دونوں کی شکل نہیں دیکھنی تب تک جب تک میرا غصہ نہیں اتر جاتا

دونوں نے ایک ساتھ بات کی

میں مرجاؤ گا اگر تمہیں نا دیکھا۔

چہرے پر خوف لاتے مائکل نے کہا وہ سیدھا ہوا جبکہ ہاتھ کی کھنی کھینچ کر اسنے سینے سے لگائی

تو مرجاؤ۔۔ نجانے وہ ایسے کیوں کہہ گئی تھی کہ تم مرجاؤ۔۔ یہی الفاظ تھے جو برینڈا کو مائکل سے دور کر گے۔

ایک بھی نظر پیچھے مڑکر دیکھتی وہ آگے کو بھاگی تھی جیسے قیدی رہائی مل جانے پر بھاگے

نظر انداز نظر گئی تھی پیچھے کو جب پیچھے سے آتی کار نے مائکل کو ہٹ کیا اور وہ سڑک سے دور جا گرا تھا مگر یہ نظر انداز کہاں پر رہی آنکھوں کے گرد سب آہستہ چل رہا تھا وہ واپس کو بھاگ رہی تھی مگر ہر لمحہ آہستہ

ممم۔ مائکل۔۔ آنکھو پر یقین نہیں تھا کہ سامنے پڑے بیہوش وجود ابھی ٹھیک کھڑا تھا مگر اب ماتھے سے خون رس رہا تھا شرٹ کے جو چند بٹن کھولے تھے سینے پر خون کی چھینٹے پڑی تھی جیسے سڑک پر روندے وہ سڑک سے نیچے گرا تھا

مائکل۔۔۔ تمم۔۔۔ یہ۔۔۔۔

جلدی سے پاس جاتی وہ اسکا سر اپنی گود میں رکھتی ہے کار والا تو عمر سے سٹوڈنٹ ہی لگتا تھا مگر جب ایکسیڈنٹ دیکھا تو فوراً اسکے پاس آیا

میں نے کہا۔۔۔ تھا نا کہ تم۔۔۔ مجھے چھوڑ۔۔۔ جاؤ گی۔

ماتھے سے خون بہتا گال تک آ رہا تھا جبکہ سنو فالونگ چہرے پر گر رہی تھی آنکھیں دیکھنے کو تک اجازت نہیں دے رہی تھی بریندا نفی میں سر ہلا رہی تھی

جج۔ جھوٹ۔

آخری لفظ ہی ادا ہوا تھا جب مائکل کو آنکھو کے آگے اندھیرا محسوس ہونے لگا

بریندڈا اسکا چہرہ ہاتھوں میں لیتی مسلسل رو رہی تھی جو رہی صحیح کسر تھی وہ اب پوری ہو رہی تھی ماتھے سے خون رس رہا تھا شرٹ کے اوپر والے بٹن کھولے ہونے سے پتا چلتا تھا جیسے سینے پر سڑک کی خراشیں پڑی ہو شرٹ پر خون کی چھینٹے اور خوف زدہ کرتی بریندڈا کو

لڑکے نے پاس آتے مائکل کو دیکھا اور خیران ہوا

یہ تو وہی ہے جن سے میں بچپن میں ملا تھا

وہ مائکل کی شکل دیکھ کر خیران تھا

پلیززز ڈاکٹر۔۔۔۔

آپ پریشان مت ہو میم میں ڈاکٹر ہی ہوا اور یہ میرے سر تھے مگر یہاں پر کیسے شفٹ ہوئے آپ ان۔کی۔

پلیززز مائکل کو دیکھیں۔۔۔

بریندڈا کا کہنا اس لڑکے کی زبان پر لگام لگا گیا اسے اچھا کیا ہوتا کہ ڈاکٹر یہی ہر مل گیا تھا

سوری۔ سوری۔۔ یہاں سے ہسپیٹل بہت دور ہے کیا آپکا گھر نزدیک ہے۔

بریندڈا نے ہاں میں سر ہلایا۔

اوکے۔ پھر انکو اٹھانے میں میری مدد کریں تاکہ گھر جا کر میں انکو پٹی کر سکو۔

*******

جیسے تیسے کر وہ مائکل کو گھر لائے تھے جبکہ برینڈا تو ایک پل کے لیے بھی سکون سے نہیں بیٹھی تھی بار بار کمرے کے چکر لگانا اور مائکل کو اس حال میں دیکھنا جان نکال رہا تھا

میں نے پٹی کر دی ہے سر کو

اسنے اٹھتے کہا تھا جبکہ برینڈا بھاگ کر مائکل کے پاس جاتی بیٹھتی ہے

کیا یہ آپکے ہسبینڈ ہے

برینڈا کو کہاں اردگرد کی پڑی تھی اسنے بس ہاں میں سر ہلایا

ہمم ۔ ویسے میں انکا سٹوڈنٹ رہ چکا ہوں بلکے میرے بھائی نے بھی ان سے ہی پڑھا ہے مگر یونیورسٹی چینج ہونے کی وجہ سے کبھی ملاقات ہی نہیں ہوئی ان سے

کچھ پل کے لیے تو برینڈا بھی حیران ہوئی کہ جو خود سٹوڈنٹ ہے وہ سر کیسے رہ چکا تھا

میں نے زیادہ ہی باتیں کرنی شروع کر دی ہے زیادہ ٹینشن کی بات نہیں بس سر پر چوٹ ہے اور سینے پر چھوٹے زخم بن چکے ہے میں نے پٹی کر دی ہے ایک دن گزر جائے گا پھر آپ ڈاکٹر کے پاس لے جائیے گا انہیں اب میں چلتا ہو کیونکہ میری مما گھر پر میرا انتظار کر رہی ہے اور بہت ہی معازرت کرتا ہو یہ میری وجہ سے ہوا

سر جھکائے وہ احترام سے کہتا ہے

میں تمھیں چھوڑ آتی ہو باہر ۔

نہیں میم ۔ آپ نے مجھے کچھ نہیں کہا اس کے لیے اگین تھینکس میں خود چلا جاتا ہوں اور سر کو پلیز زمت بتائیے گا ورنہ وہ مجھے اچھا نہیں سمجھے گے میں نہیں چاہتا وہ مجھے برا سمجھے

ویسے تمہارا نام کیا ہے

جون ۔ ۔ جون نام ہے میرا اب میں چلتا ہوں میم

نہایت احترام سے کہتا وہ پیچھے کو مڑا اور واپس چلا گیا

بریندا نے پر کمفرڈ ٹھیک کیا اور بیڈ کراؤن سے ٹیک لگاتے وہ مائکل کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیتی ہے

جبکہ ایک ہاتھ مائکل کے بال سہلانے میں مصروف تھا

دیکھتے ہی دیکھتے بریندا کی آنکھ لگ چکی تھی

تین چار گھنٹے گزر چکے تھے وہ ابھی تک سو رہے تھے

یک دم آنکھیں کھولیں تھی وہ جلدی سے اٹھ کر بیٹھتی مائکل کو دیکھتی ہے جیسے نجانے کونسا ڈرونا خواب دیکھ لیا ہوا سنے

ایک لمبا سانس بھرتی وہ اٹھی اور کمرے سے باہر نکلی اپن کیچن میں آنے پر اسنے کچھ سٹرانگ چیز بنانی چاہی آدھے گھنٹے کے بعد باؤل میں سوپ بناتی وہ سیٹ کر پھر سے کمرے میں آئی مگر سامنے بیڈ پر مائکل تھا ہی نہیں

۔ مائکل ۔ ۔ مائکل ۔ تت ۔ تم کدھر ہو

اردگرد دیکھتی وہ پریشان ہو رہی تھی مگر تبھی باتھ سے آواز آتی سن اسنے سکون کا سانس لیا

باؤل کو بیڈ پر رکھتی مائکل کا ویٹ کر رہی تھی تھوڑی دیر بعد مائکل باتھ سے باہر نکلا تھا جبکہ

چلنے کی ہمت نہیں تھی بریندا نے نوٹ کیا تو اٹھتے اسکو سہارا دیتی ہے

مجھے کہہ دیتے میں ساتھ چلی جاتی ۔

مائکل اسکی بات پر یک دم حیران ہوا تھا آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئ

ہاں نہیں تو ہسبینڈ وائف میں اتنا تو ہو جاتا ہے کہ ایک دوسرے کا خیال رکھیں

مائکل کا ہاتھ اپنے کاندھے پر رکھتی وہ اسکے ساتھ چل رہی تھی جبکہ قد مائکل کا ہی بڑا تھا وہ تو

بس بلی ہی لگ رہی تھی ساتھ

اگر اب جانا ہوا تو مجھے بتا دینا اکیلے مت جانا اور ڈور کو لاک تو بلکل بھی مت لگانا کوئی نہیں

آتا ایسا نا ہو لاک لگا کر خود بیہوش پڑے ہو باتھ میں

بیڈ پر لے جا کر وہ بڑے ہی اختیاط سے اسکو لیٹاتی ہے

تم جا سکتی ہو واپس میں رہ لوگا اکیلا

مائکل نے ایک نظر اپنے شرٹ پر دی تھی جہاں سے سینے پر زخم نظر آ رہے تھے

زیادہ شوخامت بنو۔ میں کہیں پر نہیں جا رہی اور اب تو بلکل بھی نہیں چپ کر کے سوپ پیو پھر بتاؤ کیسا بنا ہے

جلدی سے مائکل کی دوسری سائیڈ پر بیٹھتے وہ بولی جبکہ ہاتھ میں ایک سپون تیار تھا

اور اگر نا پیو تو۔

ابھی تک اکڑ نہیں گئی اسکی

منہ میں بڑبڑاتی وہ بولی تھی جبکہ مائکل اسکے الفاظ سے آگاہ تھا

اچھا بس تھوڑا سا پی لو ورنہ میں کہتی رہو گی

کب تک

مائکل نے آئی برو اٹھا کر کہا

جب تک تم پی نہیں لیتے۔۔

پھر تو لگی رہی کیونکہ مجھے نہیں پینا

دوسری طرف منہ کرتا وہ ناراضگی دیکھا رہا تھا

آخر کیا چاہتے ہو تم ہاں۔ جب دل چاہتا ہے تب موڈ اچھا رکھتے ہو جب دل چاہتا ہے تب ہرٹ کرتے ہو۔ میں انسان ہو دل رکھتی ہو۔ تمہیں اندازہ بھی ہے میرا دل پھٹ رہا تھا جب تم نے کہا کہ میں نے جھوٹ بولا تھا آخر کیوں کرتے ہو میرے ساتھ ایسے

وہ اب رونے میں مصروف ہوئی تھی مائکل کو یقین نہیں تھا کہ وہ اس طرح سے روئے گی
دونوں ہاتھوں کی مٹھیا بناتی وہ آنکھیں مسل رہی تھی جیسے بچے روتے ہے
اوپر سے چپ بھی نہیں کروا رہے تم۔
دوسری طرف رخ کرتی وہ اٹھنے لگی تھی جب مائکل کی آواز نے روکا
مجھے سوپ پینا ہے
برینڈا نے چوری نظروسے دیکھا تھا
ہاں سچ میں پینا ہے
ایک بار پھر سے کہتے وہ برینڈا کو مجبور کر گیا
جلدی سے پاس بیٹھتے اسنے آرام سے مائکل کو سوپ پلایا تھا
مائکل نے برینڈا کو اگنور ہی کیا تھا جبکہ وہ بار بار اسکو دیکھ رہی تھی
ایک بات پوچھو مائکل۔۔
برینڈا نے سوپ پلاتے ہی پوچھا
تمہاری ایج کتنی ہے ؟!؟
مائکل نے بڑے ہی آرام سے جواب دیا
29 ہے کیوں تم کیوں پوچھ رہی ہو

برینڈا کو کچھ سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ 29 عمر ہونے پر یہ یونیورسٹی میں کیسے پڑھانے جا سکتا ہے

مائکل کو اچھے سے سمجھ آ رہی تھی اسکے دماغ میں چلتے سوالوں کی

میں پچھلے کچھ سال یونیورسٹی میں لیکچرار رہ چکا ہوں یہ بات نہیں بتائی تھی کیونکہ اتنی خاص نہیں تھی

اووا اچھا

انجان بنتی وہ باؤل اٹھاتی کمرے سے باہر نکل گئ

مائکل تم سے میں نے کبھی پیار کیا ہی نہیں ہمیشہ سیم کو چاہا تھا اور اسی کو چاہتی ہو

تم جھوٹ بول رہی ہو برینڈا۔

مائکل نے تڑپ کر کہا

سینو کی طرح میں بھی تمہیں چھوڑ جاؤ گی اور پھر تم ہمیشہ اکیلے رہو گے

برینڈا کے الفاظ نے مائکل کو خواب سے نکالا جبکہ خوف سے سانس پھول رہا تھا ماتھے پر پسینہ شرابور ہو چکا تھا وہ یک دم اٹھ کر بیٹھا آنکھیں ابھی تک خوف سے کھلی تھی اسنے اردگرد دیکھا تھا

رات کی تاریخی میں دونوں سو رہے تھے برینڈا صوفے پر تھی جبکہ مائکل بیڈ پر مگراب توان میں سے صرف برینڈا ہی سو رہی تھی

ایک لمبا سانس بھرا جبکہ سکون زرا بھی نا تھا اور اٹھ کر برینڈا کے سر پر کھڑا ہوا

پہلے ٹھر ٹھر کر نظر ہر ایک نقش پر گئی پھر گود میں اٹھایا اور بیڈ پر لے جا کر لیٹا دیا مگر برینڈا کی آنکھ تک نا کھلی

ایک نظر اپنے زخموں پر گئی تھی جو بھرے نہیں تھے پہلے تو کبھی زخم نا رہتا پھر اب کیوں نہیں بھر رہے تھے

اسنے کمرے سے باہر رخ کیا تو برینڈا نے فوراً سے آواز لگائی

تم کہیں نہیں جا رہے مائکل

فوراً سے اٹھتے وہ اسکا ہاتھ پکڑ کر واپس آتی ہے

پر۔

بلکل خاموش تمہیں کیا لگا کہ گود میں اٹھاؤ گے اور مجھے پتا نہیں چلے گا پوری رات نیند نہیں آئی مجھے اور تم باہر جا رہے ہو

حکم چلاتی وہ مائکل کو بیڈ پر لا کر لیٹا دیتی ہے

اگر یہاں سے ہلے تو کوارے رہو گے پکا پکا چھوڑ کر چلی جاؤ گی

مائکل کے ساتھ لیٹتے وہ آرام سے ہگ کرتی ہے

کل تمہیں چھوڑ آؤ گا آنٹی کے گھر

وہ سیدھا چھت کی طرف دیکھ رہا تھا

ایک بات پوچھو مائکل

جان بوجھ کر اسکی شرٹ کے بٹن کو چھوتی وہ بولی تھی

ہاں پوچھو

مائکل اسکی حرکت کو نوٹ کر رہا تھا

ہم دونوں میں کبھی۔۔۔

بات کرتی وہ روکی تھی مگر انگلیاں اب بٹن کو کھول چکی تھی

کیا ہم ایسے ہی رہے گے

انگلیاں اب دوسرے بٹن کو کھولنے میں مصروف تھی

مطلب ایسے ہی رہے گے ؟!؟

برینڈا اسکی سوالی نظروں میں دیکھتی ہے

اب اتنے بھی معصوم مت بنو

دوسرا بٹن بھی کھل گیا تھا

مجھے نہیں لگتا کہ اس حالت میں تمہارے مطلب مجھے سمجھ آرہے ہے

اسکا ہاتھ پکڑتا وہ پرے کرتا ہے

مطلب کہ کبھی نہیں۔

مائکل کو آنکھیں بند کرتے دیکھ وہ بولی تھی

مطلب کہ ابھی نہیں

مائکل اسکے خیال اچھے سے سمجھتا تھا مگر وہ کیسے اسکے قریب جا سکتا تھا خود ایک ویمپائر اور وہ انسان کیسے۔ بس یہی خیال تھا کہ وہ برینڈا سے دور رہنا چاہتا تھا ورنہ مطلب تو سارے ابھی بھی پورے ہو سکتے تھے بس برینڈا کو ہرٹ نہیں کرنا چاہتا تھا جب سب ٹھیک ہو جاتا وہ تب نئی زندگی شروع کرتا مگر پتا نہیں سب ٹھیک ہونے پر زندگیاں جینے کے لیے کون کون زندہ رہے گے

مجھے خود کچھ سمجھ نہیں آرہی یہ سب کیا ہو رہا ہے پہلے ہارٹ بیٹ چلی پھر اب یہ زخم نہیں بھر رہے آخر کیوں

گلاس میں ڈلی وائن کو پیتے مائکل بولا چارلی اسکی حالت دیکھ کر ہی چپ رہا

تم برینڈا کو سچ بتا دو کہ تمہیں نا تو کوئی بیماری ہے نا ہی تم انسان ہو

ان سب سے اس بات کا کیا تعلق

سوالی نظرو سے سوال پوچھا

بلڈ ملے گا اور کیا تم پہلے جیسے ہو جاؤ گے

اور اگر وہ مجھ جیسی بن گئی تو جو میں کبھی نہیں چاہتا

مائکل شیشے کی کھڑکی کے پاس آیا

تو اچھا ہو گا نا کہ تم اسکو اپنے جیسا بنا دو

چارلی نے وائن ڈالتے کہا

مائکل نے وائن کا گلاس لبوں سے لگایا

رکو۔مجھے کچھ سنائی دے رہا ہے

مائکل نے اپنی آنکھیں بند کر آواز سنی جیسے کوئی دبی دبی سی چیخ آتی ہو

کیا ہوا مائکل

چارلی کے پوچھتے اسنے ہاتھ سے اشارے سے چپ کروایا

یہ آواز میں پہلے بھی سن چکا ہوں۔۔

غور سے ہوا سے آتی آواز سننے پر آنکھیں فوراً کھولی

مائکل۔مجھے تو کوئی آواز نہیں آ رہی

یہ برینڈا کی مما کی آواز ہے

مائکل نے آخر آواز پہچان ہی لی وہ پل بھر میں غائب ہوا چارلی بس دیکھتا ہی رہ گیا

وہ مسلسل بھاگ رہی تھی بھاگتے ہوئے بھی کانوں میں وہی الفاظ گونج رہے تھے جس سچ کو سنتے گھر سے بھاگنا شروع کیا تھا بس اتنا ہی جان لینا خوف زدہ تھا کہ مائکل انسان نہیں اور وہ برینڈا کو بھی مار دے گا

کیفے کو دیکھتے اسنے روک کر سانس بحال کیا

سیم چھوڑو انہیں

سیم کے ہاتھ پستول کا رخ کرسی پر بندھی لیزا میڈم کی طرف دیکھ مائکل نے کہا وہ ہاتھ کے اشارے سے روک رہا تھا

تمہیں پتا ہے مائکل آج بہت مزا آنے والا ہے

سیم نے ہنستے کہا مائکل کو اس پاگل لڑکے پر غصہ آ رہا تھا

یہ کیا حرکت ہے سائڈ کرو پستول

مائکل نے سرخ آنکھوں سے کہا لیزا میڈم کو خوف آیا تھا کہ وہ آنکھو کا کلر کیسے چینج کر سکتا تھا منہ پر لگی ٹیپ سے وہ بلبلا کر چیخ رہی تھی

برینڈا کو جب پتا چلے گا کہ مائکل نے مارا ہے اسکی مدر کو کتنا مزا آئے گا

سیم کا رخ مائکل کی طرف تھا جبکہ ہاتھ سے پستول کرسی پر بیٹھی لیزا میڈم کی طرف

سیمممم ۔۔ ٹھاااا۔۔۔

مائکل کے پہنچتے ہی سیم نے شوٹ کر دیا ایک بار نہیں کئی بار

مائکل ۔ نے ساکت کھڑے لیزا میڈم کی طرف دیکھا تھا پورے کپڑے خون سے رنگا رنگ تھے وہ مر چکی تھی

میں نے نہیں مارا

ہنستے سیم نے کہا

دیکھو مائکل تم نے مار دیا انہیں

حیرانی کے تاثرات سے سیم نے کہا مائکل نے پلکے جھپکنے سے پہلے اسے پستول چھینا اور اسکے دل پر شوٹ کیا جبکہ کندھوں سے پکڑ رکھا تھا سیم کے منہ سے خون نکل کر مائکل کی شرٹ پر گرا جب تک ساری گولیاں ختم نا ہوئی وہ مسلسل شوٹ کرتا رہا

سیم نے کندھے پر ہاتھ رکھ مائکل کو دور کیا

مائکل کی آنکھیں خوف دیتی تھی

ت۔۔ تم ۔ ن ۔۔ نے ۔ مار ۔ مارا ۔ ہے ۔

مشکل سے کہتے وہ نیچے فرش پر جا گرا دیکھتے ہی دیکھتے سیم کا وجود زرہ بن ہوا ہوا مائکل جلدی سے لیزا میڈم کے پاس آیا

آنٹی۔آنٹی۔۔

پستول کے ہاتھ سے ہی وہ تھپتھپی دے رہا تھا جسم میں جان ہوتی تو حرکت ہوتی وہ بے جان ہوگئی تھی مائکل نے کسی کی چیخ اپنے کانوں میں سنی تھی وہ پیچھے مڑ کر دیکھتا برینڈا وہاں کھڑی تھی

آنکھو کا رنگ بلکل سرخ تھا ہاتھ میں پستول تھی کپڑے خون سے سرخ ایک نظر اپنی ماں پر گئی تھی جن کے پاس بیٹھا مائکل اپنے ہاتھ میں پستول تھامے تھا

برینڈا۔

جلدی سے اٹھتے نام پکارا

اہہہہہ۔۔۔مما۔۔۔۔۔مما۔۔۔۔

چیختے وہ بھاگتی لیزا میڈم کے پاس گئی

مما۔۔آپ۔۔

جسم پر اتنی گولیاں گھسا دی تھی کہ دیکھتے دہشت آتی تھی پورے چہرے پر خون تھا

برینڈا تم

وہ کہتے اسکے پاس بیٹھا تھا برینڈا نے مائکل کے ہاتھ میں پستول دیکھ خوف سے جلدی اٹھ کھڑے ہوتے دیوار کے ساتھ لگتے کانپنا شروع کیا

تت۔۔ تم نے مارا ہے۔ میری ما کو۔

وہ مشکل سے کہہ رہی تھی ایسے لگتا تھا جیسے مائکل اسکو بھی مار دے گا

نہیں برینڈا

پیار سے کہتے وہ آگے بڑھا تھا

د د دور رہو مجھ سے۔

ہاتھ کے اشارے سے وہ مائکل کو روک رہی تھی

تم مجھے بھی مار دو گے جس طرح میری ما کو مارا

وہ بار بار مائکل کے ہاتھ پستول دیکھ خوف زدہ لگ رہی تھی

مائکل نے فوراً سے پستول دور پھینک دی

میں دنیا کا ہر الزام قبول کرو گا مگر یہ کبھی برداشت نہیں کرو گا کہ میں نے تمہیں ہرٹ کرنا چاہا ہو

مائکل کی آنکھیں سرخ خون سے چمکی تھی برینڈا نے منہ پر ہاتھ رکھ اور خوف زدہ خود کو کیا وہ اور پیچھے دھکیل رہی تھی خود کو

تمہیں کوئی بیماری نہیں تم نے مجھ سے جھوٹ بولا تھا تم نے سب نے تت۔ تم۔ بلکل بک جیسے ہو۔

وہ اسکی سرخی مائکل آنکھو کو دیکھتی خوف سے کہتی ہے

کتنی بیواقوف ہو برینڈا۔ ہاں مجھے کوئی بیماری نہیں کیونکہ میں ویمپائر ہو تم نے ساری بک ریڈ کرلی مگر یہ نہیں دیکھا کہ رائٹر کون تھا

مائکل طنزیہ مسکراہٹ سے کہتا ہے برینڈا کے بس میں نہیں تھا کہ وہ وہاں پر ایک۔ بھی پل روکتی کتنے دن وہ مائکل کے ساتھ رہی مگر آج نفرت ہو رہی تھی ہر پل سے

برینڈا نے بھاگ کر فرش سے پستول اٹھائی تھی اور نشانا مائکل کی طرف

یہ کیا حرکت ہے برینڈا

مائکل نے آگے بڑھتے کہا

تم نے میری فیلنگز کے ساتھ کھیلا ہے بلکہ سب کی فیلنگز کے ساتھ آئی ہیٹ یو مائکل

وہ روتی کہہ رہی تھی سانس میں سانس بھی نہیں مل رہا تھا وہ مائکل سے کیا نفرت کرتی بلکے خود سے ہو رہی تھی اسنے پستول کی نوک کو اپنی کن پٹی پر رکھا

جسٹ سائلنس نیچے کرو اسکو ورنہ تمہاری جان میں اپنے ہاتھوں سے لو گا

برینڈا نے کرب سے آنکھیں بند کی تھی اسنے انگلی پر زور لگایا تھا گولی نوک سے باہر نکلنے والی تھی جب مائکل چیخا

نہیںںں

مائکل نے اسی لمحے وقت کو روکا تھا وہ بھاگتے اسکے ہاتھ سے پستول چھینتے فرش پر گراتا ہے جو گولی نوک سے باہر نکلنی تھی وہ وہی پر جم گئی تھی ایک نظر اسکے گالوں سے نیچے گرتے ہوا میں روکے آنسو پر گئی تھی

برینڈا۔

اسکے گالوں کو ہاتھ کی پیالی میں لیتے وہ ہولے سے کہتا ہے وقت پھر سے چلا تھا مگر اس بار مائکل کے چہرے پر آگے سے زیادہ چھوٹی چھوٹی خون کی نبضیں نمایا ہوتی تھی برینڈا کی آنکھیں کھلتے دیکھ خوف زدہ ہوئی تھی

میں نے نہیں مارا ان کو تم چاہو تو سزا دے سکتی ہو پر خود کے ساتھ کچھ برا نہیں کر سکتی

مائکل نے کھینچ کر اسکو خود میں قید کیا برینڈا کو نفرت ہو رہی تھی ہر پل سے

دور ہٹو مجھ سے۔

اسنے ہمت سے دھکا دیا تھا مائکل کی جسم پر اب ہلکی سی چھوٹی سرخ رنگ سے نبضیں نمایا ہو رہی تھی جبکہ آنکھیں فول ریڈ تھی

تت۔ تم ویمپائر۔ ہو۔ ۔ ۔مجھے۔ ماردو۔ گے ت۔ تم

برینڈا نے کپکپاتے ہونٹوں سے مشکل سے لفظ ادا کیے

کبھی نہیں میں خود مر جاؤں گا مگر تمہیں ہرٹ نہیں کرو گا مارنا تو دور ہے

پل بھر کے لیے تو مائکل کی آنکھوں سے بھی آنسو ہوا کو ملے تھے
مائکل نے اپنی آنکھیں اسکی آنکھومیں گاڑی وہ بیہوش ہوتی گرنے والی تھی جب مائکل نے بھاگتے آگے ہو کر اسکو سنبھالا وہ ایک ہی لمحے میں اسکو گود میں اٹھاتا ہے
اسکی آنکھو کا رنگ ابھی تک سرخ تھا وہ برینڈا کو دیکھتے ایک بار پھر سے آنسو اسکے گال پر گرا گیا
صبح ہو چکی تھی ناروے ملک میں تقریباً ایک مہینہ گزر چکا تھا اس واقعے کو برینڈا نے چھوڑ دیا تھا مائکل کو بس یہ کہہ کر کہ اگر میں چاہو گی تو تمہارے ساتھ رہو گی ورنہ ہم دونوں یونہی رہے گے مائکل پھر سے اکیلا رہنے لگا سب کچھ بدل گیا تھا برینڈا نے مائکل کو بھولنا چاہا تھا وہ یونیورسٹی کو چھوڑ دیتی ہے کم از کم اسکو دیکھے گی تو نہیں وہ انکی فیملی سے بہت دور چلی آئی تھی مائکل سے بہت دور مگر مائکل کو پل پل کی خبر تھی اسکی اور وہ بے خبر
برینڈا نے کیفے کو رینٹ پر دے دیا اور خود اکیلی کسی ہوٹل کے ڈیپارٹمنٹ میں رہ رہی تھی
"آج بہت تھک گئی ہو"
کندھوں پر ہاتھ رکھ مسلتے وہ کہتی ہے جبکہ فرش کے قالین پر بیٹھی سامنے ہزاروں سفید فائلز پڑی تھی
مجھے یہ سب مکمل ریڈ کرنا ہے آج

پھر سے فائلز میں سر رکھتی وہ ریڈ کرتی ہے

وہ فائلز کو ریڈ کر رہی تھی جب بیل بجی اسنے سامنے دروازے کو دیکھا پھر بے زاری سے اٹھتے دروازہ کھولا

ہائے برینڈا کتنا کیا ہے یاد

جین نے سفید بڑے شاپر اندر لاتے کہا

بس تھوڑا سا رہ گیا ہے مگر یہ کیا ہے

کچھ نہیں کھانے کی چیزیں ہے آج رات پارٹی پر جانا ہے جلدی سے ریڈی ہو جاؤ

صوفے پر شاپر رکھتی جین نے ہاتھ جھاڑتے کہا جیسے کام مکمل کر لیا ہو

مگر کس کی پارٹی پر جانا ہے کل میرا ٹیسٹ ہے کیوں فیل کرانا ہے آگے ہی مشکل سے جاب ملی ہے

کچھ نہیں ہوتا بس تھوڑی دیر کی بات ہے جلدی ریڈی ہو

بلکل بھی نہیں تم جاؤ میں نے ابھی اسکو مزید پڑھنا ہے پتا نہیں کمپنی والے اتنی موٹی کتابیں کیوں دیتے ہے پڑھنے کے لیے

وہ انکار کرتی واپس پڑھنے بیٹھ جاتی ہے جین نفی میں سر ہلاتی پندرہ منٹ بعد ریڈی ہو کر اکیلی چلی جاتی ہے اسکے جانے کے بعد برینڈا نے لاک لگایا اور اپنے کمرے میں چلی آئی

وہ پوری رات نوٹس کو پڑھتی رہی وہ پڑھتے ہی آنکھ لگی تھی

بلڈنگ کے باہر لانگ کوٹ میں کھڑے وہ بلڈنگ کے اندر داخل ہوا لفٹ لے کر 589

روم کے باہر کھڑا ہوتے اسنے مسکراتے نمبر پلیٹ کو دیکھا

وہ اندر آیا تھا جبکہ دروازہ سے نہیں ہوا میں غائب ہو کر

وہ شیشے کے میز پر اپنے بازوؤں پر سر رکھ سو گئی تھی اسنے پاس بیٹھتے چہرے پر گری زلف کو پیچھے لے جاتے آنکھیں ٹکائے دیکھا

بغیر زباں کھولے وہ بڑی ہی اختیاط سے اسکو گود میں اٹھاتے بیڈ پر لٹا دیتا ہے اور خود اسکے مقابل لیٹا

وہ بس ٹکٹکی باندھے اسکو دیکھے جا رہا تھا جیسے دیکھنا دل کی تسکین ہو

اندھیرے میں بھی وہ مقابل پر قہر بن رہی تھی ایک پل نہیں لگا تھا جب اسنے برینڈا کے گالوں پر شدت سے لب نا رکھے وہ کسی کی شیونگ کی چبھن محسوس کرتی آہستہ سے آنکھیں کھولتی ہے

تنت۔۔مم۔

فوراً سے منہ پر ہاتھ رکھتا وہ الفاظ کو گرا لگا گیا

کیسے رہ رہا ہو تمہیں اندازہ بھی ہے پلیز زواپس چلو میرے ساتھ کیوں ایسا کر رہی ہو سزا دینی ہے تو ساتھ رہ کر دے لو پر یوں چھوڑو تو مت

مکمل برینڈ پر سایہ کرتے وہ اسکے اوپر جھکا تھا جبکہ شرٹ سے لاکٹ باہر نکلا وہ پچھلے ہر لمحے کو یاد کر خوف زدہ ہو رہی تھی آنکھیں کسی بٹن کی طرح کھولی تھی سامنے کی آنکھیں دیکھ کر جو بلکل سرخ تھی

میں نے نہیں مارا آنٹی کو بلیو می برینڈا میں بہت پیار کرتا ہو تم سے پھر کیسے تمہیں ہرٹ کر سکتا ہو

برینڈا نے درد سے آنکھیں بند کی تھی وہ کیسے اسکے سامنے مرنے مرانے کی باتیں کر رہا تھا جو وہ بھول بیٹھی تھی اور اپنی محبت کو کیسے بیاں کر رہا تھا

آنکھیں بیچی گئی تھی تو آنکھو سے آنسو گرے جو سامنے کا دل درد سے بھر رہے تھے

پلیز سوری

گالو پر گرے آنسو کی نمی لبوں سے حشک کرتا وہ نیم سرگوشی سے بولا

مجھے تمہاری ضرورت ہے پلیز زواپس آجاؤ

اپنی گرم جھلستی سانسیں برینڈا کے چہرے پر گراتے مائکل نے ہاتھ ہٹایا تھا

مجھے نفرت ہے تم سے دور ہٹو

یک دم دھکہ دیتی وہ مائکل ہو بیڈ سے نیچے گرا چکی تھی جبکہ مائکل کا سر شیشے کے میز کے کنارے سے جا لگا تھا وہ بے ساختہ خود کو سنبھال بھی نا پایا تھا

آہ۔ جلدی سے ماتھے پر ہاتھ رکھتا وہ آہ بھرتا ہے جیسے اسنے درد محسوس کیا ہو برینڈا فوراً سے اٹھی تھی

مم مائکل۔

وہ اسکے پاس آتی آہستہ سے ہاتھ آگے بڑھاتی ہے جبکہ ہمت نہیں ہو رہی تھی وہ خود کو روک رہی تھی مگر ممکن نہیں تھا

اس درد سے زیادہ درد ہوتا ہے مجھے جب تمہیں خود سے دور سوچتا ہوں

ہاتھ کو مضبوطی سے تھامتے وہ کہتا ہے

تو مر جاؤ مر کیوں نہیں جاتے تم

فوراً سے ہاتھ کھینچتے وہ غصے سے بولی

مر ہی تو رہا ہوا اور کس طرح کا مارنا چاہتی ہو

وہ روتے کہہ رہا تھا آج پہلی بار مائکل اسکے سامنے رویا تھا مائکل نے ایک بھی پل ضائع کیے بغیر اسکو فوراً سے ہگ کیا وہ ہل بھی نا پائی تھی

تم جیسا چاہو گی ویسا بن جاؤ گا برینڈا مگر پلیز واپس آ جاؤ

برینڈا تو ساکت سی ہوئی تھی مائکل نے کئی آنسو گرائے تھے وہ سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ مائکل روئے گا اس کے لیے

پلیز زجاؤ یہاں سے۔

ماتھے پر بل لاتی وہ مائکل کے سینے پر ہاتھ رکھتی خود سے پرے کرتی ہے

اگر مجھ سے کبھی پیار کیا تھا تو جاؤ یہاں سے اور کبھی مت آنا مجھے تم سے بس نفرت ہے شدید نفرت تم نے مجھ سے سب کچھ چھین لیا کیا ایسی ہوتی ہے محبت چلے جاؤ۔ اور کبھی مت آنا

وہ جلدی سے اٹھی باہر کو بھاگ گئی مائکل وہی کا وہی بیٹھا اپنے آنسو بے دردی سے صاف کرتا ہے ماتھے کی رگیں اُبھری تھی جیسے وہ شدید غصہ ہو اور جان لے لے کسی کی

رکو برینڈا۔۔

پل بھر میں اسکا پیچھے سے بازوؤں کھینچ کر وہ روکتا ہے جبکہ دونوں کمرے سے باہر کھڑے تھے جہاں سے سارا ہال نظر آتا تھا

میں نے کہا تھا تم مجھے چھوڑ دو گی اور آج تم نے چھوڑ دیا مگر یاد ہے نا پچھلی بار تمہارے چھوڑنے پر میرے ساتھ کیا ہوا تھا اس بار میں تمہیں دھمکی دے رہا ہو بلکل ڈین جیسا میرے ساتھ بھی ہو گا

اسنے بے دردانداز میں بریںنڈا کا ہاتھ جھٹکا اور پرے دور کھڑا ہوا بریںنڈا مائکل کی دھمکی سے
ڈری تھی وہ جو کہتا تھا کر کے دیکھاتا
کیا سمجھ رکھا ہے ہاں ۔ مرتے ہو تو مر جاؤ چھوڑ دو مجھے ۔ نہیں ہے مجھے تمہاری فکر ۔
بے بس ہوتی وہ نیچے بیٹھ رو رہی تھی ہاتھوں کی مٹھی بناتی اسنے فرش پر کئی بار ماری
کیسے نا پوری کرو تمہاری یہ خواہش جب تم خود ایسا چاہتی ہو
بریںنڈا نے سر اٹھا کے دیکھا تو مائکل نے دل پر ہاتھ رکھا ہوا تھا وہ بک کا سین یاد کرتی ڈری
تھی کیا وہ سچ میں ایسا کر گزرے گا اسنے فوراً سے بھاگ کر مائکل کے پاس جانا چاہا مگر وہ
اسکے پہنچنے سے پہلے ہی غائب ہو چکا تھا
مائکل ۔ مائکل ۔ بریںنڈا نے چیختے اسکا نام لیا تھا پورے گھر میں اسکے نام کی چیخ گونج رہی
تھی وہ جانتی تھی اسکو اسنے ایک بھی پل ضائع کیے بغیر ڈیپارٹمنٹ سے باہر نکل کر مائکل کو
ڈھونڈنا چاہا اور جیسے تیسے کر واپس اسی گھر کے باہر کھڑی تھی اسنے بھاگتے اندر جانا چاہا
مائکل ۔ مائکل ۔ پلیز ز
وہ پورے ہال میں اسکو تلاش کر رہی تھی مگر وہ نظر نا آیا
کیوں ایسا کر رہے ہو میرے ساتھ سامنے آؤ پلیز ز
وہ ارد گرد تلاش کرتی پیچھے مڑی تھی جب کسی کے سینے سے ٹکرائی

کہو کہ مجھ سے محبت نہیں

شانوں سے کھینچ کر اسنے چہرہ آمنے سامنے کیا

ہا نہیں

وہ نظرو کے مل جانے پر بھی جھوٹ بول رہی تھی

ٹھیک ہے چلی جاوَ

یک دم خود سے دور کرتے وہ اوپر ٹیرس پر چلا گیا شام سے صبح ہونے کو تھی خوف یہی تھا کہ مائکل ڈین کی طرح کچھ غلط کرے گا وہ اسکے پیچھے بھاگی تھی تیزی سے سیڑھیاں عبور کرتی وہ ٹیرس پر آ پہنچی تھی

مائکل رکو۔

یک دم کوٹ سے پکڑتی وہ اسکو روکتی ہے مائکل اسکی طرف رخ ہی کرتا ہے جب بریںڈا بے ساختہ ایک سرد تھپڑ دے مارا تھا

تم کچھ غلط نہیں کرو گے اپنے ساتھ کیونکہ میں بہت پیار کرتی ہو تم سے

بریںڈا نے اوپر ہو کر سانسوں کی گستاخی کی تھی دونوں ہاتھو سے مائکل کے گال کو تھامتی وہ خود اظہارِ محبت کر رہی تھی اچانک ہی سنو فالونگ شروع ہوئی تھی مائکل نے بھی آزادی

کہاں دینی تھی دونوں کی آنکھیں بند تھی مائکل کے بالوں میں انگلیاں پھنسائے اسنے جدانا ہونا چاہا

اگراب جانے کی دھمکی دی توکوارے رہو گے

آہستہ سے آزاد ہوتی وہ کہتی ہے جبکہ ابھی تک چہرہ چہرے پر جھکا تھا مائکل نے پھر سے اسکی زبان کو گرالگائی اورمدھوشی میں ڈوبا

کہو مجھ سے محبت ہے

ابھی تک جذبات میں دونوں جل رہے تھے اسکو گود میں اٹھائے وہ کمرے میں لایا تھا مائکل کی آنکھوں کی تپش محسوس کر وہ نظر جھکا جاتی ہے

کہہ دو کہ کبھی چھوڑ کر نہیں جاؤ گی

بیڈ پر لیٹاتے وہ جھکتے کہتا ہے وہ خود کو کوس رہی تھی نا جاتی اتنا قریب جتنے مائکل کے ارادے سمجھ آرہے تھے

تمہیں پتا ہے ان دنوں میں نے کتنا میس کیا تھا اپنی پاگل بلی کو

ماتھے پر جھکتا وہ لمس دیتا اپنے گرم ہونٹوں سے چہرے کے ہر نقش کا سفر لبوں سے طے کرتا ہے

جب تم چھوڑ کر گئی تھی تب میں نے بہت وائن پی تھی

برینڈا کی خوشبو پاگل کرتی تھی مائکل کو

ایک دن تو ڈرگ بھی لییئے تھے

شے رگ پر لب رکھتا وہ قربتوں میں اگے بڑھ رہا تھا

پھر مجھے سمجھ آیا کہ میرا انشا تو صرف تم ہو

دونوں ہاتھوں میں انگلیاں پھنسائے وہ جانے کے ارادے ختم کر رہا تھا

میرے پاس جذبات نہیں مگر جذبات رکھنے والا دل تو ہے جواب دھڑکتا ہے

برینڈا کے چہرے پر جھکتے وہ نیم سر گوشی نما کہتا ہے وہ تو خاموش ایک لفظ ادا نہیں کر رہی تھی مگر مائکل اسکو مجبور کر رہا تھا بات کرنے کو

میرا لاکٹ اتارو

مائکل کی بات پر برینڈا حیران ہوئی تھی وہ کیسے یہ کہہ سکتا تھا کہ لاکٹ اتارو

مم مگر۔

وہ انکار کرتی مائکل نے ہاتھ اپنے دل پر رکھ دیا

مجھے یہ احساسِ محبت محسوس کرنا ہے۔جس کو انسان اتنا چاہتے ہے کہ اسکے لیے مر جائے مجھے بھی یہ احساس چاہیے۔جس میں تم مجبور ہو مجھ سے محبت کرنے کو

ہونٹوں کے کنارے پر پہلی گستاخی ہوئی تھی

اور اگر میں انکار کرو تب

بریندا نے سینے پر ہاتھ رکھ زور سے دور کرنا چاہا اسنے اسی پل ہاتھا کو تکیے تلے دبوچ لیا

پھر تم نے کبھی مجھ سے محبت کی ہی نہیں

جھوٹ

ایک پل کو دل میں عجیب سی کیفیت پیدا ہوئی تھی بریندا نے فوراً سے اسکو جواب دیا تھا

اگر سچ ہے تو کہہ کیوں نہیں دیتی کہ مجھ سے محبت ہے

وہ اسکی آنکھوں میں تپش دے رہا تھا جیسے ابھی جواب نا ملا تو سزا دے گا

پلیز زا ایک بار اجازت دو یہ احساس محسوس کرنے کی

وہ آخری بار کوشش کرنا چاہتا تھا سامنے پر جھکے محبت کو پانے کی

وہ ہاتھ سے اسکے لاکٹ کو اتارنے کی کوشش کرتی ہے تو مائکل نے ضبط سے ہاتھ پکڑا

مائکل مجھے ڈر لگ رہا ہے

مجھے دیکھو

لاکٹ پر رکھے ہاتھ کو پھر سے تکیے تلے لگاتے وہ کہتا ہے

بلیو می بریندا میں بہت پیار کرتا ہوا اپنی پاگل بلی سے کبھی ہرٹ نہیں کرو گا

مزید آگے بڑھ کر اسنے اپنی شرٹ کے بٹن کھولنے چاہے تھے برینڈا سمجھ گئ تھی وہ اسی پل چیخی

نہیںں۔ تم شرٹ نہیں۔ اتاروووو۔ گے۔

مائکل صرف حیران تھا اسکے چیخنے پر

آنکھیں کھولو برینڈا

جھٹ سے آنکھیں بند کرتی وہ مائکل کو دھکہ دیتی دور کرتی ہے

تم بلکل بھی شرٹ نہیں اتارو گے

آنکھو پر ہاتھ رکھتی وہ ہر منظر کو آنکھ اوجھل کر رہی تھی

اگر آنکھیں نہیں کھولو گی تو

وہ واپس کو جھکا تھا

چیخ چیخ چیخ

اسکی بات کو سمجتی وہ برا سا منہ بناتی ہے

تم کتنے گندے ہو مجھے شرٹ کے بغیر بلکل بھی نہیں دیکھنا

پہلے بھی تو دیکھتی آئی ہو

دوسری جانب لیٹتے اسنے برینڈا کو پیٹ سے پکڑ کر اپنے اوپر جھکایا اسکے بال مائکل کے چہرے کے ایک طرفہ کو گرے تھے

دیکھو شرٹ میں ہوں

ایک آنکھ کھولتی وہ تسکین کرتی ہے پھر دونوں کے کھل جانے پر سکون کا سانس لیتی ہے جبکہ سانسیں مائکل کے چہرے پر گری

تم ایسے رہا کرو اچھے بن کر ویسے نہیں جیسے گندے ہیرو ہوتے ہے

خودی ہی تکیے پر ہاتھ رکھتی وہ مائکل پر جھکی اور پیشانی پر لب رکھے

مگر ہم دونوں ہسبینڈ وائف ہے

مائکل کہتے کمر پر ہاتھ لے جاتے اپنے سینے پر جھکاتا ہے

وہ تو ہے مگر تم ہمیشہ اچھے بن کر رہو گے جیسے میں کہتی ہو

فوراً سے ہگ کرتی وہ لیٹتی ہے مائکل کے سینے پر سر رکھتی وہ گردن پر سانس گرا رہی تھی جو مشکل سے سنبھال پا رہا تھا مائکل

ایک بات پوچھوں مائکل

نظریں اٹھاتی وہ کہتی ہے مائکل نے مسکرا کر جواب ہاں میں دیا

تمہاری ایج کتنی ہے اس بار جھوٹ مت بولنا مجھ سے

مائکل نے نظروں میں نظر ملائی

دو سو سال ایج ہے میری

برینڈا کی ہوائیاں اڑ گئی تھی یہ سن کر

کیا سچ مچ ویسے تمہارے چہرے پر بوڑھاپے والو جیسا کوئی سین نہیں ہے

بے ساختہ انگلیاں پھر سے مائکل کے چہرے پر جاتی ہر نقشِ پر چل رہی تھی

بوڑھا بھی ہو جاؤ گا پہلے اپنے چلڈ کوینگ تو ہوتا دیکھ لو

برینڈا کو ہنسی آئی تھی اسکی بات پر۔

کیا تمہیں یاد نہیں تم کوارے رہو گے ہمیشہ

اسکے الفاظ سن مائکل نے آنکھیں چھوٹی کر دیکھا

بلکل نہیں تم ہو نا میرے پاس پھر اکیلا کیوں رہو گا

گالو پر شدت سے لب رکھتا وہ خود کے مزید قریب کرتا ہے برینڈا مسکرائی تھی

کل سے تم بیڈ پر نہیں سو گے اگر سونا ہے تو اپنی شیونگ کا کچھ کرو مجھے عجیب لگتا ہے

ایک بار پھر زور سے ہگ کرتی وہ آنکھیں بند کرتی ہے

برینڈا۔ برینڈا۔

آنکھو کے کھل جانے پر وہ برینڈا کو تلاش کرتا ہوتھا مگر وہ کہیں پر نظر نہیں آ رہی تھی

بریندڑا!!!!!!!

اس بار چیخنے سے رگیں اُبھری تھی وہ کمرے سے باہر بھاگا فوراً سے آنکھیں بند کرنے پر اسکا احساس محسوس کرنا چاہتا تھا

پل بھر میں غائب ہوتا وہ گھر سے دور سڑک پر کھڑا تھا

سامنے گھٹنوں کے بل سر دیئے وہ بیٹھی تھی جبکہ سنوفالونگ ہو رہی تھی

بریندڑا تم ادھر کیوں ہو

کسی کی چھتری کا سایا محسوس کر وہ سر اٹھا کر دیکھتی ہے چاروطرف گہری تاریکی اور خاموشی نے گھر کیا ہوا تھا

مائکل۔۔

یک دم کھڑے ہوتے اسنے مائکل کو ہگ کیا

کیا ہوا ہے تمہیں اور گھر سے کیوں باہر نکلی ہو

ایک ہاتھ سے چھتری تھامی تھی جبکہ دوسرے سے وہ کمر سہلا رہا تھا

تم مجھے کیوں چھوڑ کر گے تھے تم نے مجھے اس وقت چھوڑا تھا جب مجھے تمہاری سب سے زیادہ ضرورت تھی

مائکل کے کندھے پر ٹھوڑی رکھتی وہ رو رہی تھی نجانے وہ کیسی باتیں کر رہی تھی

واپس بھی تو آیا ہوا اور اب کبھی نہیں جاؤ گا چھوڑ کر

خود سے دور کرتا وہ پیار سے بولا

جھوٹے ہو تم

اس نے پھر سے مائکل کو ہگ کیا جیسے وہ دور جانا ہی نا چاہتی ہو

جسٹ سائلنس

سر پر تھپتھپی دیتا وہ نرم لہجے سے بولا

اچھا یہ بتاؤ گھر سے باہر کیوں آئی تھی تم

کتنا بولتے ہو تم عجیب مخلوق

شوخی سے بولے گے لفظ سن مائکل کے دل کو سکوں ملا

مجھے تمہارے ساتھ گھومنا ہے

ادھی رات کو برینڈا کے گھومنے کا سوال مائکل کو چونکہ گیا

مگر ابھی کیا آرام نہیں کرنا چلو گھر جاتے ہے

برینڈا نے بارش کی بوندیں محسوس کی تو مائکل کے ہاتھ سے چھتری چھین دور گرا دی

مجھے اپنی کمر پر بیٹھاو جیسے ڈبلیو ڈرامے میں ہیرو نے بیٹھایا تھا

مائکل مسکرایا اسکو خوش دیکھ وہ جھکتے نیچھے بیٹھا اور برینڈا فوراً اسکے پیچھے کمر پر وہ بلکل بچو جیسی حرکتیں کرتی تھی ہمیشہ سے اور آج بھی

اگر میں تمہیں ایسے گھماؤ گا تو صبح تک مر جاؤ گا

چند قدم وہ چلتے بولا بارش بھی اپنے جوش کو ہوئی

میری عجیب مخلوق بہت پاوٗر فول ہے مجھے تو اب پتا چلا ہے اسکو کچھ نہیں ہو گا اب سے تم مجھے ایسے گھماؤ کرو گے اچھا۔

مائکل کے آگے ہاتھ باندھتی وہ اپنا سر اسکی کمر کے اوپر کندھے پر ٹکاتی بولی

اتنا آہستہ کیوں چل رہے ہو ویسے تو فوراً سے غائب ہو کر میرے کمرے گھر یونیورسٹی لائبریری اور کیفے آجاتے تھے اب کیا ہوا ہے

سڑک کے کنارے چلنے پر بھی بارش دونوں پر برس رہی تھی

میری کمر میں بہت درد ہو رہا ہے اوپر سے بارش بھی چلو واپس چلتے ہے ایسے لگ رہا ہے جیسے بخار ہو جائے گا مجھے اور تم ضد لگائے بیٹھی ہو کہ بارش میں انجوائے کرنا ہے

وہ روکتے کہتا ہے برینڈا کو فکر ہوئی کہ بخار کیسے ہو سکتا ہے مائکل کے روکنے پر وہ نیچے اتری اور اسکے ماتھے پر ہاتھ رکھا جہاں پر پانی کی بوندوں سے بال چپک گے تھے جو ماتھے کو چھپاتے

بارش میں مکمل بھیگے تھے دونوں نظر انداز نظر برینڈا کے چہرے پر گئی جہاں پر پانی بوندیں چھوڑے تھا

سردی لگ جائے گی تمہیں چلو گھر چلیے

خود کے جذبات قتل کرتا وہ برینڈا کو یک دم گود میں اٹھاتا ہے

نہیں مائکل پلیز زا نجوائے کرنا ہے

مائکل نے قدم چلائے تو برینڈا نے انکار کیا

تمہارا تو پتا نہیں مگر مجھے بہت سردی لگ رہی ہے آگے ہی ناروے ملک کی سردی اوففف

چند فاصلے کو طے کرتے وہ دونوں غائب ہوئے

وہ کمرے میں آیا تو برینڈا پھر سے اسکے نائٹ سوٹ میں بلکل پتلو لگ رہی تھی تولیے سے بال خشک کرتے اسنے تولیے کو ہینگر پر ہینگ کیا اور چلتے اسکے پاس کھڑا ہوا جو سر جھکائے کھڑی تھی

بلکل فیٹ ہے

پورے کپڑوں کا جائزہ لیتے وہ ہونٹوں پر انگلی رکھتا اس انداز میں بولا جیسے سامنے والے کو جانچ رہا ہو

کیا

سوالی نظروں سے برینڈا نے پوچھا

میں اور تم ساتھ اور کیا

اسکے کندھے پر ہاتھ رکھتے وہ بیڈ کے پاس لایا اگر دیکھا جاتا تو وہ شیونگ کر کے آیا تھا

تم جو ابھی ابھی شیونگ کر کے آئے ہو میں بلکل بھی تمہاری بات نہیں مانو گی مجھے اچھے سے سمجھ آرہا ہے سب

چوروں جیسی آنکھیں چھوٹی کر برینڈا جلدی سے کمفرڈ میں چھپ جاتی ہے مائکل اسکی رفتار دیکھ ہنسا تھا

تو اچھی بات ہے تم کافی سمجھدار ہو

شرٹ کے کف کھولتے وہ یک طرفہ مسکرایا تھا

کیا تمہیں اب آرام نہیں کرنا

ہائے میری پاگل بلی آج تو اپنی پاگلوں جیسی حرکتیں مت کرو خود ہی تو کہتی ہو اور اب خود ہی معصوم بن رہی ہو

کمفرڈ کو ہوا میں اچھالتے وہ اسکا بازوں پکڑتا کھینچ کر کھڑا کرتا ہے جبکہ بے ساختہ وہ اسکے سینے سے ٹکرائی

مجھے تم پہلے اچھے لگتے تھے مگر اب جاہل گوار پاگل بتمیز اور عجیب مخلوق زیادہ لگتے ہو اس لیے دور دور

دھکہ دیتی وہ آخر مشکل سے آزادی کی سانس لیتی ہے

ہاہاہ۔ برینڈا کب بڑی ہوگی تم وہ دیکھو تمہارے پیچھے مووی والا بھوت کھڑا ہے

برینڈا مائکل کی بات پر کھڑی کھڑی جم سی گئی اسنے پیچھے مڑ کر دیکھنا چاہا تو یک دم مائکل اسکے سامنے آتے پل بھر میں سانسوں کو قید کرتا ہے آنکھیں پھٹی رہ گئی اسکی حرکت پر دلی کیفیت عجب تھی جیسے پل میں دل دھڑکا ہو یو قید میں آنے پر

آئی لو یو سو مچ پاگل بلی

مشکل سے آزادی دی تھی وہ بھی یہ لفظ بولنے کے لیے اس بار تو ہوا کی رفتار سے اسنے اپنی باہوں میں بھرا تھا برینڈا کو

بٹ آئی ہیٹ یو عجیب مخلوق

وہ مسکرایا تھا اسکی دھمی آواز میں دھمکی پر

"میری قسمت کہ ہر ایک پنے پہ

میرے جیتے جی بعد مرنے کہ

میرے ہر اک کپ ہر اک لمحے میں

تو لکھ دے میرا اسے

ہر کہانی میں سارے قصوں میں

دل کی دنیا کے سچے رشتو میں

زندگانی کے سارے حصوں میں

تو لکھ دے میرا اسے اے خدا

اے خدا جب بنا اسکا ہی بنا "

آہستہ سے قدم چلتے وہ بیڈ پر لیٹا تے خود اس پر جھکا

"اسکا کا ہوں اس میں ہوا سے سے ہوں اسی کا رہنے دے

میں تو پیاسا ہوں ہے وہ دریا وہ زریہ وہ جینے کا میرے

مجھے گھر دے گلی دے شہر دے اسکے نام پہ

قدم یہ چلے یا روکے بس اسے کے واسطے

دل مجھے دے اگر درد دے اسکا پر

اسکی ہو وہ ہنسی گونجے جو میرا گھر

اے خدا اے خدا جب بنا اسکا ہی بنا "

ابھی تک آنکھیں ملی ہوئی تھی وہ پھر سے اس پر جھکا تھا

اب تو شیونگ بھی کر کے آیا ہو ہر بات مانتا ہو تمہاری
معصوم سی شکل بناتے وہ شوخی سے بولا
تو کیا کرو
فوراً سے دل توڑنے والے انداز میں جواب دیتی وہ بولی تھی ہاتھوں کو پکڑ میں لیے اس بار بھی خودی سے گستاخی کی پہلے پہل تو خاموشی سے سب سہا پھر خود ہی مائکل کے بالو کو دبوچے اسنے مائکل کو مزید قریب کیا وہ دونوں مکمل ہوئے تھے اب جا کر دونوں مدھوشی میں ڈوبے تھے برینڈا نے بس محبت پر یقین کیا تھا ورنہ اتنی تو کوئی انسان بھی نا کرتا جتنی مائکل کرتا تھا وہ کیسے اسکو اکیلا چھوڑ کر جا سکتی تھی اب تو سب سچ پتا تھا اسنے آج وعدہ پورا کر دیا تھا کہ "اگر کبھی زندگی میں کچھ سچ کر دیکھانے کا موقع ملا تو یہ بات سچ کر دیکھاؤں گی کہ میں تمہیں کبھی چھوڑ کر نہیں جاؤں گی مائکل" ان الفاظوں نے آج مکمل حقیقت لی تھی
مائکل کی طرف کمر کر لیٹی برینڈا کو مائکل نے اس قدر قید کیا تھا جیسے نیند میں بھی نا چھوڑنے کے ارادے نا ہو سب سے پہلے آنکھ برینڈا کی کھلی تھی اسنے رخ مائکل کی طرف کیا تو وہ کچھ زیادہ ہی کلوز ہوئے
"اتنا مت دیکھو میں پھر سے آزادی نہیں دو گا"

بند آنکھوں سے بھی اسنے برینڈا کا دیکھنا محسوس کرلیا تھا وہ بولتے خاموش ہوا تو برینڈا نے
جلدی سے کس کیا مائکل نے اسکی حرکت پر آنکھیں کھولیں

" پہلے جی بھر کر تھپڑ مار لیتی ہو پھر ایسے مناتی ہو"

"بہت ہی اچھی بات ہے اب تو ایسے ہی مناؤ گی تمہیں اور تھپڑ بھی مارتی رہو گی"

برینڈا نے گال پر لب رکھے تو ایسے فیل ہوا جیسے سچ کا تیز بخار ہو بے اختیار ہاتھ اسکے ماتھے
پے رکھتی وہ چیک کرتی ہے

"تمہیں اتنا بخار کیوں ہے مائکل"

برینڈا نے اٹھ کر بیٹھتے پھر سے ہاتھ رکھ کر چیک کیا وہ زرا پریشان ہوئی تھی

"کچھ نہیں ٹھیک ہو جائے گا تم ٹینشن مت لو"

بے فکر انداز میں کہتے وہ پھر سے اسکو خود پر جھکاتا ہے جبکہ برینڈا کے ماتھے پر بل پڑے

"اب کیا مسئلہ ہے"

زرا سختی سے کہتی وہ آنکھیں دیکھاتی ہے

"بہت بڑا مسئلہ ہے بہت ہی بڑا وہ جس کو کہتے ہے دنیا کا سب سے بڑا مسئلہ وہ ہے مجھے"
پتا نہیں ارد گرد کی باتیں چھیڑتے وہ اسکو تنگ کر رہا تھا

"کیا سچ مچ پھر تو مجھے بھی بہت بڑا مسئلہ ہے"

اسی کے انداز میں جواب دیتی وہ سینے پر ہاتھ رکھتی دوری بناتی ہے

"چلو جاؤ میرے لیے وائن لے کر آؤ"

آزادی دیتے وہ کہتے خود بھی بیٹھتا ہے

"کیوں باقی کچھ نہیں کھاتے تم جو ہر وقت گندے کام کرتے ہو"

جلدی سے شوز ڈالتی وہ بولی

"ویسے میں سوچ رہا ہو کہ تمہارا خون پی جاؤ اور تمہیں اپنے جیسے بنا لو پھر دونوں مل کر وائن پایا کرے گے"

اپنے ہی گالو کو ہتھیلی میں لیتا وہ معصومیت سے بولا

"بھاڑ میں جاؤ"

اپنے دانت نکالتے وہ ہنس کر کہتی باتھ میں گھسنے والی تھی تبھی مائکل سے ٹکرائی

"ایک تو یہ بات بلکل غلط ہے کہیں پر بھی آجاتے ہو کم از کم چل تو انسانوں کی طرح لیا کرو"

اپنے سر پر ہاتھ رکھتے اسنے کہا مائکل نے اسکے گالوں کو پکڑ کر اچھے سے کھینچا

"اب کیا کرو میں ہو ہی ایسا کہ ہر کام کی بہت جلدی رہتی ہے"

"چلو جاؤ یہاں سے بھوت نا ہو تو"

انگلی سے وارن کرتی وہ باتھ میں چلی گئی اسکے جانے کی دیر تھی جب سر میں اس قدر تیز درد کی لہر دوڑی کہ وہ کرب سے آنکھیں بیچ گیا

"آہ میری آنکھیں"

خود بخود آنکھیں سرخ ہورہی تھی ایک بار پھر سے پورے جسم کی نبضیں نمایاں ہونے لگی جسم میں آگ کی طرح تپش بڑھ رہی تھی وہ بے ساختہ نیچے کو جھکتے فرش پر اپنا ہاتھ رکھتا ہے مگر وہی پر وہ گر پڑا جیسے جسم سے جان وقتی نکل گئی ہو

سر مائکل ٹھیک تو ہو جائے گا نا"

برینڈا نے چارلی سے فکری انداز میں پوچھا اسنے مائکل کو دیکھا جو بیڈ پر لیٹا تھا آنکھیں بند بھی مشکل سے تھی وہ کھولتا کیا پورے جسم میں آگ کی طرح گرمی تھی اور پسینہ شرابور اس طرح تھا کہ پوری شرٹ گیلری ہو چکی تھی

"یس چلڈ"

پیار سے کہتے وہ مائکل کی ہارٹ بیٹ چیک کرتا ہے جواب بلکل بند ہو چکی تھی سارا معاملہ اب جا کر سمجھ آیا تھا

"ڈیئر برینڈا ٹینشن مت لو وہ بلکل ٹھیک ہے"

بیلا نے خود ہی برینڈا کو سمجھانے کی کوشش کی چارلی نے ایک اشارہ کیا تھا بیلا کو جو وہ سمجھتی باتوں میں الجھاتی برینڈا کو کمرے سے باہر لے گئی

"مجھے تم سے یہ امید بلکل بھی نہیں تھی مائکل تم اتنے بیوقوف کیسے ہو سکتے ہو"

چارلی نے شدید غصے سے کہا مائکل کو بھی کہاں غصہ نہیں آتا تھا

تمہیں پتا بھی ہے کہ اس ریلیشن سے تم نے کیا کیا ہے

چارلی نے پاس سے اٹھتے ماتھا مسلا مائکل کو اسکی یہ بات زہر کے برابر لگی تھی

بکواس بند کرو میں نے اپنی وائف کے ساتھ ریلیشن ڈسکس کرنے کے لیے تمہیں یہاں پر نہیں بلوایا

غصے سے اٹھتے اسنے چارلی کا کالر پکڑلیا جبکہ کھڑا تک نہیں ہونے ہوتا تھا مگر یہ بات کہاں پر راس آئی تھی

میں ڈسکس نہیں کر رہا بس بتا رہا ہو کہ تم اسکو اپنے جیسا بنا لیتے یا پھر خود اسکے جیسے بن جاتے اور میں تمہارا دوست ہو میں بھی میریڈ ہو مگر میں نے تو بیلا کو اپنے جیسا بنا لیا تھا پھر تم کیوں نہیں اسکو ویمپائر بنا لیتے

چارلی نے کالر آزاد کرواتے کہا مائکل خود برینڈا کو ویمپائر نہیں بنانا چاہتا تھا اس لیے آج تک بلڈ نہیں پیا

جاؤ یہاں سے ابھی نکلو

واپس بیڈ پر آ کر بیٹھتے اسنے غصے سے کہا

نہیں جاؤ گا دوست ہو میرے کیسے چھوڑ کر چلا جاؤ

تو اپنی زبان بند کر رکھو

اسنے ابھی اتنا ہی کہا تھا جب بیلا کی چیخ سنی چارلی فوراً سے باہر بھاگا مائکل سے تو چلنے کی ہمت نہیں تھی

چارلی تم بھی یہاں پر ہو میرے بیٹے کا کیا حال ہے سنا ہے کہ بیمار پڑا ہے

نیچے ہال پر نظر گئی جہاں پر سینو اور جے کھڑا تھا سینو نے بیلا کا گلا دباتے اسکو ہوا کی رفتار سے دور دیوار پر پھینک دیا جبکہ اب رخ برینڈا کی طرف تھا چارلی نے بھاگ کر بیلا کو سمبھالا جس کو شدید خراشے آ گئی تھی

ہائے برینڈا کیسی ہو

برینڈا کی طرف رخ کرتی وہ شیطانی مسکراہٹ مسکرائی جبکہ ہاتھ میں لوہے کا سریا تھا جسکی نوک شدید تیز نظر آتی تھی برینڈا نے خوف سے وہاں سے بھاگنا چاہا مگر صوفہ ہونے کی وجہ سے وہ اسے لگتی نیچے گری

سوری ڈیئر برینڈا تم مجھے بلکل اچھی نہیں لگتی

جے اسکی بات پر مسکرایا تھا اسنے نوٹ کیا کہ مائکل اوپر سیڑھیوں پر کھڑا یہ سب دیکھ رہا تھا سینو نے اس سر یے کو تیز رفتار سے برینڈا میں گھسانا چاہا مگر تبھی مائکل برینڈا کے سامنے آتے جھکا تھا صوفے کے گرد ہاتھ رکھتا وہ اپنا سایا برینڈا پر کرتا ہے جسے وہ سریا مائکل کے دل سے گزرا جے نے اسکی رفتار چیک کی تھی ابھی وہاں پر وہ دیکھ رہا تھا مگر ابھی وہ یہاں پر

"مم مائکل ۔ ۔"

برینڈا کا دل بند ہونے کو تھا مائکل کے سینے سے پار اس چیز کو دیکھ چارلی نے سینو کو مسکراتے دیکھ ایک ہی پل میں اسکو گردن سے پکڑ کر نیچے زمین پر پٹکا

ما ۔ ۔ مائکل ۔ یہ ۔

منہ سے خون باہر کو نکلا تھا اسنے اپنے اندر سے گزرے اس لوہے کو کھینچا ہی تھا کہ جے کی رفتار نوٹ کرتے وہ ایک ہی پل میں وہی لوہا اسکے دل سے گزارتے دیوار پر لے جاتے لٹکا دیتا ہے جے نے ایک نظر مائکل کو دیکھا تھا اور ایک اپنے سینے سے گزرے لوہے کو وہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ مائکل ایسا کرے گا

چارلی کو زور سے دھکہ دیتی وہ دور گراتی ہے جے کو دیکھتے اسنے اب برینڈا کو مار کر ہی چین لینا چاہا وہ پھر سے برینڈا کی طرف بڑھی تھی

میں تمہاری جان لے کر رہوگی چاہے کچھ بھی ہو جائے

بریندڑا صرف مائکل کو دیکھتی رہی وہ اٹھ کر اسکی طرف جانے والی تھی جب سینو نے کھینچ کر تھپڑ مارا

مائکل سب برداشت کر سکتا تھا مگر کوئی اسکی پاگل بلی کو ہرٹ کرتا وہ کیسے برداشت کرتا

چھوڑو۔مجھے۔ مائکل۔

جلدی سے سینو کے پاؤ پر ہٹ کرتی وہ ہڑبڑی میں نیچے جا گری تھی مائکل نے وہاں پر شیشے کے ٹیبل کے اپر پڑا شیشہ اٹھاتے یک دم دے مارتے اسکی گردن کو الگ کیا تھا جبکہ اب خود ہمت نہیں رہی تھی اور وہ پھر سے نیچے جا گرا

چارلی نے بیلا کے پاس جاتے اسکو سہارا دیتے حوش میں لانا چاہا جبکہ بریندڑا بھاگتی مائکل کے پاس آئی

مم ما۔ مائکل۔

وہ بھاگتی اسکے پاس آئی اسنے فوراً سے مائکل کا سر اپنی گود میں رکھا پورے کپڑے خون سے بھرے پڑے تھے

پلیزززمجھے چھوڑ۔ چھوڑ۔ کر مت جاؤ

وہ چیختے رو رہی تھی مگر مائکل اسکو دیکھتا مسکرا رہا تھا کتنا درد ہوتا ہے جب کوئی درد میں مسکرائے

پاگل بلی۔۔۔

وہ یہی لفظ بولا تھا جب ہاتھوں کی انگلیاں زرہ بننا شروع ہوئی

جھوٹے۔۔۔۔جھوٹے ہو تم۔۔۔۔جھوٹ بولتے ہو۔۔۔

برینڈا کے آنسو مائکل کے چہرے پر گرے تھے جن میں چند ہونٹوں پر بھی

تم میرا انتظار کرنا

مائکل نے ہاتھ پکڑ دل پر رکھتے کہا دل بلکل بند تھا بے جان ہاتھ زرہ بنا شروع ہوا مائکل کیسے اپنی پاگل بلی کو ہرٹ کر سکتا تھا برینڈا کا دل کیا کہ خود مر جائے وہ کیسے اسکو انتظار کا کہہ رہا تھا

میں نہیں کروگی تمہارا انتظار اپنے کرش والے کے ساتھ رہوگی اگر تم مجھے چھوڑ کر چلے گے

ایک آخری مسکراہٹ مائکل کے چہرے پر بکھری برینڈا کا زرا احساس نہیں تھا اس کو وہ تو روتے بھی مسکرا رہی تھی

پلیز زمت جاؤ میں مر جاؤگی

مائکل کی شرٹ کو مٹھی میں تھامتے برینڈا نے کہا

آئی لو یو آلویز مائے پاگل بلی

وہ مکمل راکھ بنا تھا اپنی محبت کی پناہ میں ہو کر بھی

بیلا نے مائکل کے وجود کو زرہ بنتے ہوا میں ہوا ہوتے دیکھ منہ پر ہاتھ رکھا جبکہ چارلی نے اسکو ہگ کیا تاکہ وہ ڈرے نا مگر برینڈا کا کیا ہوتا وہ کیسے سب برداشت کرتی اسکو کون سہارا دیتا وہ کیسے رہتی
نہیںںںں۔۔
اسکی چیخ اس گھر کی چھت کو عبور کرتی ہوا میں پھیلی

"دو مہینوں بعد"

چاروں طرف تیز بارش تھی ہر کوئی چھتری لیے بھاگ رہا تھا کئی گاڑیاں اس پل پر رواں تھی بارش کی وجہ سے آسمان بھی سیاہ تھا وہ شیشے کے بلاک کو تھامتی مسلسل نیچے چلتے سمندر کے پانی کو دیکھ رہی تھی ہوا اسکے وجود سے ٹکراتی گزرتی
ہاتھ پھسلنے لگا تھا پکڑ سے بارش نے اس کو مکمل بھیگو دیا بارش کی بوندوں میں اسکے آنسو چھپ سے گے تھے اسنے دل پر ضرب لگائی اور ہاتھ کو شیشے کے بلاک سے آزاد کیا اور وہ اس سمندر میں جا گری تھی آنکھیں ابھی تک بند تھی پانی میں ہونے کی وجہ سے منہ سے بلبلے بنتے کپڑے ہوا کی طرح کھولے اور تنگ ہو جاتے پانی کے بہاؤ کی وجہ سے اسنے آہستہ سے آنکھیں کھولیں تو سامنے سے آتے شخص کو دیکھ حیران ہوئی

وہ کوئی اور نہیں مائکل تھا بلیک پینٹ شرٹ پہنی ہوئی تھی آگے بڑھنے کی وجہ سے بال پانی میں ملتے وہ اسکے قریب آیا تھا دونوں پانی میں ڈوبے تھے پہلے پہل تو آنکھو کو یقیں نہیں آ رہا تھا وہ بس اس شخص کو دیکھے جا رہی تھی

اسنے پاس آتے برینڈا کو کمر سے پکڑ کر قریب کیا وہ بس اسکو دیکھے جا رہی تھی مائکل نے دونوں ہاتھوں سے اسکے گال کو تھاما اور مزید قریب تر ہوتے ہونٹوں کو قید کیا وہ اسکا ہاتھ اپنے دل پر رکھتا ہے برینڈا نے محسوس کیا بلکل انسانوں جیسا دل دھڑک رہا تھا اسکا مطلب وہ برینڈا جیسا بن گیا تھا برینڈا نے اسی پل اسکو دھکہ دیا اور ایک تھپڑ دے مارا مائکل کے چہرے کا رخ دوسری طرف ہوا

پھر سے بلبلے بنے لگے وہ کچھ کہہ بھی نہیں سکتی تھی مائکل نے اسکو دیکھا ہی تھا جب برینڈا نے پل بھر میں مائکل کے چہرے کو تھام کر فاصلے مٹاتے ہونٹوں کو چھوا دونوں نے آنکھیں بند کر ہر لمحہ محسوس کیا اوپر پل سے آتی لائٹس کی روشنی ان دونوں کے ارد گرد گزر رہی تھی کیونکہ لوگوں نے برینڈا کو ڈوبتے دیکھ لیا تھا اس لیے ڈھونڈ رہے تھے مائکل اور برینڈا کا ہر لمحہ اب وقت کے ساتھ گزرنے پر انکو مزید قریب کرتا تھا اب اصل زندگیاں شروع ہوئی تھی اور پھر سب ٹھیک ہو جانے پر وقت تھم گیا

ختم شد